Barni 2016 by Sarfraz Shah - issuu

https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

کاروبار، ملازمت، ترقی، کامیابی، عزت و وقار، آمدن اور صحت کے لئے راہِ عمل

جرنی تقویم ۲۰۱۶ء

زندگی کے طویل راستے پہ مقدر کے عظیم ہاتھ کی گرفت
آئندہ سال کیا کرنے والی ہے، ایک علمی امداد

ازافادات
حارث عثمانی

قیمت: ۲۰۰ روپے

اوراق پبلشرز

کاروبار، ملازمت، ترقی، کامیابی، عزت ووقار، آمدن اور صحت کے لئے راہِ عمل

جنتری تقویم ۲۰۱۶ء

زندگی کے طویل راستے پہ مقدّر کے عظیم ہاتھ کی گرفت
آئندہ سال کیا کرنے والی ہے، ایک علمی امداد

ازافادات
حارث عثمانی

قیمت: ۲۰۰ روپے

اوراق پبلشرز

Naqeebi Sahab

Scanned by CamScanner

سب سے قدیم رسالہ جو ۱۹۳۲ء میں جاری ہوا

روحانی دنیا

انسان کی پوشیدہ قوتیں اور موجوداتِ عالم کا اثر نفسیاتِ انسانی پر

گھریلو حالات قرضہ امراض، کاروبار، روپے کی بے برکتی، ملازمت، ترقی، اولاد، امتحان کی مشکلات، شادی بیاہ، ناچاقیاں، نااتفاقیاں اور ان سے متعلقہ مصائب و دکھ جن کے لئے آپ بہت کچھ سوچنے اور کرنے کے باوجود چھٹکارا حاصل نہیں کر سکے۔ بذریعہ علم مشورہ حاصل کر سکتے ہیں اور ان کے اسباب و وجوہات معلوم کر کے ان کا تدارک کر سکتے ہیں۔

- علوم روحانی ■ روحانیات ■ تصوف ■ علم جفر
- علم نجوم ■ علم الرمل ■ علم الید ■ علم النفس
- علم قیافہ ■ علم الخواب ■ نقوش
- دینی اور طبی معلومات ■ عملیات کے راز اور ان کے اثرات

آپ علم دوستی اور رسالہ کی غرض و غایت کو مدنظر رکھ کر خریدار بننا پسند کریں گے۔ رسالہ نمونہ مفت طلب کریں۔

رسالہ روحانی دنیا، ابراہیم مارکیٹ، پی آئی بی کالونی، کراچی
فون: 021-34949944
website:www.ruhanidunya.com
Email:ruhanidunya@yahoo.com

برنی تقویم

۲۰۱۶ء

گردش فلک اور رفتار سیارگان کے موجوداتِ عالم پر، اثرات اور مروجہ سنین کی تاریخیں

❋

ازافادات

حارث عثمانی البرنی

بیادگار حضرت کاش البرنی ؒ

ایڈیٹر 8 رسالہ روحانی دنیا، کراچی

ناشر: اوراق پبلشرز، کراچی نمبر ۵

قیمت: -/۲۰۰ روپے

Scanned by CamScanner

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝

فرمانِ خداوندی

وَسَخَّرَ لَكُمُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۖ وَالنُّجُومُ
مُسَخَّرَاتٌ بِأَمْرِهِ ۗ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يَعْقِلُونَ ۝

(سورہ النحل۔ آیت ۱۲)

ہم نے تمہارے لیے رات اور دن، سورج اور چاند اور جملہ کواکب کو خاص احکام سرانجام دینے کا حکم دیا ہے۔ درحقیقت عقل مند لوگوں کیلئے اس میں نشانیاں ہیں:

فرمودۂ اقبال،

علم اسماء اعتبارِ آدم است
حکمت اشیاء حصارِ آدم است،
جستجو را محکم از تدبیر کن،
انفس و آفاق را تسخیر کن،

جنتری تقویم ۲۰۱۶ء کے جملہ حقوق بحق مصنف محفوظ ہیں
مضامین کو نقل و تحریف کرنے والوں کے خلاف قانونی چارہ جوئی کی جائے گی

نام	تاریخ پیدائش - وقت اور مقام	برج	ستارہ

Scanned by CamScanner

اعداد کی حیرت انگیز مخفی قوتوں کا انکشاف

عددوں کی حکومت

حصہ اول

اس کتاب میں اعداد کی سائنس کے حیرت انگیز نتائج بیان کئے گئے ہیں- ہر شخص اپنی تاریخ پیدائش کے عدد نام کے عدد اور دیگر مختلف اعداد کے ماتحت کام کرتا رہتا ہے- یہ نمبر اس کی قسمت، قوت عمل، کام، کاروبار اور تمام دنیادی کاموں میں کیسے دخل انداز ہوتے ہیں؟ کیسے مدد کرتے ہیں؟ ان کو مفصل طریقے سے بیان کیا گیا ہے- استخراج آسان ہیں- حکم لگانا آسان ہے اور تجربہ کرنا آسان ہے- اس میں سات باب ہیں-

پہلا باب — اعداد اور کواکب

دوسرا باب — عدد ذات

تیسرا باب — اعداد کے تعلقات

چوتھا باب — آپ کی زندگی کے مخصوص نمبر

پانچواں باب — اعداد سے جواب برآمد کرنا

چھٹا باب — مستقبل کے حالات معلوم کرنا

ساتواں باب — اعداد کے اسرار

موافق رنگ، موافق ادویات، موافق جگہ، موافق نمبر، موافق لوگ معلوم کرنا، ملکی نتائج، مقاموں کے نتائج، مقابلہ کے نتائج، قیمتوں کے نتائج، شیئرز کے نتائج، ریس کے نتائج وغیرہ معلوم کرنا- ستر عنوانات میں ایسی کارآمد معلومات دی گئی ہیں- جو زندگی کے ہر شعبہ میں رہنمائی کرتی ہیں- کم تعلیم یافتہ آدمی بھی پورا فائدہ اٹھا سکتا ہے-

قیمت =/۴۵۰ روپے

علاوہ محصولڈاک =/۵۰ روپے علاوہ

اوراق پبلشرز اینڈ پرنٹرز کراچی

Scanned by CamScanner

ابتداء

موجودہ سائنس کے دور میں یہ بات پایہ ثبوت تک پہنچ چکی ہے کہ ستاروں کے اثرات سے اہلِ عالم اور خود عالم موجودات اپنی اپنی حالت اور نوعیت پر متاثر ہوتے ہیں۔ زمانے کے انقلابات، سمندر کے مدوجزر نباتات کی روئیدگی، موسموں کی تبدیلیاں، طوفان بادوباراں، تغیرات زمانہ، جنگ و امن، انسان وحیوان کا تغیر مزاجی وغیرہ۔ امورات نظام عالم محض کواکب کے صعود و ہبوط پر منحصر ہیں۔ جہازوں کا سفر، تاریخوں کا شمار اطراف کا علم، فضا اور خلاء کے تجربات بدونِ علم سیارگان کی رہنمائی کے ممکن ہی نہیں۔

علم نجوم غیب کا علم نہیں۔ بلکہ یہ ایک حساب ہے۔ وہ حساب جس پر کائنات کی تقویم خود پروردگار عالم نے تیار کی ہے۔ اس حساب سے روزانہ عام گھریلو زندگی اور کاروباری زندگی میں یہ فائدہ ہوتا ہے کہ ہم آئندہ سے خبردار ہو کر اچھے وقتوں سے فائدہ اٹھائیں۔ اور نحس اور ناموافق حالات کیلئے صحیح تدابیر اختیار کر کے بہتر طور پر زندگی گزار سکیں۔ اس امر کیلئے تقویم آپ کی بہتر رہنمائی کر سکے گی۔

برنی تقویم کے ممتاز ہونے کا ثبوت:

(۱) اس میں ہندوانہ حساب نہیں ہوتا۔
(۲) پاکستان کے اسٹینڈرڈ ٹائم کے لحاظ سے تیار کی جاتی ہے۔
(۳) استخراج یونانی حساب سے ہے جو اہلِ اسلام کے روحانی علوم جفر، عملیات اور نقوش کیلئے درست ہے۔
(۴) گھڑی پلوں کا متروکہ ٹائم نہیں دیا جاتا، بلکہ مروجہ ٹائم گھنٹے منٹوں کا دیا جاتا ہے۔
(۵) ہندوانہ اصطلاحات نہیں دی جاتیں۔
(۶) رفتار سیارگان کا مکمل حساب دیا جاتا ہے۔ برنی تقویم اس علم کی مکمل ضروریات ایک سال کیلئے مہیا کرتی ہے۔ آسان زبان میں تیار کی جاتی ہے۔ نظرات کی ایسی مکمل تفصیل دی جاتی ہے کہ جو روزانہ امور جاننے، زائچہ پڑھنے اور عملیات کے لئے کارآمد ہے۔ یہی وجہ ہے کہ یہ

تقویم تعلیم یافتہ طبقے میں روزبروز مقبول ہوتی جا رہی ہے۔

ہدایت:

اس تقویم کے تمام اوقات پاکستان کے مقامی اسٹینڈرڈ ٹائم کے مطابق ہیں۔ ان اوقات میں اپنے مقام کا وقفہ تفاوت وقت سے معلوم کر کے جمع یا تفریق کر دیا کریں تو وہ آپ کا مقامی وقت ہو جائے گا۔ بہتر ہوگا اگر آپ اپنے ہاں کا تفاوتِ وقت زبانی یاد کر لیں۔

حارث عثمانی البرنی

Scanned by CamScanner

تہوار و تعطیلات سال سنہ ۲۰۱۶ء

مہینہ	تاریخ		تہوار
جنوری	۱۴		عرس شاہ جمالؒ-لاہور
	۱۵		عرس مادھولال حسینؒ-لاہور
	۲۲		ختم گیارہویں شریف
فروری	۵	O	یوم یکجہتی کشمیر
مارچ	۲۳	O	یوم پاکستان
	۲۵		گڈ فرائی ڈے
	۲۷	·	ایسٹر سنڈے
	۲۷		میلہ شالامار باغ-لاہور
اپریل	یکم		یوم حضرت ابوبکر صدیقؓ
	۱۲		سمت بکرمی ۲۰۷۳ شروع
	۱۴		لیلۃ الرغائب
مئی	یکم		یوم مئی
	۵		معراج النبی ﷺ
	۲۳		شب برأت
	۲۶		عرس شہباز قلندر-سہون
جون	۷		روزے شروع
	۲۷	O	یوم حضرت علیؓ
جولائی	یکم		جمعۃ الوداع
	۳		لیلۃ القدر
	۶	O	عید الفطر
اگست	۱۴	O	یوم آزادی
ستمبر	۶		یوم دفاع
	۱۱	O	وفات قائداعظم
	۱۱	O	یوم الحج
	۱۲	O	عید الاضحیٰ
	۲۰		یوم حضرت عثمان غنیؓ
	۲۵		یوم حضرت عمر فاروقؓ
اکتوبر	۳		سال نو ۱۴۳۸ ہجری شروع
	۱۱	O	نویں محرم
	۱۲	O	عاشورہ
	۱۶		شہادت لیاقت علی خان
نومبر	۹		یوم پیدائش علامہ اقبال
	۱۵	O	عرس عبداللطیف بھٹائیؒ
	۲۰		عرس داتا صاحبؒ-لاہور
	۲۱		چہلم حسینی
	۲۳		آخری چہار شنبہ
دسمبر	۱۲	O	عید میلاد النبیؐ
	۱۷		عرس شاہ محمد غوثؒ-لاہور
	۲۵	O	پیدائش قائداعظمؒ
	۲۵	O	کرسمس
	۳۱		بینک ہالیڈے

O گول نشان پر ڈاکخانہ بند رہے گا-یوم اقبال پر سرکاری دفاتر میں تعطیل ہوگی-بینک کی تعطیل صرف بینکوں کے لئے ہوگی-

فرقہ وارانہ تعطیلات میں ہندوؤں کی ہولی، دسہرہ، دیوالی اور عیسائیوں کو گڈ فرائی ڈے، ایسٹر سنڈے اور کرسمس کی تعطیل ہوگی-دونوں عیدوں پر تین دن تعطیل ہوگی-

اسکولوں کی سالانہ تعطیلات جولائی اور اگست دو ماہ کی ہوتی ہیں-جن کی تاریخیں حکومت مقرر کرتی ہیں-

سول کورٹ کی تعطیلات ماہ جون میں ہوتی ہیں اور ہائی کورٹ جون اور جولائی میں بند رہتا ہے-اس کے علاوہ دسمبر کے آخری عشرے کی بھی تعطیلات ہوتی ہیں-عدالت کی تعطیلات چیف جسٹس مقرر کرتے ہیں-

Scanned by CamScanner

استخراج طالع

مسلمانوں میں ہندوؤں کی طرح علم نجوم کے ماتحت نام نہیں رکھے جاتے ہیں۔اس لئے انکے نام اور تاریخ پیدائش کے بروج میں فرق پڑتا ہے۔معتبر طریقہ تاریخ پیدائش سے برج معلوم کرنے کا ہے۔اگر یہ معلوم نہ ہوتو نام کے سرِحرف سے بروج معلوم کیا جاتا ہے۔کیونکہ بعض حروف بعض بروج کے اثرات سے متاثر ہوتے ہیں۔

مسلمانوں کے حروف تہجی اور ہندوؤں کے حروف تہجی میں فرق ہے۔اس لئے وہ نقشہ جو اس معلوم کرنے کا اہلِ ہند کا ہے۔مسلمانوں کو کام نہ دے گا۔مثلاً ف کو وہ پھ لکھتے ہیں۔مسلمانوں میں اعراب سے حروف کی آوازیں ہیں لیکن ہندوؤں میں اعراب نہیں۔ بلکہ اعراب کی جگہ مستقل حروف ہیں۔مثلاً مسلمانوں میں صرف ا ہے لیکن ہندوؤں میں الف کی متعدد آوازیں ہیں۔زبر کا الف برج حمل سے متعلق ہے اور زیر کا الف یعنی ای برج ثور سے متعلق ہے۔بعض مسلمان بھی جن کا نام (ا) سے شروع ہوتا ہے مثلاً ابراہیم۔وہ ثور برج سمجھتے ہیں۔جو غلط ہے۔زیر زبر سے کوئی تعلق نہیں۔لہٰذا حسبِ قول علمائے عرب وفارس حروف کی تقسیم حسبِ ذیل ہے۔آپ اپنے نام کے سرحرف سے برج ستارہ معلوم کریں اور اس سے کام لیں۔(بشرطیکہ تاریخ پیدائش یاد نہ ہو)

ستارہ	برج	حرف	ستارہ	برج	حرف
زہرہ	میزان	ر۔ت۔ط	مریخ	حمل	ا۔ ل۔ع۔ی
مریخ	عقرب	ظ۔ذ۔ض۔ز۔ن	زہرہ	ثور	ب۔واؤ
مشتری	قوس	ف	عطارد	جوزا	ق۔ک
زحل	جدی	ج ۔ خ ۔گ	قمر	سرطان	ح ۔ ہ
زحل،یورنس	دلو	س ۔ش ۔ص ۔ث	شمس	اسد	م
مشتری نپچون	حوت	د ۔ چ	عطارد	سنبلہ	پ ۔ غ

اگر آپ کو اپنی تاریخ پیدائش اور ماہ معلوم ہے تو اپنا متعلقہ برج اور ستارہ آنے والی جدول سے دیکھیں۔ دراصل یہی آپ کا **شمسی طالع** ہے۔

سورج ایک ماہ تک ایک برج میں قیام کرتا ہے۔جو شخص سورج کے جس برج کے قیام کے عرصے میں پیدا ہوگا۔وہ اس کا شمسی طالع ہوگا۔ذیل میں جو تاریخیں دی جاتی ہیں وہ قریباً ہر سال ایسے ہی رہتی ہیں اور وہ لوگ جو اس وقت پیدا ہوئے ہوں جبکہ سورج ایک برج سے دوسرے برج میں تحویل ہورہا ہوتو اس کو "تحویلی طالع" کہتے ہیں۔یہ شخص دونوں برج کی خاصیت کا مالک ہوگا اور حالات کے لحاظ سے دونوں برج اثر انداز ہوں گے۔

Scanned by CamScanner

اس تقویم میں ہر برج کے سالانہ حالات اور دیگر تفصیلات طالع شمسی کو مدِ نظر رکھ کر لکھے گئے ہیں۔اس لئے سب سے پہلے اپنا طالع معلوم کریں۔پھر تقویم سے آپ بخوبی کام لے سکیں گے۔

جدول طالع شمسی

ستارہ	برج	تاریخ
مریخ	حمل	۲۱ر مارچ تا ۲۰ر اپریل
زہرہ	ثور	۲۱ر اپریل تا ۲۱ر مئی
عطارد	جوزا	۲۲ر مئی تا ۲۱ر جون
قمر	سرطان	۲۲ر جون تا ۲۳ر جولائی
شمس	اسد	۲۴ر جولائی تا ۲۳ر اگست
عطارد	سنبلہ	۲۴ر اگست تا ۲۳ر ستمبر
زہرہ	میزان	۲۴ر ستمبر تا ۲۳ر اکتوبر
مریخ	عقرب	۲۴ر اکتوبر تا ۲۲ر نومبر
مشتری	قوس	۲۳ر نومبر تا ۲۲ر دسمبر
زحل	جدی	۲۳ر دسمبر تا ۲۰ر جنوری
زحل	دلو	۲۱ر جنوری تا ۱۹ر فروری
مشتری	حوت	۲۰ر فروری تا ۲۱ر مارچ

پیدائشی طالع ہر شخص کے طالع شمس کے علاوہ اس کا ایک پیدائشی وقت کا طالع بھی ہوتا ہے۔جسے ''طالع پیدائش'' کہتے ہیں۔کسی شخص کی پیدائش کے وقت جو برج افقِ شرقی پر طلوع کرتا ہے وہی ''برج طالع'' کہلاتا ہے۔زائچہ پیدائش اسی کے لحاظ سے بنتا ہے۔قدرت نے انسان کی قسمت اور زندگی کے حسابات اسی طالع سے مقرر کئے ہوئے ہیں۔اس طالع سے زندگی کا تفصیلی زائچہ بنتا ہے۔اس طالع کو معلوم کرنے کیلئے تسویۃ البیوت کی جدولیں ہیں۔

وہ لوگ جن کا زائچہ موجود ہے اور وہ لوگ جو طالع پیدائش معلوم کر سکتے ہیں۔اُن کو اپنے اس طالع سے حالات جاننا اور نجوم سے کام لینا بہت انسب ہے۔طالع شمسی اور طالع پیدائش دونوں کے اثرات انسان پر وارد ہوتے ہیں اس لئے دونوں طالعوں کا جائزہ لینا چاہئے کہ دونوں طالع میں سے کس کے حالات اور منسوبات آپ پر وارد ہوتے ہیں بس اسی کو مدِ نظر رکھ کر تقویم سے کام لیں۔

بچے کا نام رکھنا جب کوئی بچہ پیدا ہو تو اس کا طالع وقت نکالیں۔اور اسکے برج کے جو متعلقہ حروف ہیں ان میں سے ایک حرف سرنام کا لیکر ایسا نام انتخاب کریں جسکے مجموعہ کا مفرد عدد پیدائش کی تاریخ ماہ اور سن کے مفرد عدد کے مطابق ہو۔اگر دفتر سے نام مولود کا نکلوانا چاہیں تو ۱۵۰۰ روپے فیس ہمراہ روانہ کریں۔

Scanned by CamScanner

زندگی کے طویل راستے پر مقدر کے عظیم ہاتھ کی گرفت
آئندہ سال کیا کرنے والی ہے؟ ایک علمی امداد



یہ سال کیسا گزرے گا؟

- مالی حالات • کاروبار • ملازمت
- ترقی • کامیابی • آمدن
- عزووقار • صحت • دوست
- گھریلو حالات وغیرہ کے متعلق

ہر شخص کے تفصیلی حالات دیئے گئے ہیں

Scanned by CamScanner

حمل

2016 کے امکانات

والوں کے لئے جن کی پیدائش ۲۱ مارچ سے ۲۱ اپریل کے درمیان ہے یا

جن کے نام کا حرفِ اوّل ا ۔ ل ۔ ع ۔ ی ۔ ہے

اس سال آپ کے زائچے میں سب سے اہم پوزیشن مریخ و مشتری کی ہوگی۔ مشتری شروع سال سے ۹ ستمبر تک چھٹے گھر میں رہے گا۔ یہاں موجودگی کے دوران کام اور روزگار کے معاملات کی موافقت میں ہوگا۔ شروع جنوری کا وقت روزگار اور پیشہ وارانہ معاملات کے لحاظ سے سست روی کا شکار ہوگا۔ مشتری ۸ جنوری سے ۹ مئی تک رجعت کی حالت میں رہے گا۔

مشتری ۱۷ مارچ کو پلوٹو سے سعد نظر قائم کرے گا۔ جس سے ترقی کے امکانات میں اضافے کے زائد اور خوش قسمت مواقع میسر آنے کی نشاندہی ہورہی ہے۔ وہ لوگ جو یہ محسوس کرتے ہیں کہ کام کے موجودہ معاملات ان پر پابندیاں عائد کررہے ہیں۔ متبادل ملازمت کی تلاش کے لحاظ سے ستمبر کے بعد تبدیلی لا سکتے ہیں۔ ایسی ملازمت یا کام کی تلاش میں ہیں جہاں اپنی صلاحیتوں کو بہترین طریقے پر استعمال کرسکیں۔ ان تمام معاملات کے لئے ۶ اور ۱۰ فروری سعد تاریخیں ہیں۔ چنانچہ مارچ میں عملی معاملات پر دباؤ پڑے گا اور جولائی سے ستمبر تک آمدنی میں اضافے کے زائد مواقع میسر آئیں گے جس کی وجہ سے مالی حالت مستحکم ہوگی اور بہتری آئے گی۔ وہ لوگ جو ذاتی کام یا کاروبار شروع کرنا چاہتے ہیں ان کے لئے جولائی بہت موافق ثابت ہوگا۔ اس وقت کوئی بڑا کام یا منصوبہ مکمل ہوجائے گا۔ جس کی وجہ سے بھاری بوجھ سے نجات مل جائے گی۔ وہ لوگ جو فاضل وقت کی کسی دلچسپی سے پیشہ وارانہ بنیاد پر فائدہ اٹھانا چاہتے ہیں یا اپنی تخلیقی صلاحیتوں کو منوانا چاہتے ہیں ان کے لئے وسط ستمبر سے دسمبر تک کا وقت بہت خوش قسمت ثابت ہوگا۔ پیشہ وارانہ معاہدات کے لئے جنوری ۶، ۱۰ فروری، ۱۴ اپریل، ۳، ۱۰ مئی، ۲، ۸، ۱۰ جولائی، ۲۶، ۱۲ اکتوبر، ۲۲ نومبر، ۱۰ دسمبر موافق ثابت ہونگی۔

مشتری ۹ ستمبر کو طالع کے مقابل ساتویں گھر میں آجائے گا۔ جہاں وہ ایک سال کا عرصہ گزارے گا۔ اس گھر کا تعلق شادی اور کاروباری شراکتی معاملات سے ہے۔ کاروباری شراکت اور شریک زندگی سے متعلق مشتری کا اثر بہت واضح ہوگا۔ یہاں موجودگی کے دوران شریک زندگی، کاروباری شراکت دار اور وہ افراد جو آپ کی زندگی میں خصوصی اہمیت رکھتے ہیں ان کے ذریعے فائدہ پہنچے گا۔ اب زندگی میں حالات اور تبدیلیاں ایسی رونما ہوں گی جو اس سال کے ختم ہونے سے قبل عقل وفہم سے کام لینا شروع کریں گے اور فضول کے اخراجات پر قابو پائیں گے۔ بعض تجربات زیادہ عقلمند اور سمجھدار بنادیں گے۔ جس کے نتیجے میں دوستوں اور قریبی افراد کے ساتھ زیادہ بہتر روابط رکھ سکیں گے۔

۹ مارچ کو بارہویں گھر میں سورج گرہن لگے گا۔ جو آپ میں باطنی علوم تحفظ یا غیریقینی کی کیفیت میں اضافہ کردے گا یا پھر خارجی حالات کی وجہ سے یہ احساسات پیدا ہوں گے۔ یعنی کام کے طریقے میں تبدیلی یا زندگی سے کسی شخص کے نکل جانے کی وجہ سے ایسا ہوگا جو کچھ بھی ہوگا۔ اس کی وجہ سے آپ کو اپنی فطرت کے بعض منفی عناصر کا سامنا کرنے کا موقع ملے گا۔

زہرہ ۳۱ اگست کو ساتویں گھر میں داخل ہوگا اس دوران مشتری سے قران کریگا۔ ستارہ مشتری اس وقت شادی اور

Scanned by CamScanner

کاروباری شراکتی معاملات سے متعلقہ گھر میں ہوگا۔ چنانچہ وہ افراد جو شادی شدہ ہیں یا کاروباری شراکت رکھتے ہیں۔ انہیں جذباتی اور مادی لحاظ سے زائد سکون واطمینان سے واسطہ پڑے گا۔

زہرہ ۱۳ اگست سے ۲۴ ستمبر تک کا عرصہ محبت کے معاملات سے متعلقہ گھر میں گزارے گا۔ آخیر اگست سے شروع اکتوبر تک ان حملی افراد کے لئے خاص طور پر خوش قسمت ماہ ہوگا جن کی شادی ہونے والی ہے۔ کیونکہ اس وقت زہرہ اور مشتری کا امتزاج قریبی تعلقات کے لحاظ سے آئندہ زندگی کے خوشگوار ہونے کی نشاندہی کررہا ہے۔ اگر غیر شادی شدہ ہیں اور موزوں ساتھی کی تلاش میں ہیں تو اس وقت قسمت ساتھ دے گی۔ ۷ فروری' ۱۳ اپریل' ۷ جولائی' اور ۱۹ ستمبر کو محبت اور خوش بختی کا چولی دامن کا ساتھ ہوگا۔ زہرہ اور مریخ کی سعد نظر قائم ہوگی۔ مریخ ۲۸ ستمبر کو وتد السماء پر ہوگا لہذا یہ نظر محبت کے معاملات' کاروباری تعلق کے لحاظ سے اہمیت کی حامل ثابت ہوگی۔ اس وقت اگر کوئی شخص زندگی میں داخل ہوا تو زندگی پر اس کا گہرا اثر مرتب ہوگا۔ اکثر حملی افراد کے لئے اپریل' جون اور جولائی قریبی تعلقات کے لحاظ سے فیصلہ کن ماہ ہوگا۔ آپ کی ملاقات یا تو کسی انتہائی موزوں شخصیت سے ہوجائے گی یا آپ موجودہ تعلق ہی کو مستقل اور دیرپا بنانے کا فیصلہ کرلیں گے۔ اگست میں محبت کے معاملات کے لحاظ سے غیر یقینی صورتحال کا سامنا ہوگا۔ اس وقت رونما ہونے والے حالات یہ ضرور بتادیں گے کہ اپنے احساسات اور خیالات کا سنجیدگی سے جائزہ لیں۔

آپ کا حاکم ستارہ مریخ ۴ جنوری سے ۶ مارچ تک آٹھویں گھر میں رہے گا۔ مریخ ۷ مارچ کو برج قوس میں داخل ہوگا تو ۱۷ اپریل کو رجعت کرجائے گا اور ۲۹ مئی کو برج عقرب میں داخل ہوگا اور ۳۰ جون کو مستقیم ہوگا۔ ۳ اگست سے ۲۸ ستمبر تک برج قوس میں رہے گا۔

اس گھر میں مریخ کا قیام آپ کی زندگی اور شخصیت میں اہم تبدیلی لائے گا۔ مریخ کو ۱۷ اپریل سے ۳۰ جون تک رجعت رہے گی۔ چنانچہ بعض اوقات یہ احساس شدید ہوجائے گا کہ معاملات میں رکاوٹیں پیدا ہورہی ہیں یا پھر اپنے آپ کو جذباتی لحاظ سے یا بیرونی حالات کی وجہ سے پابند محسوس کریں گے۔ مالی مشکلات سے بھی واسطہ پڑے گا۔ جو مریخ کے مستقیم ہونے کے بعد دور ہونے لگیں گی۔ صورتحال جو بھی ہو جولائی میں رونما ہونے والے حالات زندگی کو با مقصد بنادیں گے۔ اس وقت مریخ اگست میں برج تبدیل کرے گا تو آپ کو زیادہ مہم جو بنادے گا۔ لہذا مستقبل کے متعلق زیادہ پر اعتماد ہوجائیں گے۔ مریخ برج قوس میں ۳ اگست کو داخل ہوگا جہاں زحل پہلے سے موجودہ ہے۔ مریخ ۲۲ اگست کو عطارد مشتری سے قران کرے گا۔ جس سے زائد نقل وحرکت اور مصروفیت کی نشاندہی ہورہی ہے۔ اس وقت رسل ورسائل اور خط وکتابت کی طرف فوری توجہ دینی ہوگی اس کا تعلق اگر کاروباری سرگرمیوں یا مستقبل کے منصوبوں سے ہے تو یقیناً مثبت حالات سے واسطہ پڑے گا۔ تاہم ضروری ہوگا کہ میسر آنے والے مواقع سے فوری فائدہ اٹھایا جائے۔

ستمبر کے آخر اور اکتوبر کے شروع کے سعد نظرات کاروباری ترقی میں اہم ثابت ہونگے۔ کیونکہ ایک طویل عرصے کی مسلسل کوششوں کے بعد اب اجر ملنے لگے گا۔ اس وقت دینوی مرتبے وحیثیت میں اضافے کی نشاندہی ہورہی ہے۔ وہ حملی افراد جو تخلیقی سرگرمیوں میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ اس وقت ان سے پیشہ وارانہ بنیادوں پر کام لے کر فائدہ حاصل کرسکیں گے۔ اکثر حملی جاہ طلب افراد کی زندگی میں اس وقت ایک نیا باقوت اثر داخل ہوگا۔ جو کسی نئے شخص کی صورت میں ہوگا یا کوئی نئی ملازمت یا نئی سرگرمی ہوگی۔ جو کچھ بھی ہوگا بہرحال اس کا مستقبل پر بہت خوشگوار اثر پڑے گا۔

زحل اس سال نویں خانہ میں رہے گا جو بیرون ملک کے سفر، مذہبی اور قانونی امور اور غیر ممالک کی تجارت سے متعلق ہے۔ زحل کا کام امور کی حد بندی کرنا اور ان کو اختتام تک پہنچانا ہوتا ہے۔ یہ ان لوگوں کے کاموں میں ترقی دے گا۔ جو تدریسی یا قانونی معاملات اور امپورٹ ایکسپورٹ سے متعلق ہیں۔ زحل کوششوں میں استحکام، کام کرنے کی صلاحیت، وفاداری اور سچے دوستوں کے ذریعہ کام کرنے کی بنا پر انعامات دے گا۔ سنجیدہ نوعیت کی خوشیاں دے گا اور طبع میں استقلال پیدا کرے گا۔ اس کے ساتھ ہی یہ جان لیں کہ یہ غیر ملک کا سفر واقع نہ ہونے دے گا۔ اور آنے والے سامان کے سلسلے میں التواء اور طوالت

مارچ سے ۱۲ اگست تک رجعت میں رہے گا اس وقت کام تسلی بخش نہ ہوں

Scanned by CamScanner

گے۔ بلکہ دباؤ اور بے چینی محسوس ہوگی۔ وہ لوگ جن کی تجارت غیر مما لک سے ہے۔ ان کو آئندہ چند سالوں میں فائدہ نہ ملے گا۔ زحل ۹ جنوری' ۶' ۱۵' ۲۵ مارچ' ۲۶ مئی' ۳' ۴' ۱۸' ۲۰ جون' ۶' ۱۳' ۲۴ اگست' ۲ ستمبر' ۳۰ اکتوبر' ۲۳ نومبر' ۱۰ دسمبر کو نحس نظرات بنائے گا۔

چنانچہ حملی افراد اب بنیادی طور پر ایسے دور میں داخل ہو رہے ہیں جو ذاتی لحاظ سے ترقی اور پختگی لائے گا۔ یہ وقت کردار کے فلسفیانہ یا روحانی پہلو کی بہتری کے لحاظ سے نئے خیالات کی تلاش کا متقاضی ہوگا۔ رونما ہونے والے حالات دنیا کو ایک نئی نظر سے دیکھنے کی ترغیب دیں گے جو ذہنی قوتوں کو سرگرم بنائیں گے اور معلومات میں اضافے کی ترغیب دیں گے۔ موجودہ کوابی صورتحال باطنی روحانی ترقی کے لحاظ سے وسعت کی نشاندہی کر رہی ہے۔ بعض اوقات اپنے آپ کو بہت بے چین محسوس کریں گے اور زندگی کو بامقصد بنانا چاہیں گے۔ اب اگر طرز زندگی میں تبدیلی لانے کا فیصلہ کیا تو آپ اور آپ کے قریبی افراد کے لئے بے حد مفید نتائج برآمد ہوں گے۔ ۳' ۲۵ فروری' ۳۰ مارچ' ۵' ۱۸ اپریل' ۱۹' ۲۰ جولائی' ۷ ستمبر' ۴' ۱۴ اکتوبر' ۳' ۲۵ دسمبر کی تاریخوں میں کیے گئے فیصلے اہم تبدیلیوں کا باعث بنیں گے۔

عطارد ۳ تاریخ کو گیارہویں میں داخل ہوگا۔ ۵ جنوری کو رجعت کر جائے گا۔ ۹ جنوری کو وتد السماء پر آ جائے گا اور ۲۶ جنوری کو مستقیم ہوگا۔ ۱۴ فروری کو گیارہویں گھر میں داخل ہوگا۔ لہٰذا اس وقت کیریئر اور ملازمت و ترقی کے معاملات کو بڑی آہستگی سے آگے بڑھانا بہتر رہے گا۔

عطارد ۱۴ فروری سے ۶ مارچ تک گیارہویں گھر میں رہے گا۔ یہاں عطارد یورنس سے تسدیس' مشتری سے تثلیث کی نظر قائم کرے گا۔ اس ماہ بے شمار امیدیں اور خواہشات پوری ہو جائیں گی۔ رابطے' درخواستیں اور تعلیمی امور کے معاملات آسانی سے مکمل ہو جائیں گی۔ ۲۳ مارچ سے ۶ اپریل تک طالع میں قیام کے دوران زحل سے تثلیث بنائے گا جس سے آپ کو کیریئر میں ترقی کے بہتر مواقع حاصل ہونگے۔ عطارد ۶ اپریل سے خانہ مال میں ہوگا۔ ۱۴ اپریل کو مشتری سے تثلیث بنائے گا اور یہاں اسے ۲۸ اپریل سے ۲۲ مئی تک رجعت رہے گی۔ یہ وقت مالی اور تجارتی سرگرمیوں کے لحاظ سے ازسرنو سوچ کا متقاضی ہوگا۔ کسی بھی نئے کام کو اس کے تمام پہلوؤں پر غور کئے بغیر آگے بڑھانا ٹھیک نہیں ہوگا۔ مالی اور کاروباری معاملات کے لحاظ سے ۹' ۱۴' ۲۶ مئی کو خاص طور پر محتاط رہیں۔

عطارد ۱۵ سے ۳۱ جولائی تک پانچویں گھر میں رہے گا۔ یہ وقت تبادلہ خیالات اور معلومات کے حصول کے لحاظ سے موافق ثابت ہوگا۔ جولائی کے آخر میں عطارد زحل و زہرہ اور یورنس سے موافق نظر قائم کرے گا۔ اس وقت حالات کسی خوشی کا پیغام دیں گے۔ کوئی لاٹری یا بانڈز میں سے انعام نکل سکتا ہے۔ ۶ اگست کو عطارد کی زحل سے تربیع اور ۲۲ کو مشتری سے قران کرے گا۔ یہ وقت کام کے معمولات کے لحاظ سے ناگزیر تاخیر یا انتشار لائے گا۔ اس وقت زندگی میں ٹھہراؤ آ جائے گا۔ حالات کو اپنے حال پر چھوڑ دیں اور بے صبری سے پرہیز کریں۔ روپیہ کمانے کا کوئی بھی ذریعہ نفع بخش ثابت نہ ہوگا اور کاروبار کو وسعت دینے کے لئے نئے راستوں کی تلاش کے لحاظ سے بھی کچھ مشکلات پیش آئیں گی۔ اس وقت تلخ کلامی سے پرہیز کرنا بہت ضروری ہوگا۔ عطارد کو ۳۰ اگست سے ۲۲ ستمبر کے دوران رجعت رہے گی۔

عطارد ۱۸ اکتوبر کو طالع کے مقابل گھر میں داخل ہوگا۔ ۱۶ اکتوبر کو مریخ مشتری کی تربیع اور ۱۱ کو عطارد مشتری کا قران اور ۱۴ کو عطارد مریخ کی تربیع ہوگی۔ رشتہ داروں سے تعلقات بری طرح متاثر ہونگے۔ شراکت داری کے امور میں کوئی غلط فہمی بڑے جھگڑے کا باعث بن سکتی ہے۔ اس دوران لوگوں کا تعاون حاصل نہ ہو سکے گا۔ کام کے معمولات میں تبدیلی لانی پڑے گی۔ صرف فوری توجہ کے حامل کاموں پر توجہ دیں۔ اگر کسی موزوں ملازمت کی تلاش میں ہیں تو ۱۵' ۲۲' ۲۶ نومبر کے سعد نظرات کی وجہ سے اس وقت معمولی نوعیت کی رکاوٹیں اور مایوسیاں دور ہو جائیں گی۔ لہٰذا موزوں مواقع ضرور میسر آئیں گے اور کوششوں کا اجر ملے گا۔ عطارد ۳ دسمبر کو وتد السماء پر داخل ہوگا اور عطارد نیپچون کی تسدیس ہوگی اس دن کے قریب قریب ملنے والی خبریں موجودہ کیریئر یا پیشہ وارانہ معاملات سے متعلق آپ کی حوصلہ افزائی کریں گی۔ ان خبروں کے نتیجے میں نئے کام کو بھی شروع کر سکیں گے۔ یا پھر اس سال کے آخر

[illegible] ہوں گے۔

Scanned by CamScanner

ثور

2016 کے امکانات

والوں کے لئے جن کی پیدائش اپریل ۲۲ سے ۲۰ مئی کے درمیان ہے یا

جن کے نام کا حرفِ اوّل ب یا و ہے

آپ کا حاکم ستارہ زہرہ سال کے آغاز کے ساتھ ہی نویں گھر میں موجود ہوگا اور ۱۸ فروری کو وتد السماء پر موجود ہو
گا' جہاں یہ کیریئر اور جاہ طلبی اور ترقی کے معاملات میں تیزی پیدا کرے گا۔ ۱۳ مارچ سے ۱۶ اپریل تک دوستی اور محبت کے
معاملات پر خوشگوار اثر ڈالے گا۔

زہرہ یکم مئی کو طالع میں داخل ہوگا۔ اس کے بعد محبت کے معاملات میں بہتری آنے لگے گی۔ شمس بھی طالع میں
موجود ہوگا اور شمس مشتری اور زہرہ مشتری کی تثلیث سے ان دنوں سوشل زندگی ہم خیال افراد کو زندگی میں لائے گی۔
مشکلات سے چھٹکارا پانے کے لئے لوگ آپ کی مدد اور مشورے کے خواہاں ہوں گے۔ رونما ہونے والے حالات کو آپ
خود بھی سکون اور ٹھنڈے دل سے قبول کرنے لگیں گے۔ زہرہ ۲۲' ۲۵ مئی' ۳' ۴' ۵' ۷' جون کو نحس نظرات قائم کرے گا۔ یہ
نظرات محبت کے معاملات کے لحاظ سے غیر متوقع حالات کی نشاندہی کر رہے ہیں۔

شروع جولائی میں زہرہ اور مشتری کی باقوت نظر خاص طور پر ذاتی قریبی تعلقات کی موافقت میں ہوگی۔ لہٰذا اس
وقت قائم ہونے والے تعلقات شدید جذباتی نوعیت کے ہوں گے۔ مگر ضروری ہوگا کہ حاکمانہ رویہ اختیار کرنے سے پرہیز
کیا جائے۔ ۷' ۱۳' ۱۴' ۲۸ اگست کو زہرہ محبت سے متعلقہ گھر میں ناموافق نظرات بنائے گا جس سے شراکتی و دوستی کے
معاملات متاثر ہو سکتے ہیں۔ ۱۹ ستمبر اور ۲۶ اکتوبر منگنی یا شادی کرنے یا اس مقصد کے لیے یقینی منصوبہ بندی کے لحاظ سے
بہت موافق ثابت ہوگی۔ ۱۶ اکتوبر کو زہرہ اور پلوٹو کی تسدیس محبت کے معاملات میں جذباتیت اور شدت پیدا کرے گی۔
اس وقت کسی ایسی شخصیت سے ملاقات کا امکان ہے جو زندگی کو تبدیل کر دے گا۔ دراصل قسمت اس وقت پراسرار انداز
میں کام کرے گی۔ تاہم پلوٹو عموماً غلط راہ پر ڈال دیتا ہے۔ لہٰذا اگر ذاتی قریبی تعلقات کو بگاڑنا نہیں چاہتے تو محتاط رہنا ہوگا۔

کوائبی صورتحال اس بات کی نشاندہی کر رہی ہے کہ جنوری سے اگست تک کا وقت دنیوی مقاصد اور تخلیقی سرگرمیوں
کے لحاظ سے ترقی اور وسعت لائے گا۔ کیونکہ سعد ستارہ مشتری شروع سال سے ۹ ستمبر تک محبت کے معاملات' آرٹسٹک اور
تخلیقی سرگرمیوں سے متعلقہ پانچویں گھر میں رہے گا۔ یہاں موجودگی کے دوران طالع کی موافقت میں ہوگا۔ لہٰذا مستقبل
قریب میں جو کچھ بھی حاصل کرنا چاہ رہے ہیں اس کے حصول کے لئے کامیابی کی توقع رکھیں۔

شادی شدہ افراد کے لئے جذباتی اور مادی لحاظ سے سکون اور خوش بختی آئے گی۔ وہ لوگ جن کی شادی ہونے والی
ہے انہیں بھی خوش بختی سے واسطہ پڑے گا۔ اگر مالی رکاوٹوں کی وجہ سے اب تک شادی نہیں ہو سکی ہے تو اب یہ رکاوٹ دور
ہو جائے گی۔ مشتری کی موجودہ پوزیشن کاروباری شراکتی معاملات کے لحاظ سے بھی خوش بختی لائے گی اس بات کی نشاندہی
ہو رہی ہے کہ ثور سے متعلقہ اکثر کاروباری افراد مستقبل قریب میں ایک یا زیادہ فائدہ مند شراکتیں قائم کریں گے۔ ۱۰ فروری
کو زہرہ مشتری کی تثلیث ہوگی۔ لہٰذا محبت کے معاملات' انعامی اسکیم' بانڈز' کرنسی یا سرمایہ کاری کے لحاظ سے ہر چیز
امیدوں اور توقعات پر پوری اترے گی۔ وسط اگست تک کسی شخص سے اتفاقیہ ملاقات آپ پر گہرا اثر ڈالے گی۔

Scanned by CamScanner

ثور سے متعلقہ اکثر غیر شادی شدہ افراد کی اپنے ہونے والے شریک زندگی سے ملاقات ہو جائے گی۔

مشتری کو شروع سال ۸ جنوری سے ۹ مئی تک رجعت رہے گی۔ چنانچہ حالات میں تبدیلی آئے گی لیکن حالات جو رخ بھی اختیار کریں گے اس میں احتیاط لازمی ہے۔ اپنے مرتبے وحیثیت اور مالی بہتری کے لیے کسی بھی غیر ذمہ داری کا ثبوت نہ دیں۔ ۱۸ جنوری' ۸' ۱۵' ۲۳' ۲۵ مارچ' ۴' ۵' ۲۳ جون' ۲۲' ۲۸ اگست' ۲۶ ستمبر' ۶' ۱۱ اکتوبر' ۲۵ نومبر کی تاریخیں غیر موافق ثابت ہونگی۔ کوئی بھی ایسا کام جس کے لئے ہنرمندی' قوت متخیلہ اور لیڈر شپ کی ضرورت ہو ان تاریخوں میں ان معاملات میں احتیاط کریں۔

مشتری ۱۷ مارچ کو پلوٹو سے سعد نظر قائم کرے گا۔ مشتری خوش بختی کا ستارہ ہے اور طالع کی موافقت میں ہے۔ لہذا زندگی کا کوئی بھی معاملہ جو آپ کے نزدیک بہت اہمیت رکھتا ہے۔ اس کے متعلق کوئی شاندار موقع ملے گا۔ وہ افراد جو کاروباری یا آرٹسٹک سرگرمیوں کو وسعت دینا اور آگے بڑھانا چاہتے ہیں۔ انہیں کوئی خوش قسمت موقع میسر آئے گا۔

مشتری ۹ ستمبر سے روزگار' ملازمت اور صحت کے امور سے متعلقہ چھٹے گھر میں داخل ہوگا۔ جہاں وہ ایک سال کا عرصہ گزارے گا۔ مشتری وسعت' ترقی اور کامیابی کے مواقع لاتا ہے۔ چنانچہ آنے والے مہینوں میں کام کی صورتحال میں بہت بہتری آئے گی۔ امکان ہے کہ موجودہ ملازمت سے متعلق اپنے آپ کو زیادہ مطمئن محسوس کرنے لگیں گے یا پھر زیادہ بہتر ملازمت تلاش کرنا چاہیں گے۔ اگر ایسا ہوا تو آپ کی کوششیں کامیاب رہیں گی۔ ثور سے متعلقہ اکثر افراد کو بہت جلد مرضی کے مطابق ملازمت مل جائے گی۔ لہذا باہر نکلیں اور جو کام کرنا چاہتے ہیں اس کے لئے کوشش کریں۔ ان معاملات کے لحاظ سے ۱۴ جنوری' ۶' ۱۰ فروری' ۱۴ اپریل' ۳' ۱۰ مئی' ۲' ۸' ۱۰ جولائی' ۲۶ اکتوبر' ۲۲ نومبر' ۱۰ دسمبر موافق ثابت ہونگی۔ ان دنوں کوششوں کے آغاز کے لئے تیار رہیں اور حوصلے بلند رکھیں۔

عطارد ۱۳ سے ۲۹ جون تک خانہ مال میں رہے گا۔ آمدنی میں اضافے کے لئے مختلف مواقع کی تلاش کے لحاظ سے یہ وقت موافق ثابت ہوگا۔ اگر آپ موقع کی تلاش میں رہے اور محنت کرنے سے نہ ڈرے تو آمدنی میں اضافے کے لئے نیا کام شروع کر سکیں گے۔ وہ کاروباری افراد جو آنے والے مہینوں میں اپنی سرگرمیوں میں تبدیلی لانا چاہتے ہیں کو اکب ان کی موافقت میں ہوں گے۔ عطارد ۵ سے ۲۶ جنوری تک رجعت میں رہے گا۔ ان دنوں دوستی اور رشتہ داری کے معاملات میں احتیاط رکھیں' غیر ذمہ دارانہ رویہ کی وجہ سے بہت سی امیدیں اور خواہشات دم توڑ دیں گی۔ عطارد طالع میں ۱۶ اپریل کو داخل ہوگا یہاں اسے ۲۸ اپریل سے ۲۲ مئی تک رجعت رہے گی۔ جس سے دھوکہ وفریب کی نشاندہی ہو رہی ہے۔ اس وقت پرانی اشیاء نہ خریدیں اور نہ ہی مشکوک مالی اسکیموں میں شامل ہوں۔

عطارد ۳۱ جولائی کو مشتری کے ساتھ پانچویں گھر میں ہوگا۔ عطارد مشتری کے ساتھ سعد نظرات قائم کرے گا۔ اس وقت فاضل اوقات کے مشاغل پر دباؤ پڑے گا۔ کسی مشغلے کو آمدنی کا ذریعہ بنانے کی نشاندہی ہو رہی ہے۔ اس وقت اگر کسی شخص کی شراکت میں کام کرنے کا موقع ملے تو اس سے ضرور فائدہ اٹھائیں۔ دراصل آمدنی میں اضافے کے لئے نئے ذرائع کی تلاش موافق ثابت ہوگی۔ چنانچہ اپنی صلاحیتوں اور ذہانت کو کسی نفع بخش کام میں استعمال کرنے کے متعلق سنجیدگی سے سوچیں۔ کیونکہ اب کسی بھی تخلیقی صلاحیت کے ذریعے روپیہ کمانے کا موقع ملے گا۔ ایسی صلاحیتوں کی بنیاد پر ہی اب خود مختار طرز زندگی اختیار کرنا آپ کے ہاتھ میں ہوگا۔ عطارد ۶' ۲۵' ۲۷ فروری' ۱۳' ۲۵' ۳۰ مارچ' ۱۲' ۱۴' ۱۷ اپریل' ۵' ۸' ۱۱' ۱۹' ۲۷ جولائی' ۱۱ اگست' ۲۳ ستمبر' ۱۴' ۳۰ اکتوبر' ۱۵' ۲۲' ۲۶ نومبر کو سعد نظرات بنائے گا۔

پانچویں گھر میں عطارد ۳۰ اگست سے ۲۲ ستمبر تک رجعت میں رہے گا۔ آخر ستمبر میں ملازمت پیشہ افراد کو نئی ملازمت کی پیشکش یا غیر متوقع ترقی کی خبریں ملیں گی۔ ۱۱' ۱۴' ۱۶' ۲۰ اکتوبر کو مالی معاملات کے لحاظ سے احتیاط کی متقاضی ہوں گی۔ ان تاریخوں میں قیمتی اشیاء کی خریداری کرتے ہوئے خاص طور پر محتاط رہیں۔ عطارد ۱۳ نومبر کو چونکہ آٹھویں گھر پر ہوگا اور زحل سے قران کرے گا تو آپ کی توقعات کسی بھی مالی سودے بازی پر نہیں ہونی چاہیے۔ قانونی معاہدات و جائیداد کے

امور میں غلطیاں کریں گے۔ کیریئر اور جاہ طلبی کے لحاظ سے اگر اہم فیصلے کرنے ہیں تو ۲، ۳، ۷، ۱۰ دسمبر کو کریں۔ صحیح وقت پر صحیح

Scanned by CamScanner

لوگوں سے رابطہ قائم ہوگا۔ اہم رابطوں کے لحاظ سے اس وقت جو بھی تبدیلی لائیں گے وہ آنے والے مہینوں میں فائدہ مند ثابت ہوگی۔

مریخ ۴ جنوری سے طالع کے مقابل آ جائے گا۔ ۷ مارچ کو برج قوس میں داخل ہوگا تو ۱۷ اپریل کو رجعت کر جائے گا اور مریخ ۲۹ مئی کو برج عقرب میں داخل ہوگا اور ۳۰ جون کو مستقیم ہو جائے گا اور ۳ اگست سے ۲۸ ستمبر تک برج قوس میں رہے گا۔ مریخ کی یہ پوزیشن ان افراد کی صلاحیتوں اور قوتوں کی آزمائش لائے گی۔ جن کا کام مسابقتی نوعیت کا ہے۔ تاہم مشتری موافقت میں ہے۔ لہٰذا رکاوٹوں پر قابو پانے کے قابل بنائے گا۔ شادی شدہ زندگی اور کاروباری شراکتی معاملات کے لحاظ سے یہ وقت غیر موافق نہیں ہوگا۔ لیکن اس وقت آپ میں زائد بے صبری اور بے چینی کی وجہ سے باطنی طور پر تناؤ پیدا ہوگا۔ ۲۲ مئی کو مریخ شمس کا مقابلہ ہوگا۔ اس وقت اپنے مزاج پر قابو رکھیں تاکہ معاملات پر عقلمندی سے گفت و شنید کی جا سکے۔ جذباتی لحاظ سے یہ آسان وقت نہیں ہوگا۔ لیکن آپ میں پختگی پیدا کرے گا اور شریک سے ہم آہنگی کا موقع لائے گا۔

مریخ اگست میں آٹھویں گھر میں ہوگا جہاں زحل پہلے سے موجود ہے اور ۲۴ اگست کو زحل سے قران اور ۲۶ کو نپ چون سے تربیع بنائے گا۔ چنانچہ ذاتی قریبی تعلقات کے متعلق ہرگز لاپرواہی اختیار نہ کریں۔ جس سے اختلاف اور جھگڑے کی نشاندہی ہو رہی ہے۔ دراصل اس ماہ حالات جو بھی رخ اختیار کریں گے۔ ان کا انحصار اس بات پر ہوگا کہ آپ کے دل میں دوسرے شخص کی کتنی محبت اور عزت ہے۔ جو باتیں دل میں رکھتے ہیں ان کو اس وقت سامنے لانا پڑے گا۔ ۶ اکتوبر کو مریخ و مشتری کی تربیع ہوگی۔ اس وقت شریک زندگی کے ساتھ جھگڑے کا اندیشہ ہے۔ محبت کے معاملات کے لحاظ سے نومبر بہت موافق ہوگا۔ ۱۵، ۲۲ اور ۲۶ نومبر خاص طور پر اہم تاریخیں ہیں۔ وہ غیر شادی شدہ افراد جو مثالی ساتھی کی تلاش میں ہیں ان کے لئے آخر دسمبر موافق ثابت ہوگا۔

مریخ ۱۰ نومبر کو وتد السماء پر آ جائے گا۔ کیریئر، ملازمت، کاروبار، جاہ طلبی کے امور بہت تیزی سے آگے بڑھیں گے۔ اس ماہ معاملات کو پرزور طریقے پر آگے بڑھائیں۔ ورنہ غیر ضروری تناؤ اور پریشانی سے واسطہ پڑے گا۔ صرف یہی نہیں بلکہ زہرہ بھی وتد السماء پر ۸ دسمبر کو آ جائے گا۔ جس کی وجہ سے یہ وقت کیریئر یا کاروباری معاملات کے لحاظ سے تبدیلی لانے والا ہوگا۔ اس وقت بعض نامکمل کاموں کی طرف توجہ دینی پڑے گی۔ جس کا اثر مالی و قریبی تعلق کے معاملات پر پڑے گا۔ ۲، ۳، ۷ اور ۲۷ دسمبر کو مریخ سعد نظرات بنائے گا جس سے سال کا آخر کئی خوشیاں اور ترقیاں لائے گا۔

زحل آپ کے آٹھویں گھر میں حرکت کر رہا ہے۔ یہ صحت اور روزگار کے معاملات تمام ذاتی کوششوں اور گھریلو زندگی کو فائدہ پہنچائے گا۔ ۲۰۱۶ء میں زحل ان تمام باتوں میں ترقی اور وسعت تو ضرور دے گا۔ مگر اس کا بنیادی رجحان ضرور جاری رہے گا جس کی وجہ سے شادی یا کسی اور قسم کی شراکت ترقی میں بہتری کا باعث بنے گی۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ زحل اس جگہ ان انجمنوں یا کاروبار کی موافقت کرے گا۔ جسے دو شخص مل کر چلاتے ہوں۔

آٹھواں گھر اس روپیہ سے متعلق ہے۔ جو دوسروں کا ہوتا ہے۔ شریک کار اور شریک زندگی کا ہوتا ہے۔ ان کے ذریعہ سے مالی فائدہ اٹھانا ممکن نہیں۔ کیونکہ زحل کی رکاوٹ اس وقت ہوگی جب زحل رجعت میں ہوگا۔ زحل ۲۵ مارچ سے ۱۳ اگست تک رجعت میں رہے گا۔ ۶ مارچ کو شمس زحل کی تربیع، ۱۵ مارچ کو عطارد زحل کی تربیع، ۲۶ مئی کو مشتری زحل کی تربیع، ۳ جون کو شمس زحل کا مقابلہ، ۱۸ جون کو نپ چون زحل کی تربیع، ۲۴ اگست کو مریخ زحل کا قران ہوگا۔ اس وقت پراپرٹی ٹیکس، جائیداد کی منتقلی کے کاغذات، شراکت داروں کا روپیہ، میراث اور ترکہ سے متعلق جھگڑا، دھوکہ، فریب ملے گا۔ گھر کا فرد دوسروں کے بہکاوے میں آ کر زندگی سے کھیل جائے گا۔ پرانے قرضہ جات کو ادا کرنے کے لئے زر نقد کی ضرورت ہوگی۔ قرضوں کو ادا کرنے کی کوئی صورت نہ بنے گی۔ گو پریشانی کو حل کرنے کے لیے انتہائی قدم اٹھانا مجبوری ہوگی۔ نتیجتاً بہت خوف ناک ہوگا۔ اس سال کے دوران بعض اوقات آپ نے سوائے کام کے اور کچھ نہ کیا ہوگا۔ تاہم سال کے اختتام پر آپ زیادہ مضبوط پوزیشن میں [illegible]

میں ہوں گے اور اپنی کوششوں کا اجر پائیں گے۔

Scanned by CamScanner

جوزا

2016 کے امکانات

والوں کے لیے جن کی پیدائش مئی ۲۱ سے ۲۱ جون کے درمیان ہے یا

جن کے نام کا حرفِ اوّل غ یا ق ہے

مشتری شروع سال سے جائیداد اور گھریلو معاملات سے متعلقہ چوتھے گھر میں ہے۔ چنانچہ زندگی کی مادی بنیادوں کی موافقت میں ہوگا۔ اس گھر میں مشتری کی موجودگی آپ میں باطنی لحاظ سے بتدریج تبدیلی لا رہی ہوگی۔ یعنی آپ میں زیادہ مضبوطی اور تحفظ کا احساس پیدا ہوگا۔ نیز زندگی میں ایک طرح کی غیبی قوت کی موجودگی کا احساس ہوگا جو آپ کی رہنمائی کرے گی۔ مشتری خوش امیدی کا احساس پیدا کرتا ہے۔ نیز یہ سوچ بھی کہ آپ درست راستے پر گامزن ہیں۔ سب سے بڑھ کر یہ کہ خواہ کسی بھی قسم کی تبدیلیاں آئیں مشتری کا اثر یقینی طور پر آپ کو دوبارہ اپنے قدموں پر مضبوطی سے کھڑا کر دے گا۔

مشتری شروع سال سے ۹ ستمبر تک چوتھے گھر میں رہے گا۔ مشتری ۸ جنوری سے ۹ مئی تک رجعت میں رہے گا۔ لہٰذا شروع سال سے یہ وقت جائیداد اور گھریلو معاملات کے لحاظ سے اہمیت کا حامل ہوگا۔ ۱۴ جنوری، ۶، ۱۰، ۱۴ فروری، ۳۰ مارچ، ۱۴، ۱۱ اپریل، ۳ مئی کی سعد تاریخوں میں اس قابل ہو جائیں گے کہ زندگی میں مرضی کے مطابق تبدیلیاں لا سکیں۔ مرضی کے مطابق اور کشادہ گھر کی تلاش کے لحاظ سے یہ وقت بہت موافق ثابت ہوگا۔ گھر سے متعلقہ اہم فیصلے کرنے کے لیے ۱۰ مئی، ۲، ۸، ۱۰ جولائی سعد ثابت ہونگی۔

مشتری ۹ ستمبر کو پانچویں گھر میں داخل ہو جائے گا۔ چنانچہ یہاں موجودگی کے دوران مشتری آپ کی زندگی اور شخصیت میں بہتری لائے گا۔ اس دوران زائد خوش بختی لائے گا۔ اب آپ ایسے دور میں داخل ہو رہے ہیں جس میں آپ کی تخلیقی صلاحیتوں کو ابھرنے کا موقع ملے گا اور اس قابل ہو جائیں گے کہ خیالات کا اظہار بھرپور طریقے پر کر سکیں۔ جوزا والے افراد جو آرٹسٹک سرگرمیوں میں دلچسپی رکھتے ہیں اور کسی شوقیہ آرٹسٹک دلچسپی کو بطور پیشہ اپنانا چاہتے ہیں۔ ان کے لئے مارچ و ستمبر کا مہینہ بے حد خوش قسمت ثابت ہوگا۔ اس کام کے آغاز کے لئے انہیں اس سے بہتر وقت نہیں مل سکتا۔

۲۶ ستمبر، ۶، ۲۱ اکتوبر، ۲۲ نومبر، ۲، ۱۰، ۲۵ دسمبر کی سعد تاریخ خوش قسمت آغاز لائے گی۔ لہٰذا میسر آنے والے مواقع سے فائدہ اٹھانے کے لئے تیار رہیں اور اپنی صلاحیتوں کو کمتر نہ جانیں۔ مشتری دسمبر میں بھی نہ صرف یہ کہ مالی معاملات کی موافقت میں ہوگا بلکہ تخلیقی سرگرمیوں کی موافقت میں بھی ہوگا۔ چنانچہ وہ افراد جو کسی آرٹسٹک سرگرمی کو بطور پیشہ اختیار کر کے اس سے مالی فائدہ حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ انہیں مشتری کی موجودہ پوزیشن سے فائدہ اٹھانا چاہیے۔

صحت کے معاملات کے لحاظ سے ۳ جون کو شمس و زہرہ کا زحل سے مقابلہ احتیاط کی متقاضی ہوگا۔ جسمانی قوت و طاقت میں کمی کا احساس ہوگا۔ کام کے معاملات کو درست رکھیں تا کہ صحت متاثر نہ ہو۔ ۲ ستمبر کو ذہنی اور جسمانی قوتوں پر زیادہ دباؤ کی وجہ سے معمولی نوعیت کی بیماریاں مثلاً نزلہ زکام یا گلے کے امراض ہونے یا کھانے پینے میں لاپرواہی کی وجہ سے پیٹ کی خرابی کا امکان ہے۔ ۱۶ اکتوبر کو خاص طور پر محتاط رہیں کہ یہاں ایک بار پھر کام کے معاملات کو درست رکھ کر اور اسے سارے مہینے پر یکساں تقسیم کر کے خطرے سے بچ سکیں گے۔

Scanned by CamScanner

عطارد ۶ اپریل سے ۱۲ جون تک بارہویں گھر میں رہے گا۔ عطارد ۲۸ اپریل سے ۲۲ مئی تک رجعت میں رہے گا۔ اس دوران دوسروں کے جھگڑوں سے الگ تھلگ رہیں۔ نیز اگر کسی نجی یا اہم معاملے کے متعلق کوئی شک ہو تو اس پر غور کرنے میں وقت صرف کریں اور اگر ضرورت ہو تو ماہرانہ مشورہ حاصل کریں۔ کوئی بھی ایسی صورتحال جس کی وجہ سے پریشانی اور تناؤ کا سامنا رہا ہے تو عطارد کے مستقیم ہو جانے کے بعد خود بخود پریشانی دور ہو جائے گی۔ نیز کسی چیز کے متعلق اگر لاعلم تھے تو وہ بھی اچانک کھل کر سامنے آ جائے گی۔ ۲۳ اپریل کے قریب قریب ملنے والی معلومات غیر متوقع انداز میں حیران کن ثابت ہوں گی اور خوشی لائے گی۔

عطارد ۱۳ جون سے ۲۹ جون تک طالع میں رہے گا۔ اس وقت روزمرہ سرگرمیوں میں تیزی آ جائے گی۔ نقل و حرکت اور میل جول زیادہ رہے گا۔ عطارد ۳۰ جون سے ۱۴ جولائی تک خانہ مال میں رہے گا۔ یہ وقت کاروباری گفت و شنید، تجارتی لین دین، مالی معاملات سے متعلق معلومات حاصل کرنے اور مشورہ لینے کے لحاظ سے موافق ثابت ہوگا۔ ۹ جون کو عطارد مریخ سے غیر موافق نظر قائم کرے گا۔ اس دن اختلاف یا جھگڑے سے واسطہ پڑے گا۔ لہٰذا محتاط رہیں۔ عطارد کی خانہ مال میں موجودگی اور مشتری سے تثلیث تجارتی اور کاروباری سرگرمیوں میں تبدیلی لانے اور آمدنی میں اضافے کے لئے یا کسی زائد کام کو شروع کرنے کے لحاظ سے بھی سعد ثابت ہوگی۔ عطارد ۳۰ اگست سے ۲۲ ستمبر تک رجعت میں رہے گا۔

عطارد ۱۳ نومبر کو طالع کے مقابل آ جائے گا۔ یہ وقت تبادلہ خیالات اور گفت و شنید کے لحاظ سے کامیابی لائے گا۔ اگر کسی قسم کا ماہرانہ مشورہ لینا ہے یا کوئی اہم ملاقات کرنی ہے یا انٹرویو دینا ہے تو اس کے لئے اگر ۱۲ اکتوبر کا انتخاب کیا تو یقیناً کامیاب رہیں گے۔ عطارد ۱۱، ۱۴، ۲۷، ۳۰ اکتوبر کو سعد نظرات قائم کرے گا۔ چنانچہ ان دنوں جو خبریں ملیں گی وہ کسی پرانے مسئلے کو حل کرنے میں مدد دیں گی۔ شاید کوئی پرانا مالی یا قانونی معاملہ ہو۔ ۲۳ نومبر کو عطارد زحل کا قران مشترکہ مالی اور کاروباری معاملات میں بہتری لائے گا۔ قانونی اور آفیشل معاملات حل کرنے اور سرخ فیتے کی رکاوٹوں کو دور کرنے کے لئے ان سعد تاریخوں سے فائدہ اٹھائیں۔

عطارد آٹھویں گھر میں ۳ دسمبر کو داخل ہوگا اور ۱۹ دسمبر کو رجعت کر جائے گا جس سے مسائل اور پریشانی آئے گی۔ اگر نئی ذمہ داریاں کو قبول کرنے کے متعلق سوچ رہے ہیں تو اس وقت محتاط رہیں۔ سرمایہ کاری سے متعلق کوئی بھی نیا کام ہرگز نہ کریں۔

۹ مارچ کا سورج گرہن وتد السماء پر لگے گا۔ جو بہت جلد کیریئر میں تبدیلی کی نشاندہی کر رہا ہے۔ اس میں پریشانی کی کوئی بات نہیں ہوگی کیونکہ اس وقت قسمت اور حالات آپ کے کنٹرول میں ہوں گے۔ چنانچہ مقاصد اور جاہ طلبیوں سے متعلقہ تمام اہم فیصلے آپ کے حق میں بے حد مفید ثابت ہوں گے۔

ستارہ زحل طالع کے مقابل حرکت کر رہا ہے۔ اس دوران ۲۵ مارچ سے ۱۳ اگست تک اسے رجعت ہوگی۔ یہ یہاں شراکت پر اثر انداز ہوگا خواہ یہ گھریلو نوعیت کی ہو یا کاروباری۔ اکثر لوگوں کی شادی میں زحل کی وجہ سے رکاوٹ پڑ جائے گی اور جن لوگوں کا روپیہ شراکت میں لگا ہوا ہے ان کو نقصان ہوگا۔ شریک کار پر زحل کے اثرات ہیں۔ اس سے نفع کما کر دینے کی توقع نہ کرنی چاہئے۔ لیکن تمام لوگوں کے ساتھ یہ صورت پیش نہ آئے گی۔ آپ کے لئے زحل دوسری چیزوں کے علاوہ عزت و مرتبہ اور ان چیزوں پر بھی زحل حکومت کرتا ہے جنہیں آپ حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ اس کے علاوہ پرانے دوست، پرانی دلچسپیوں، اور بڑی عمر کے افراد کی بھی نمائندگی کرتا ہے۔ درمیانی عمر کے لوگوں، بیوہ، طلاق یافتہ کی شادی ہونے کے زیادہ امکانات ہیں۔ باوفا اور پرخلوص تعاون کے لئے اس وقت کا انتخاب کریں جب زحل کے ساتھ زہرہ کے سعد نظرات ہوں۔ یہ یکم مارچ، ۱۸ اپریل، ۲۰ جولائی، ۷ ستمبر، ۲۵ دسمبر کی سعد تاریخیں ہیں۔

زہرہ ۲۴ جنوری سے ۱۷ فروری تک شادی اور شراکتی معاملات سے متعلقہ گھر رہے گا۔ یہ وقت تمام قریبی تعلقات کو بہت مضبوط کر دے گا۔ اگر در پردہ جذباتی اختلافات ہیں تو انہیں دور کرنے کے لئے اس سعد وقت سے فائدہ اٹھائیں۔ وہ افراد جو اس وقت یا مستقبل قریب میں شادی کرنا چاہ رہے ہیں یا کوئی پیغام بھجوانا چاہتے ہیں تو ۳۰ جنوری، ۷، ۱۰ فروری

Scanned by CamScanner

دونوں سے واسطہ پڑے گا۔
موافق رہے گا۔ سفر کے ذریعے محبت اور خوش بختی دونوں سے واسطہ پڑے گا۔
زہرہ ۱۸ فروری سے ۱۲ مارچ تک نویں گھر میں رہے گا۔ اس دوران مہنگی اشیاء یا تعیشات پر روپیہ خرچ کرنے سے قبل دو بار ضرور سوچیں۔ مشکل یہ ہے کہ زہرہ خریداری کے ذریعے خوشی لاتا ہے۔ لیکن فضول خرچی پر بھی راغب کرتا ہے اور ہاتھ میں خاصا کم روپیہ رہ جاتا ہے۔ لہٰذا اس دوران اخراجات پر قابو رکھیں۔ قانونی معاملات میں کوتاہی کے دوران آپ ایسا فیصلہ کر بیٹھیں گے جس سے آپ کی جائیداد ہاتھ سے نکل جانے کا اندیشہ ہوگا۔ قریبی شخص آپ سے قطع تعلق کر لے گا۔ قانونی معاملات اور مشورہ کے لیے ۵، ۸، ۱۵، ۲۰، ۲۵ مارچ کی تاریخوں کے درمیان ایسا ہوگا۔
زہرہ ۱۳ مارچ کو وتد السماء پر آ جائے گا ان دنوں مالی لحاظ سے موافق حالات سے واسطہ نہ پڑے گا۔ آپ کی ذہنی اور جسمانی حالت بہتر نہ ہوگی۔ ۱۵ مارچ کو زہرہ مریخ سے تربیع، ۲۰ کو نپ چون سے قران، ۲۵ کو مشتری سے مقابلہ اور زحل سے تربیع ہوگی۔ یہ تاریخیں اچھی قیمت پر کسی چیز کو فروخت کرنے کے لحاظ سے بھی سعد ثابت نہ ہوں گی۔ ان تاریخوں میں بونس ملنے، کسی قسم کی وصولی ہونے، تحفہ ملنے یا انعام نکلنے کی توقع نہ رکھیں۔
زہرہ ۲۵ مئی سے ۱۷ جون تک طالع میں رہے گا۔ یہاں موجودگی کے دوران شخصیت کو پُرکشش بنائے گا اور مقبولیت میں اضافہ لائے گا۔ جون کے پہلے نصف حصہ میں پیش آنے والے واقعات آپ کے لئے مثبت ثابت ہونگے۔ ۲۷ جون کو زہرہ و پلوٹو میں تثلیث ہوگی اور ۷ جولائی کو زہرہ مریخ کی تثلیث ہوگی۔ لہٰذا آپ کو کسی کی طرف سے کشش محسوس ہوگی۔ جولائی کے وسط تک معاملے عروج پر ہوں گے۔ غیر متوقع طور پر نئی محبت زندگی میں داخل ہوگی۔ سفر آپ کی محبت کے معاملات پر گہرا اثر ڈالے گا۔
گھریلو معاملات کے لحاظ سے زہرہ ۶ اگست سے چوتھے گھر میں ہوگا۔ لہٰذا گھریلو زندگی میں سکون و اطمینان کا سامنا ہوگا۔ زہرہ اردگرد کے ماحول کو بھی خوبصورت اور آرام دہ بنانے کی ترغیب دے گا۔ ایسا کرنے کے لئے زائد روپیہ بھی آپ کے پاس ہوگا۔ اگر گھر کی حالت بہتر بنانا چاہتے ہیں تو زہرہ نپ چون کی تسدیس اور زہرہ پلوٹو کی تثلیث میں تسلی بخش نتائج کی توقع رکھیں۔ وسط اپریل میں جائیداد کے معاملات میں رکاوٹوں اور تاخیر کا سامنا ہوگا۔ ۲۸ اگست کو زہرہ مشتری کا قران اور ۷ ستمبر کو زہرہ زحل کی تسدیس ہوگی۔ اس دوران رشتہ دار یا پڑوس بھی پریشانی کا سبب بنیں گے۔ اس دوران گھریلو معاملات میں تناؤ کی نشاندہی ہو رہی ہے۔ اس وقت بچوں پر بھی کڑی نگاہ رکھنے کی ضرورت ہوگی۔ نیز اس وقت گھر کی حفاظت کا بھی خاص خیال رکھیں۔
جون میں جائیداد کے معاملات کے لحاظ سے التواء اور پیچیدگیوں کا سامنا ہوگا۔ اس سلسلے میں جون کے پہلے دس دن کو خاص طور پر ذہن میں رکھیں۔ جب کہ عطارد ۲۰ جون کو نپ چون سے ۲۳ کو مشتری سے غیر موافق نظر قائم ہوگی۔ اگر انشورنس کے کلیم، قرضے یا پلاننگ پرمیشن سے متعلق رکاوٹوں یا مشکلات کا سامنا رہے گا۔ اگر ستمبر میں جائیداد کے لین دین یا اس کی حالت بہتر بنانے کے کام میں مصروف ہوئے تو کوشش کیجئے گا کہ سارے کام مکمل ہو جائیں۔ ۶ اکتوبر کو مریخ مشتری تربیع میں التواء اور مایوسیوں کا سامنا ہوگا۔
یورنس مزید ۳ سال تک دوستی اور امید کے خانہ میں رہے گا۔ مادی کامیابی کے لئے یورنس نجی کوششوں اور اقدامات کی موافقت کرتا ہے۔ اس کے ساتھ ہی اس کا کام غیر متوقع تبدیلیاں لانا ہے۔ وہ کاروباری لوگ جن کی طرف سے جو غیر متوقع حملے ہوتے تھے اور جن کی وجہ سے عزت کو خطرہ ہوتا تھا وہ بدل جائیں گے۔ یورنس جاہ و منزلت، ملازمت و کاروبار و ترقی کے لیے تبدیلی لائے گا۔ اور امیدوں اور خواہشات کو پورا کرے گا ایسا ۱۳ جنوری، ۶، ۲۷ فروری، ۱۲، ۱۴، ۲۷ جون، ۱۷ اگست، ۱۷ ستمبر، ۲۶ نومبر، ۱۲ دسمبر کی سعد تاریخوں میں ہوگا۔
یورنس ۳۰ جولائی سے ۲۹ دسمبر تک رجعت میں رہے گا۔ اس لئے اس کے اثرات اور تبدیلیاں تیز اور غیر متوقع ہوں گی۔ صحت، دوست و دشمنوں کی خفیہ ریشہ دوانیاں اور اعزا ...

کا خاص خیال رکھنا چاہیے۔

Scanned by CamScanner

سرطان

2016 کے امکانات

والوں کے لئے جن کی پیدائش جون ۲۲ سے ۲۳ جولائی کے درمیان ہے یا

جن کے نام کا حرفِ اوّل ح۔ ھ ہے

گھریلو معاملات کے لحاظ سے مشتری آپ کے تیسرے گھر میں موجود ہوگا۔ اس وقت تمام تعلقات خوشی لانے والے ہونگے۔ بچوں کی تعلیم میں نمایاں کامیابی ملے گی۔ رشتہ دار ملنسار اور مدد کرنے والے ہونگے۔ خط یا خبر جو آپ تک پہنچے گی خوشی دے گی۔ اس ماہ قانونی معاملات میں بہتری آئے گی وہ افراد جو قانون سے متعلقہ تعلیم حاصل کررہے ہیں یا اس شعبے میں کام کررہے ہیں انہیں اس سال کامیابی حاصل ہوگی۔

مشتری شروع سال سے تیسرے گھر میں ہوگا اور ۸ جنوری سے ۹ مئی تک رجعت میں رہے گا۔ مشتری کے مستقیم ہونے کے بعد گھریلو معاملات میں مزید وسعت اور بہتری آئے گی۔ سرطانی والدین کو کسی بچے کی کامیابی کی وجہ سے خوشی ملے گی یا وہ سرطانی افراد جن کی ابھی شادی ہوئی ہے انہیں خاندان کے افراد میں اضافے کی خوشی خبری ملے گی۔ وہ افراد جو ماہ جون میں گھر تبدیل کریں گے انہیں خوش بختی سے واسطہ پڑے گا۔ ۲، ۷، ۱۰، ۱۹، ۲۰ اور ۲۷ جولائی کو خاص طور پر ذہن میں رکھیں۔ جب کہ وہ افراد جو گھر کی تلاش میں ہیں۔ انہیں بھی ان تاریخوں سے فائدہ اٹھانا چاہئے۔ مشتری ۲۸ اگست کو زہرہ سے سعد نظر قائم کرے گا۔ جس سے ماحول کے خوشگوار ہونے کی نشاندہی ہورہی ہے۔ اگر روزمرہ کے ماحول سے دور جانا چاہتے ہیں۔ تب بھی یہی وقت سعد ثابت ہوگا۔

ہر طرح کے سفر کے لحاظ سے ۶، ۲۵، ۲۷ فروری، یکم، ۱۴، ۱۷ اپریل، ۵، ۸، ۱۹، ۲۷ جولائی، ۱۱، ۱۴، ۳۰ اکتوبر، ۲۲، ۲۶ نومبر سعد تاریخیں ہوں گی۔ جب کہ ۱۴ جنوری، ۱۵ مارچ، ۲۰، ۲۳ جون، ۱۱ جولائی، ۶ اگست اس لحاظ سے غیر موافق اوقات ہوں گے۔ اپریل و جون سفر کے لحاظ سے اہمیت کا حامل ہوگا۔ طویل سفر کے دوران کوئی بہترین دوست زندگی میں داخل ہوگا اور اگر آپ روحانیت کی تلاش میں ہیں تو کسی ایسے شخص سے ملاقات ہوگی جو ذہنی لحاظ سے متاثر کرے گا۔ سفر کا ارادہ نہ ہونے کے باوجود بھی وسط اکتوبر میں سفر کا امکان ہے۔ اگر سفر نہ ہوا تو کسی دور دراز علاقے سے کوئی پیغام موصول ہوگا یا کسی ایسے غیر ملکی شخص سے ملاقات ہوگی جو آپ کے لئے اہمیت رکھتا ہوگا۔ وہ لوگ جو روحانی علوم کے حصول کے خواہاں ہیں ان کے لئے یہ وقت قابل قدر معلومات لائے گا۔

مشتری ۹ ستمبر سے ایک سال کا عرصہ برج میزان میں گزارے گا۔ جس کا تعلق گھریلو معاملات اور باطنی و ظاہری احساس تحفظ سے ہے۔ یہ سعد ستارہ ہے جس گھر میں داخل ہوتا ہے اس سے متعلقہ منسوبات میں بہتری اور تبدیلی لاتا ہے۔ چنانچہ مشتری کے اثر کے تحت کوئی بھی اہم تبدیلی مستقبل میں آپ کی زندگی میں بہتری لائے گی۔ وہ سرطانی افراد جو گھریلو حالات کو مستقبل قریب میں بہتر بنانا چاہتے ہیں ان کے حالات میں خاص طور پر بہتری آئے گی۔ اگر بہتر اور بڑے گھر کی تلاش ہے تو مشتری خاص طور پر مدد کرے گا۔ اس کا سعد اثر قریبی جذباتی تعلقات اور خاندانی تعلقات میں بھی بہتری لائے گا۔ چنانچہ ستمبر کے بعد گھریلو زندگی میں زائد سکون واطمینان سے واسطہ پڑے گا۔

صحت کے معاملات کے لحاظ سے شروع اگست احتیاط کا متقاضی ہوگا۔ ۲۴ اگست کو مریخ اور زحل کا قران قوت

Scanned by CamScanner

حیات میں کمی کی نشاندہی کر رہا ہے۔ ۱۲ ستمبر بھی اسی نوعیت کی صورتحال کی نشاندہی کر رہی ہے۔ اگر آپ کے بچے ۱۶ اکتوبر کے قریب قریب کسی ایک کی طبیعت کچھ ٹھیک نہیں ہوگی۔ تاہم پریشانی والی کوئی بات نہیں ہوگی۔ سفر کے کھانے پینے میں احتیاط سے کام لیں۔ ۱۸ اکتوبر کو شمس اور پلوٹو کی غیر موافق نظر متنبہ کر رہی ہے کہ دفتر میں ضرورت زیادہ کام نہ کریں۔ اس وقت جسم میں قوت و طاقت کی کمی ہوگی۔ اگر ہو سکے تو اس وقت چھٹی لے لیں۔ دسمبر میں گھر کے فرد یا کسی رشتہ دار کی بیماری کی وجہ سے کچھ زائد ذمہ داریاں قبول کرنی پڑیں گی۔ لہٰذا شروع اور آخر دسمبر میں پروگراموں میں لچک رکھیں۔

ستارہ زحل آپ کے زائچہ کے خانہ امراض' کام' روزگار میں سارا سال رہے گا۔ زحل ۲۵ مارچ سے ۱۳ اگست رجعت میں رہے گا۔ یہ خلاف معمول ٹھنڈ' سردی' جوڑوں کے درد اور ہاتھ پاؤں میں درد پیدا کرتا ہے۔ نیز دوسرے امراض کے لئے لاپرواہی اختیار نہیں کرنی چاہئے۔ جہاں تک کام کا تعلق ہے۔ سخت محنت کرنا پڑے گی۔ یہاں باقوت حالت میں ہے۔ اس لئے دماغی صلاحیتوں میں اضافہ ہوگا۔ تربیت کے مطابق ملازمت یا کیریئر میں مدد گا۔ چونکہ آپ کی ذمہ داریاں بڑھ جائیں گی اور زیادہ وقت کام یا روزگار کو دینا پڑے گا تو معمول کے خلاف سنجیدگی رہے گی۔ اس سال برج سرطان والوں کو ملازمتی امور میں خاص تجربات سے گزرنا ہوگا۔ ان کو سیکھنا ہوگا کہ دوسروں کیسے کام نکلوانا چاہئے۔ خصوصاً اپریل و مئی میں ساتھ کام کرنے والوں سے تنازعات کا اندیشہ ہے' اپنے اوپر قابو رکھیں فوراً ہی ملازمت ترک نہ کرنی چاہئے وجہ یہ ہے کہ زحل دوسری ملازمت کے حصول میں رکاوٹ پیدا کرے گا۔ مزدوری سے موافقت نہ ملے گی اور روزگار کی طرف سے دل پریشان ہو جائے گا۔ سردیوں میں ایسی تمام چیزوں سے پرہیز کریں جسم میں پانی کی مقدار کو بڑھا دیں اور سردی کے امراض پیدا کریں۔ دانتوں کے امراض کا بھی خیال رکھیں۔ ۳' ۲۵ فروری ۱' ۳۰ مارچ' ۵' ۱۸ ۱۱ اپریل' ۱۹' ۲۰ جولائی' ۷ ستمبر' ۴' ۱۴ ۱۱ اکتوبر' ۳' ۷ ۲ دسمبر موافق تاریخیں ہیں۔

محبت کے معاملات کے لحاظ سے تنہا سرطان والوں کے لئے جنوری معنی خیز حالات لائے گا۔ ۱۳ جنوری کو یورنس کی تثلیث ہے اس وقت خاص خبر ملے گی۔ فروری میں زہرہ آٹھویں گھر میں ہوگا تو محبت کا عنصر داخل ہوگا۔ ۱۴' ۲۵' ۲۷ فروری کو سعد نظر قائم کرے گا تو سوشل لائف بہت بڑھ جائے گی۔ مئی میں زہرہ گیارہویں گھر میں ہوگا تو کے معاملات پر اثر انداز ہوگا۔ سوشل تعلقات اور دوستی میں اضافہ ہوگا۔

زہرہ ۱۸ جون سے ۱۳ جولائی تک طالع میں رہے گا۔ یہ وقت نہ صرف محبت کے معاملات کے لحاظ سے خوش قسمت ثابت ہوگا بلکہ زائد سوشل زندگی لائے گا اور شخصیت کو بھی پرکشش بنائے گا۔ زہرہ ۲۷ جون' ۲' ۷ جولائی کو سعد نظرات کرے گا۔ یہ تاریخیں قریبی تعلقات کے لحاظ سے اہمیت کی حامل ہوں گی۔

جولائی میں زہرہ خانہ مال میں ہوگا تو حسن و آرائش میں خرچ کریں گے۔ کسی پرانے شناسائی سے ملاقات ہوگی حصول مال کا باعث بنے گا۔ زائد خود اعتمادی پیدا ہوگی۔ اگست میں زہرہ چوتھے گھر میں ہوگا تو ۲۸ اگست کو مشتری سے قران کرے گا تو ذاتی گھر بنانے یا شادی کرنے کی موافقت میں ہوگا۔ کسی دوست کی طرف سے منگنی کا اعلان ہوگا یا دعوت مدعو ہوں گے۔ ۲۴ ستمبر سے زہرہ پانچویں گھر میں آ جائے گا تو محبت میں ناکام لوگوں کے لئے یہ وقت سازگار ہوگا۔ اکتوبر کے پہلے ہفتے میں کسی تقریب میں محبت ملے گی یا پھر تفریحی یا طویل سفر سے محبت آئے گی۔ لوگوں آپ کی طرف زیادہ متوجہ ہو سکے۔ ۳۰ اکتوبر کے نزدیک مسائل پیدا ہوں گے۔ ۲۵ نومبر کو ہونے والے واقعات محبت پر گہرا اثر ڈالیں گے۔ اچانک تبدیلی کے لئے تیار رہیں کام کی زیادتی محبت کے معاملات پر اثر انداز ہوگی۔

عطارد شروع سال سے آٹھویں گھر میں موجود ہوگا اور ۵ تا ۲۶ جنوری تک رجعت کی حالت میں طالع کے مقابل رہے گا اور ۱۴ فروری کو آٹھویں گھر میں داخل ہوگا۔ شراکت داری' میراث و ترکہ سے متعلقہ معاملات میں احتیاط رکھیں چنانچہ یہ وقت غلط فہمیاں پیدا کرے گا۔ جو معلومات حاصل ہوں گی' وہ غلط ہوں گی۔ ۶ مارچ کو قانونی اور آفیشل معاملات بے حد محتاط رہیں۔ عطارد ۵ فروری کو مریخ سے تربیع' ۱۱ کو شمس مشتری کا مقابلہ' ۱۵ کو عطارد زحل کی تربیع اور عطارد شمس

مقابلہ کے غیر موافق نظرات قائم کرے گا۔ ان دنوں دھوکہ و فریب کا اندیشہ ہے۔ لوگوں کے وعدوں پر بھروسہ نہ کریں۔ سرمایہ کاری' کاروباری اور مشترکہ مالی معاملات میں حقیقت پسندانہ پالیسیاں اختیار کر کے مسائل سے بچ سکیں گے۔ مالی معاملات کے لحاظ سے ۵' ۱۲' ۱۴' ۱۷ اپریل کی سعد تاریخیں ہوں گی۔

عطارد اپریل میں کیریئر' جاہ طلبی' ملازمت کے معاملات کے لحاظ سے آپ کی موافقت میں ہوگا۔ ۱۸ اپریل کو نیا چاند طلوع ہوگا۔ جس سے ذاتی اور مشترکہ مالی مفادات سے متعلق حوصلہ افزاء حالات سے واسطہ پڑنے کی نشاندہی ہو رہی ہے۔ عطارد کو ۲۸ اپریل سے ۲۲ مئی تک رجعت رہے گی۔ اس وقت دوستوں کے میل ملاقات میں احتیاط کریں۔ آفیشل معاملات کے لحاظ سے احتیاط کا متقاضی ہوگا۔ اس وقت اگر مختصر یا غلط راستہ اختیار کرنے کی کوشش کی تو طویل مدت تک نقصان اٹھائیں گے۔ امیدوں میں رکاوٹیں' تاخیر اور التواء لاتی ہے۔

عطارد ۱۵ سے ۳۰ جولائی کے دوران خانہ مال میں رہے گا۔ لہٰذا جو مشکلات بھی پیش آئیں گی ان کی وجہ خود آپ کی لاپرواہی یا غیر حاضر دماغی ہوگی۔ اس وقت مالی معاملات کے لحاظ سے بھی مشکلات کا سامنا ہوگا۔ ۱۶' ۳۰ جولائی خاص طور پر غیر موافق تاریخیں ہوں گی۔ دراصل مالی خطرات مول لینے کے لحاظ سے یہ وقت انتہائی غیر موافق ہوگا۔

عطارد ۳۱ جولائی سے ۱۸ اکتوبر تک تیسرے گھر میں رہے گا۔ اس وقت تمام معاملات آپ کی امیدوں اور توقعات پر پورے اتریں گے۔ رونما ہونے والے بعض واقعات کی وجہ سے سوچ میں تبدیلی آئے گی۔ اگست کی ۶' ۷' ۲۲' ۲۸ تاریخ زائد اخراجات لائے گی۔ اہم ملاقاتوں یا اہم مشورے کرنے کے لئے ۱۴' ۲۶' ۳۰ اکتوبر کو ذہن میں رکھیں۔ عطارد کو ۳۰ اگست سے ۲۲ ستمبر تک رجعت رہے گی۔ اس دوران دوسروں پر انحصار نہ کریں۔ ورنہ مایوسی کے سوا کچھ حاصل نہ ہوگا۔

۹ مارچ کا سورج گرہن زندگی میں سفر کو اہم بنا دے گا۔ وہ سرطانی افراد جو دور دراز کے علاقوں کا سفر کرنا چاہتے ہیں۔ ان کے لئے یہ ماہ بے حد دلچسپ اور سرگرم ثابت ہوگا۔ وسط اپریل میں عطارد کی تثلیث مشتری و نپ چون و پلوٹو اور زہرہ کی تثلیث مریخ و زحل سے سفر کے معاملات پر دباؤ ڈالیں گے۔ یہ وقت کاروباری سفر' کاروبار اور کیریئر کے معاملات کے لئے خاص طور پر موافق ثابت ہوگا۔ اگر لمبا سفر کرنے کا ارادہ نہ بھی ہو تب بھی سارا ماہ سیر و تفریح اور میل ملاقاتیں ہوں گی جو خوشی کا سبب بنیں گی۔ سال کے آخر میں سفر بہت اہمیت اختیار کر جائے گا۔

مریخ شروع جنوری سے ۶ مارچ تک طویل عرصہ خوش قسمتی اور انعامی اسکیم کے گھر میں گزاریگا۔ مریخ کے تخلیقی دلچسپیوں سے متعلقہ گھر میں قیام کے دوران انہیں خوش کن حالات سے واسطہ پڑے گا۔ تاہم مریخ ۷ مارچ کو برج قوس میں داخل ہوگا تو ۱۷ اپریل کو رجعت کر جائے گا۔ ۲۹ مئی کو واپس برج عقرب میں داخل ہوگا اور ۳۰ جون کو مستقیم ہو جائے گا۔ ۵ جنوری' ۵' ۱۵ مارچ میں قریبی افراد پر حکومت کرنے اور مرکز نگاہ بنے رہنے کی خواہش ہوگی۔ اس وقت معقول رویہ اختیار کریں۔ مریخ اب آپ کی تخلیقی قوتوں اور صلاحیتوں کو ابھارنے میں مدد دے گا۔ بے خوف اور مہم جو رویہ اختیار کر کے خود اپنی قسمت بنانے کا موقع فراہم کرے گا۔ وہ سرطانی فراد جو آرٹسٹک سرگرمیوں یا کھیلوں کے ذریعے روپیہ کمانا چاہتے ہیں۔ ان کے لئے یہ وقت خواہشات کی تکمیل لا سکتا ہے۔ کیونکہ اس وقت قسمت بنانا آپ کے اپنے ہاتھ میں ہوگا۔ ۲۴ اگست کو مریخ و زحل کا قران اور ۲۶ کو نپ چون سے تربیع بنائے گا۔ اس وقت کے قریب جھگڑا' فساد' لین دین' خریداری' شادی و نسبت سے متعلقہ امور میں احتیاط رکھیں۔ مریخ ۳ ۱۱ اپریل' ۷' ۱۱' ۱۷ جولائی' ۷' ۱۹' ستمبر' ۱۱ اکتوبر' ۱۵ نومبر' ۲' ۳' ۷ دسمبر کو سعد نظر بنائے گا۔

مریخ ۳ اگست کو ملازمت اور پیشہ وارانہ معاملات سے متعلقہ گھر میں داخل ہو جائے گا۔ جہاں وہ ۲۷ ستمبر تک رہے گا۔ اگر ان معاملات میں تبدیلی کی ضرورت ہو تو اس وقت کوششوں کا آغاز کریں وہ سرطانی افراد جو ذاتی کام شروع کرنا چاہتے ہیں۔ اس وقت مریخ ان کی موافقت میں ہوگا۔ ان میں ضروری اعتماد پیدا کرے گا اور صحیح فیصلے کرنے میں مدد دے گا۔ ۷ ستمبر کو مریخ یورنس کی تثلیث' ۱۱ اکتوبر کو مریخ نپ چون سے تسدیس بنائے گا۔ دسمبر میں مریخ نویں گھر میں ہوگا تو مشتری' زحل' یورنس سے سعد نظر بنائے گا۔ اس وقت بیرون ملک سفر' قانونی معاملات اور تعلیمی سرگرمیوں میں کامیابی دے گا۔

Scanned by CamScanner

اسد



2016 کے امکانات

والوں کے لئے جن کی پیدائش ۲۴ جولائی سے ۲۳ اگست کے درمیان ہے یا

جن کے نام کا حرفِ اوّل م ہے

وسعت کا ستارہ مشتری شروع سال سے خانہ مال میں ہوگا۔ یہاں وہ ۹ ستمبر تک رہے گا۔ اسے یہاں ۸ جنوری سے ۹ مئی تک رجعت رہے گی۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ اپنے وسائل اور صلاحیتوں کے استعمال میں آپ کے فیصلے غلط بھی ہو سکتے ہیں۔ تاہم مشتری آپ کو ضرورت سے زیادہ خوش امید اور لاپرواہ بھی بنا سکتا ہے۔ اس رجحان سے بچنے کی ضرورت ہوگی۔ سال کے آغاز کے ساتھ ہی رونما ہونے والے حالات کی وجہ سے نئی سمت میں آگے بڑھنے کی ترغیب ملے گی۔ مشتری مئی سے بے حد سرگرم ہوگا جب یہ مستقیم ہو جائے گا۔ تو گزشتہ چند ماہ سے پیدا ہونے والے مسائل حل ہونا شروع ہو جائیں گے اب زیادہ بہتر انداز سے معاملات کو سوچ سمجھ کر اور آگے بڑھا سکیں گے۔ اس کے ساتھ ہی آگے بڑھنے کے زائد مواقع بھی میسر آئیں گے۔

۳ مئی کو شمس مشتری کی تثلیث، ۱۰ مئی کو زہرہ مشتری کی تثلیث ہوگی لہٰذا یہ ماہ کیریئر، کاروباری اور مالی معاملات کے لحاظ سے بہت اہم ہوگا۔ زندگی میں وسعت اور ترقی اور ایک سے زائد سمتوں میں آگے بڑھنے کے موقع میسر آنے کی نشاندہی ہو رہی ہے۔ مئی کے پہلے بیس دنوں میں عطارد بھی وتد السماء پر ہوگا۔ شمس و عطارد و زہرہ کا قران ہوگا اس سے بھی کیریئر یا مستقبل سے متعلق مقاصد کے لحاظ سے اہم ملاقاتوں، رسل و رسائل اور تعلیمی سرگرمیوں کی نشاندہی ہو رہی ہے۔ جون کا مہینہ کاروباری لحاظ سے سخت ثابت ہوگا۔ پیشہ وارانہ معاہدات کے لئے ۱۴، ۱۵ جنوری، ۶، ۱۰، ۱۴ فروری، ۱۷ مارچ، ۱۴ اپریل، ۲، ۸، ۱۰ جولائی موافق ثابت ہونگی۔

ستارہ مشتری ۹ ستمبر کو زائچے کے تیسرے گھر میں داخل ہو جائے گا اور ایک سال کا عرصہ یہاں گزارے گا۔ اس گھر میں مشتری کی موجودگی سے سرگرمیوں اور دلچسپیوں میں تبدیلی لانے، نئے خیالات آزمانے، دوستوں کے حلقے کو وسعت دینے اور سفر کی خواہش پیدا ہوگی۔ اسدی افراد اپنے خیالات میں تبدیلی لاتے ہیں۔ زندگی میں ایک مضبوط بنیاد قائم کر لینے کے بعد اس میں تبدیلی لاتے ہوئے نہیں ڈرتے۔ ذہنی اور تخلیقی قوتوں کو جلا ملے گی۔ ذاتی اور سوشل زندگی میں بہتری پیدا ہوگی۔ ۲۶ ستمبر کو شمس مشتری کا قران، ۱۶ اکتوبر کو مریخ مشتری کی تربیع، ۱۱ اکتوبر کو عطارد مشتری کا قران رشتہ داری، دوستوں اور سفر کا معاملات میں احتیاط رکھنی ہوگی۔ ۲۲ نومبر، ۲، ۳، ۱۰، ۲۵ دسمبر معاہدات کے لیے موافق ثابت ہونگی۔

ستارہ زحل گزشتہ سال سے پانچویں گھر میں ہے۔ جس کا تعلق تخلیقی سرگرمیوں اور محبت کے معاملات سے ہے۔ جنوری سے وسط مارچ تک اپنے اعلیٰ قوتوں کا اظہار کرے گا۔ زحل کی سعد نظر اہم سوشل سرگرمیوں، رشتہ داری کے معاملات میں اہم ثابت ہوگی۔ ۳ فروری کو شمس زحل، ۲۵ فروری کو عطارد زحل اور زہرہ اپنے بنیادی مقاصد کو آگے نہ بڑھا سکے ہوں گے۔ اس دوران بعض رکاوٹوں کی وجہ سے رہے گی۔ اور جب یہ مستقیم ہو جائے گا تو زیادہ باقوت اثر ظاہر کرنے لگے گا۔ یہ مایوس کن صورتحال ۲۵ مارچ سے ۱۳ اگست تک رجعت کی وجہ سے بھی جولائی میں رونما ہونے والے حالات دوبارہ آگے بڑھنے کی ترغیب دیں گے۔ ماہ جون میں اپنے تمام فیصلے موخر کریں۔ اگست میں مستقیم ہونے کے بعد آپ ایک

ایسے دور میں داخل ہونگے جب ماضی کی کوششوں کا اجر ملے گا۔ تخلیقی قوتوں اور صلاحیتوں کی نشوونما کے لحاظ سے حالات زیادہ موافق ہو جائیں گے۔ وہ دلچسپیاں جواب تک محض فاضل اوقات تک محدود تھیں نئے خیالات اور سوچ عطا کریں گی اور انہیں پیشہ وارانہ بنیادوں پر استوار کر کے مالی فائدہ حاصل کرنے کے متعلق سنجیدگی سے غور کرنے لگیں گے۔

زحل و مشتری مادی معاملات کے لحاظ سے اہم حالات رونما ہونے کی نشاندہی کر رہے ہیں۔ مالی معاملات کے لحاظ سے اب آپ کے فیصلے غلط نہیں ہوں گے۔ لیکن زحل کی وجہ سے ضروری ہوگا کہ تمام مادی ضروریات اور جاہ طلبیوں سے متعلق حقیقت پسندانہ پالیسی اختیار کی جائے۔ اگر مالی یا کاروباری سرگرمیوں میں شراکت کے خواہاں ہیں تو جلد بازی نہ کریں بلکہ معاملات کو درست شکل دینے میں کافی وقت لگائیں۔ یاد رکھئے جہاں تک نئے کاروباری اور مالی معاملات کا تعلق ہے زحل جلد بازی کو ہرگز برداشت نہیں کرتا۔ لہٰذا اگر کوئی تبدیلی لانا چاہ رہے ہیں تو پہلے ٹھوس بنیاد رکھنے پر توجہ دیں۔ اہم مالی معاملات طے کرنے کے لئے ۱۶ اکتوبر، ۹، ۲۵، ۲۸ نومبر سعد تاریخیں ہوں گی۔

۲۳ مارچ کا چاند گرہن زائچے کی تیسرے گھر میں لگے گا۔ جس سے آنے والے ہفتوں میں روزمرہ معمولات میں تبدیلی کی نشاندہی ہو رہی ہے۔ اس وقت ضرورت سے زیادہ نقل و حرکت کریں گے۔ جس سے ہم خیال یا ایسے لوگوں سے ملاقات ہوگی جو خیالات کے بہتر اظہار کے سلسلے میں آپ کی مدد کریں گے۔

جنوری میں عطارد طالع کے مقابل ہوگا۔ اسے ۵ سے ۲۶ جنوری تک رجعت رہے گی۔ چنانچہ یہ وقت غلط فہمیاں پیدا کرے گا۔ جو معلومات حاصل ہوں گی، وہ غلط ہونگی۔ ۵ جنوری کو قانونی اور آفیشل معاملات میں بے حد محتاط رہیں۔ عطارد ۳۰ جنوری کو پلوٹو اور یکم فروری کو یورنس سے غیر موافق نظر قائم کرے گا۔ ان دنوں دھوکہ و فریب کا اندیشہ ہے۔ لوگوں کے وعدوں پر بھروسہ نہ کریں۔ ان دنوں سرمایہ کاری، کاروباری اور مشترکہ مالی معاملات میں حقیقت پسندانہ پالیسیاں اختیار کر کے مسائل سے بچ سکیں گے۔ مالی معاملات کے لحاظ سے ۶، ۲۵ فروری سعد تاریخیں ہوں گی۔ ۱۱ مارچ کو نیا چاند طلوع ہوگا۔ جس سے ذاتی اور مشترکہ مالی مفادات سے متعلق حوصلہ افزاء حالات سے واسطہ پڑنے کی نشاندہی ہو رہی ہے۔ عطارد ۵، ۱۱، ۱۵، ۲۴، ۳۰ مارچ کو نحس نظرات بنائے گا یہ وقت قانونی یا آفیشل معاملات کے لحاظ سے احتیاط کا متقاضی ہوگا۔ اس وقت اگر مختصر یا غلط راستہ اختیار کرنے کی کوشش کی تو طویل مدت تک نقصان اٹھائیں گے۔ کیریئر اور ملازمت کے معاملات میں ۲۶ اپریل سے ۲۲ مئی تک احتیاط کی ضرورت ہے جب عطارد رجعت میں ہوگا۔

عطارد ۳۱ جولائی سے ۱۸ اکتوبر تک خانہ مال میں رہے گا۔ عطارد ۳۰ اگست سے ۲۲ ستمبر تک رجعت میں رہے گا۔ مالی اور تحریری معاملات میں احتیاط کریں۔ عطارد کے مستقیم ہونے کے بعد تمام معاملات آپ کی امیدوں اور توقعات پر پورے اتریں گے۔ رونما ہونے والے بعض واقعات کی وجہ سے سوچ میں تبدیلی آئے گی۔ ۱۱، ۱۴، ۱۶، ۲۰، ۲۷ اکتوبر کی تاریخ زائد اخراجات لائے گی۔ ۱۸ نومبر کو عطارد پچون کی تربیع اور ۲۳ نومبر کو عطارد زحل کے قران میں کوئی دوست یا کوئی جاننے والا چندہ اکٹھا کرنے والی کسی مشکوک اسکیم میں آپ کی مدد یا تعاون کا خواہاں ہو تو تمام پہلوؤں پر غور کیے بغیر کوئی وعدہ ہرگز نہ کریں۔ اہم ملاقاتوں یا اہم مشورے کرنے کے لئے ۲۲ نومبر کو ذہن میں رکھیں۔ عطارد ۳ دسمبر کو چھٹے گھر میں داخل ہوگا تو ۱۹ دسمبر سے سال کے آخر تک رجعت میں رہے گا۔ اس دوران کاروبار اور مالی معالات کے لیے دوسروں پر انحصار نہ کریں ورنہ مایوسی کے سوا کچھ حاصل نہ ہوگا۔

ستارہ زہرہ طالع کے مقابل ۱۸ فروری کو آئے گا۔ خود اعتمادی میں اضافہ ہوگا۔ شریک کار یا شریک حیات سے اختلاف ختم ہو جائیں گے۔ شادی کے لئے بھی یہی بہتر وقت ہوگا۔ خدشات ختم ہو جائیں گے۔ ۷ فروری کو زہرہ مریخ کی تسدیس ہوگی، پسندیدگی بڑھ جائے گی اور محبت کے معاملات میں آپ کا رویہ بہت سنجیدگی اختیار کر لے گا۔ اسدی افراد کی شادی کے لئے مارچ، مئی، جولائی، دسمبر کے ماہ سعد ہونگے۔ زہرہ ۱۳ مارچ سے ۶ اپریل تک آٹھویں گھر میں رہے گا اس دوران مالی خوش بختی ملے گی یا والدین سے ترکہ یا میراث ملنے کی نشاندہی ہو رہی ہے۔

محبت کے معاملات کے لحاظ سے ۲۵ مئی کو زہرہ گیارہویں گھر میں ہوگا تو سوشل رابطے بڑھ جائیں گے۔ جون میں

Scanned by CamScanner

زہرہ نحس نظرات بنائے گا جس سے محبت اور دوستی کے معاملے میں آپ نئے تجربات سے گزریں گے۔ ۴ جولائی کو زہرہ و شمس کا زحل سے مقابلہ ہے۔ کسی شخص کی دشمنی کسی تعلق کو بری طرح توڑ دے گی۔ رشتہ دار دشمنی پر اتر آئیں گے۔ لہذا قریبی افراد آپ سے بہت کچھ فائدہ لینے کے چکر میں رہیں گے۔ ابھرنے والے منفی خیالات کو گفت وشنید سے ختم کریں۔ ۷ جولائی کو زہرہ کی مریخ کے ساتھ تثلیث کسی اچھے مخلص اور نفیس قسم کی شخصیت سے ملاقات کا باعث بنے گی۔ مگر یہ تربیع بھی ہے۔ نئے تعلقات میں محتاط رہیں۔ بہت ساری باتیں آپ سے پوشیدہ رکھی جائیں گی۔ لہذا اندھا دھند اعتماد نہ کریں۔ زہرہ ۱۳ جولائی سے ۶ اگست تک طالع میں رہے گا۔ اس کے بعد محبت کے معاملات میں بہتری آنے لگے گی۔ ۲، ۲۰ اور ۲۰ جولائی اس لحاظ سے سعد تاریخیں ہوں گی۔ ان دنوں سوشل سرگرمیاں ہم خیال افراد کو زندگی میں لائے گی۔ مشکلات سے چھٹکارا پانے کے لئے لوگ آپ کی مدد اور مشورے کے خواہاں ہوں گے۔

مریخ چوتھے گھر میں شروع سال سے ۶ مارچ تک برج عقرب میں رہے گا۔ ۷ مارچ کو برج قوس میں داخل ہوگا تو ۱۷ اپریل کو رجعت کر جائے گا۔ اور مریخ دوبارہ ۲۹ مئی کو برج عقرب میں داخل ہوگا تو ۳۰ جون کو مستقیم ہوگا اور ۱۳ اگست سے ۲۸ ستمبر تک برج قوس میں رہے گا۔

مریخ کی رجعت کے دوران اسد سے متعلقہ اکثر افراد رہائش کی تبدیلی کی تیاریوں میں مصروف ہوں گے۔ کیریئر کے معاملات کی وجہ سے اگر یہ تبدیلی لانی پڑی تو قسمت آپ کا ساتھ دے گی۔ اس وقت کیریئر کی تبدیلی اور گھریلو معاملات میں گہرا تعلق ہوگا۔ اگر جائیداد کا کوئی سودا چل رہا ہے تو مئی کے دوسرے ہفتے میں معمولی مسائل کا سامنا ہوگا۔ آخر جون کو مریخ کے مستقیم ہو جانے کے بعد جائیداد اور گھریلو معاملات کے لحاظ سے عدم استحکام کا خاتمہ ہو جائے گا۔ اکتوبر سے سال کے آخر تک گھر سے متعلق کسی بھی اہم تبدیلی کو تیزی سے عمل میں لاسکیں گے۔ وہ لوگ جنہیں گھر کی تعمیر، مرمت یا دوبارہ آرائش کے کام میں التواء، تاخیر یا دوسرے مسائل کا سامنا رہا ہے۔ انہیں جون کے آخیر سے حالات میں بہتری سے واسطہ پڑے گا۔ تاہم اگر کام کا تخمینہ لے رہے ہیں تو کئی مختلف لوگوں سے تخمینہ لئے بغیر کام شروع نہ کروائیں۔ ۵ جنوری، ۷ فروری، ۵، ۱۵ مارچ، ۲۲، ۲۵ مئی، ۹ جون نحس نظرات بنائے گا۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ کچھ غلط قدم اٹھائیں گے۔ جس کی وجہ سے موجودہ منصوبوں اور مقاصد کو دوبارہ درست کرنا ضروری ہو جائے گا۔ مریخ ۳، ۷، ۱۴ فروری، ۲۵، ۲۶ مارچ، ۱۳ اپریل، ۷، ۱۱، ۱۷ جولائی کو سعد نظرات قائم ہوں گے۔

تعلقات میں دشمنی ہو یا کوئی معمولی بات جو شادی و تعلقات کو ختم کر سکتی ہے۔ اس وقت کے معاملات ایک عرصے تک ذہنی کرب میں مبتلا کر دیں گے۔ شراکت داری کے معاملات میں ۷، ۲۴، ۲۶ اگست خاص طور پر احتیاط کی متقاضی ہے جب مریخ، زحل وزہرہ ونیپچون سے نحس نظر بنائے گا۔ کسی کے ساتھ دشمنی بہت بھاری پڑے گی۔ سرمائے کا نقصان ہوگا۔

مریخ نومبر میں روزگار اور پیشہ وارانہ معاملات سے متعلقہ گھر سے نکل کر طالع کے مقابل آ جائے گا۔ جس کی وجہ سے کام کے دباؤ میں کمی آ جائے گی۔ کاروباری، تخلیقی اور سماجی سرگرمیوں میں ساتھ کام کرنے والے اور دوست بے حد مددگار ثابت ہوں گے۔ دسمبر کی ۲، ۳، ۷ تاریخ مریخ سعد نظرات بنائے گا۔ اس ماہ بعض اوقات لوگ مقابلے پر بھی اتر آئیں گے۔ چنانچہ حکمت عملی سے کام لینا ضروری ہوگا۔ شریک کار، دوست، احباب کے ساتھ کسی بھی معاملے میں تلخی آئی تو چند دنوں میں معاملات بہتر ہو جائیں گے۔ مریخ ۱۹ دسمبر تک طالع کے مقابل رہے گا۔ اس دوران معاملات کو زبردستی آگے بڑھانے کی کوشش نہ کریں۔ ورنہ سخت مخالفت کا سامنا ہوگا۔ دوسروں کی انا کو مجروح کرنے سے بھی پرہیز کریں۔

سال کے آخری دو ماہ میں رونما ہونے والے حالات ایسے مواقع لائیں گے۔ جن کی وجہ سے بالآخر زندگی کو بہتر بنانے کا موقع ملے گا۔ آپ مہم جوئی اور اہم مقاصد کو آگے بڑھانے کے خواہش مند ہیں اور آپ نے زحل ومشتری کے پیغام کا خیال رکھا اور طویل مدت پر نگاہ رکھی تو آنے والے ہفتوں میں ترقی کر سکیں گے۔ لہذا مقاصد کے حصول کے لئے بھرپور کوشش کریں۔ شریک زندگی یا شریک کار کے ذریعے کسی نہ کسی طرح فائدہ پہنچے گا یا کسی مشترکہ مقاصد کے حصول کے لئے کسی سے شراکت کرنے کی تجویز پیش کی جائے گی۔

2016 کے امکانات



والوں کے لئے جن کی پیدائش اگست ۲۴ سے ۲۳ ستمبر کے درمیان ہے یا

جن کے نام کا حرفِ اوّل پ۔ غ ہے

مشتری شروع سال سے ۹ ستمبر تک طالع میں رہیگا۔ تو ۱۴ فروری کو مریخ کی سعد نظر کی وجہ سے بہت زیادہ پر اعتماد ہو جائیں گے کہ مشتری میرے طالع میں ہے میری قسمت میں تبدیلی لائے گا۔ البتہ گزشتہ کئی سالوں سے زیادہ حالت کو بہتر بنا دے گا۔ ذاتی تعلقات قائم کرنا چاہیں گے۔ دوسروں سے خوش امیدی رکھنا ہی کامیابی کی راہیں کھول دے گا۔ فروری میں ذاتی چاہت، خود اعتمادی اور ہوشیار فطرت سے کام لے کر روپیہ کمائیں گے۔ ۱۰ فروری کو مشتری زہرہ کی تثلیث ہوگی۔ یہ نظر تمام مالی اور تجارتی سرگرمیوں کے لحاظ سے خوش بختی لائے گی۔ مشتری ۹ ستمبر سے سال کے آخر تک مادی اور مالی معاملات سے متعلقہ گھر میں رہے گا۔ یہ وقت مالی معاملات کے لحاظ سے بہتری اور وسعت لائے گا۔ اس وقت بغیر کوشش کے ہی آمدنی کو بہتر بنانے کے مواقع میسر آئیں گے۔ اگر آپ کو کوئی چیز فروخت کرنی ہے تو اس وقت اس کی اچھی قیمت ملے گی۔ اسی طرح اگر کوئی قیمتی چیز مناسب قیمت پر خریدنا چاہتے ہیں تو یہ وقت اس لحاظ سے بھی موافق ثابت ہوگا جو لوگ انعامی اسکیموں میں حصہ لینے میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ انہیں اس سعد وقت سے فائدہ اٹھانا چاہئے۔ مشتری کو ۸ جنوری سے ۹ مئی تک رجعت رہے گی۔ پیشہ وارانہ معاہدات کے لئے ۱۴ جنوری، ۶، ۱۰، ۱۴ فروری، ۱۴ اپریل، ۳، ۱۰ مئی، ۲، ۸، ۱۰ جولائی، ۲۶ اکتوبر، ۲۲ نومبر، ۲، ۱۰، ۲۵ دسمبر موافق ثابت ہوں گی۔

۱۳ جنوری کو زہرہ یورنس سے تثلیث اور ۳۰ جنوری کو پلوٹو سے تسدیس بنائے گا تو ان تاریخوں کے قریب غیر شادی شدہ سنبلی افراد کی زندگی میں خاص اہمیت کی حامل شخصیت داخل ہوگی۔ ملاقات سچی جذبات کی آئینہ دار ہوگی۔ زہرہ ۱۳ مارچ سے ۱۶ اپریل تک ساتویں گھر میں ہوگا۔ یہ وقت احتیاط کا متقاضی ہے۔ اختلافات ہوں گے اور ایسی حماقتیں سرزد ہوں گی جن سے شادی شدہ زندگی یا قریبی تعلقات متاثر ہوں گے۔ ۱۵ مارچ کو زہرہ مریخ کی تربیع، ۲۰ کو زہرہ نیپچون سے قران، ۲۵ کو زہرہ مشتری سے مقابلہ ہوگا جو محبت کا امتحان ثابت ہوگا۔ سچی محبت دائمی اختیار کر جائے گی اور بے کار محبت زندگی سے نکل جائے گی۔ ۲۵ مئی سے ۱۸ جون تک زہرہ وسط السماء پر ہوگا تو سوشل زندگی بڑھ جائے گی۔ مختلف افراد آپ کی طرف زیادہ رجوع کریں گے۔ آپ کے رویے میں مثبت تبدیلی آئے گی آپ بہت وسیع النظری سے معاملات کو دیکھیں گے۔ ۳، ۴، ۵ جون زہرہ نحس نظرات بنائے گا تو زندگی میں داخل ہونے والے افراد سبز باغ دکھائیں گے، اہمیت نہ دیں۔

۳۰ جون سے زہرہ دوستوں کے گھر میں آ جائے گا تو دوستی اور امیدوں پر مثبت اثرات مرتب کرے گا۔ اس دوران سفر بہت اہمیت اختیار کر جائے گا۔ موقع ملے تو ضرور سفر کریں۔ دوستی کے حلقہ میں اچھے افراد سے واسطہ پڑے گا۔ یکم اکتوبر کو زہرہ نیپچون کی تثلیث ہے جو دوست زندگی میں آئیں گے۔ ان کا ساتھ بہت زمانے تک رہے گا۔ تاہم ۳ دسمبر کو مریخ وزحل کی تسدیس ہوگی تو آنے والی شخصیت سے مستقبل میں بہت قریبی تعلقات استوار ہو جائیں گے۔

محبت کے معاملات کے لحاظ سے خوشگوار حالات کی نشاندہی ہو رہی ہے۔ زہرہ ۶ سے ۳۰ اگست تک طالع کی موافقت میں ہوگا۔ ۱۹ ستمبر کو زہرہ اور مریخ کی باقوت نظر خاص طور پر ذاتی قریبی تعلقات کی موافقت میں ہوگی۔ اس وقت

Scanned by CamScanner

قائم ہونے والے تعلقات شدید جذباتی نوعیت کے ہوں گے۔ مگر ضروری ہوگا کہ حاکمانہ رویہ اختیار کرنے سے پرہیز کیا جائے۔ ۱۳ نومبر کو زہرہ خوش قسمتی' بچوں کی تعلیم اور محبت کے معاملات سے متعلقہ گھر میں ہوگا۔ بچوں کے مستقبل کے لیے انعامی اسکیموں' بانڈز میں حصہ لیں ان کی قسمت سے زندگی میں خوشیاں آئیں گی۔ لہٰذا ان معاملات کے لحاظ سے یہ وقت اہمیت کا حامل ہوگا۔ نومبر کے شروع کے دو ہفتے منگنی یا شادی کرنے یا اس مقصد کے لئے یقینی منصوبہ بندی کے لحاظ سے بہت موافق ثابت ہوں گے۔ زہرہ دسمبر کی ۲۵ کو یورنس' مشتری اور زحل سے سعد نظر بنائے گا۔ محبت کے معاملات میں جذباتیت اور شدت پیدا ہوگی۔ اس وقت کسی ایسی شخصیت سے ملاقات کا امکان ہے۔ جو زندگی کو تبدیل کردے گا۔ دراصل قسمت اس وقت پراسرار انداز میں کام کرے گی۔ تاہم نپ چون عموماً غلط راہ پر ڈال دیتا ہے۔ لہٰذا اگر ذاتی قریبی تعلقات کو بگاڑنا نہیں چاہتے تو محتاط رہنا ہوگا۔

مریخ تیسرے گھر میں ۴ جنوری کو داخل ہوگا۔ ۷ مارچ کو برج قوس میں داخل ہوگا تو ۱۷ اپریل کو رجعت کر جائے گا اور ۲۹ مئی کو دوبارہ برج عقرب میں داخل ہوگا اور ۳۰ جون کو مستقیم ہوگا۔ ۱۳ اگست سے ۲۸ ستمبر تک برج قوس میں رہے گا۔ ۱۸ جنوری کو مریخ نپ چون سے تثلیث سے اور ۱۴ فروری کو مشتری سے تسدیس کی سعد نظر بنائے گا لہٰذا پورا مہینہ خاصہ تیزی سے حالات کو بہتری کی طرف لے جائے گا۔ اس وقت حالات میں بہتری اسی وقت سودمند ثابت ہوگی جب نئے امکانات کو نظر انداز کر کے موجودہ جگہ پر صورتحال کو بہتر بنانے کے لئے تبدیلی اور عملی اقدامات کریں۔ آپ چاہے ملازمت پیشہ ہوں یا کاروباری، دونوں صورتوں میں مکمل تبدیلی سے گریز کریں، ترجیحات کو مدنظر رکھیں۔ اگر آپ نے ایسا نہ کیا تو روپیہ، وقت اور خود اعتمادی کو ضائع کردیں گے۔ جس سے صحت بھی متاثر ہونے کا خطرہ ہے۔

مریخ اگست میں چوتھے گھر میں آئے گا تو ۲۴ اگست کو زحل سے قران اور ۲۶ کو نپ چون سے تربیع ہونے کی وجہ سے والدین کی صحت' جائیداد کا روپیہ' کاروبار' کیریئر میں نقصان پہنچائے گا یا عزت و شہرت کو نقصان پہنچے گا۔ گھر سے بے گھر بھی ہوسکتے ہیں۔ ۱۶ اکتوبر کو مریخ مشتری سے تربیع' ۱۳ کو عطارد سے تربیع' ۲۹ کو یورنس سے تربیع بنائے گا تو کیریئر' ملازمت اور جاہ طلبی میں نقصان ہوگا۔ ۳' ۴ دسمبر کو مریخ مشتری و زحل سے سعد نظر بنائے گا تو مالی فائدہ ہوگا اور شریک کار کو فائدہ دے گا۔ اس وقت مریخ آگاہ کرتا ہے کہ بچت، آمدنی اور قرض وغیرہ دوسروں کو نہ دیں اور کسی پر بھروسہ نہ کریں۔ دسمبر میں روپیہ کو اپنے ہاتھ میں رکھیں اور دوسروں کی چکنی چپڑی باتوں میں نہ آئیں۔ نہ ہی جلد امیر ہونے والی اسکیمیں بنائیں۔ اس کے سعد نظرات کو مدنظر رکھیں اور اسی میں اپنے کام اور کاروبار کو انجام دیں۔

زحل سارا سال برج قوس میں رہے گا۔ اسے یہاں ۲۵ مارچ سے ۱۳ اگست تک رجعت رہے گی۔ یہ چوتھا گھر ہے جو گھریلو امور کا ہے۔ والدین کا اور جائیداد کا ہے۔ زحل ذمہ داریاں سخت محنت، التواء اور مشکلات لاتا ہے۔ لہٰذا گھریلو امور جائیداد کے معاملات سے نپٹنا آسان نہ ہوگا زحل تو حالات میں پریشانی لائے گا۔ ۲۵ فروری اور ۱۹ جولائی کو عطارد زحل کی سعد نظر قائم ہوگی۔ جس سے اس بات کی نشاندہی ہورہی ہے کہ جائیداد کے کسی سودے کو اس وقت باآسانی آگے بڑھا سکیں گے۔ اس وقت رونما ہونے والے حالات گھر اور خاندان سے متعلق ایسی پابندیوں کو دور کرنے کا سبب بنیں گے جن کا گزشتہ سال سے سامنا ہوا تھا۔

زحل کی موجودگی گھریلو زندگی میں استحکام اور تحفظ کی ضرورت کا احساس پیدا کرتی ہے۔ نیز یہاں موجودگی کے دوران زحل جائیداد سے متعلقہ تمام معاملات کی موافقت میں ہوتا ہے۔ چنانچہ وہ افراد جو ذاتی گھر حاصل کرنا چاہتے ہیں یا رہائش کی تبدیلی کے خواہاں ہیں۔ قسمت ان کا ساتھ دے گی۔ اس وقت گھر میں کسی نوعیت کی مرمت کی ضرورت ہوگی نیز گیس سے متعلقہ اشیاء کو ٹھیک کروائیں تاکہ آگ لگنے کا خطرہ نہ رہے۔ سرمایہ کاری اور معاہدات کے لیے ۳' ۲۵ فروری' ۱۷' ۲۵ مارچ' ۵' ۱۸ اپریل' ۱۹' ۲۰ جولائی' یکم اگست' ۷ ستمبر' ۴' ۱۱ اکتوبر' ۳' ۴' ۲۵ دسمبر کے سعد مواقعوں سے فائدہ اٹھائیں۔

طالع میں زہرہ اور عطارد ۶' ۷ اگست کو زحل سے نحس نظر قائم کریں گے تو آپ کو ایسے حالات درپیش آئیں گے کہ آپ اپنے گھر کے لوگوں سے دھوکہ کھا جائیں گے۔ تو بہتر ہوگا کہ تحریری معاہدے سے کام لیں زبانی کوئی کام نہ کریں۔ اگر

طویل المدت معاہدہ ہے تو ضرور تحریر میں لائیں۔ اگر کسی جائیداد کی خرید کا معاملہ ہے تو درست رہے گا۔ فروخت نقصان دے گا۔ اگر روپیہ کے حصول کے لئے رہن رکھنے کی ضرورت ہو تو بھی حتی الامکان ایسا نہ کریں۔ زحل التواء لاتا ہے لیکن بعض اوقات اس کی رکاوٹ بعد میں مفید بھی ثابت ہوتی ہے مثلاً کسی دوسری جگہ جانا چاہیں اور زحل کی رکاوٹ کی وجہ سے نہ جاسکے تو ممکن ہے بعد میں یہ احساس ہوا اچھا ہوا ہم وہاں نہیں گئے۔ اس طرح بعض آرڈروں کو منسوخ بھی کریں گے۔ کیونکہ دیر ہونے کی وجہ سے وہ پورے نہیں ہوسکے اس لئے ان کی التوا سے فکرمند نہ ہوا کریں۔ زحل ۶' ۱۵' ۲۵ مارچ' ۲۶ مئی' ۳' ۴' ۱۸' ۲۰ جون' ۱۳' ۲۴ اگست' ۱۰ دسمبر کو نحس نظرات قائم ہونگے۔

عطارد ۹ سے ۲۶ جنوری تک رجعت میں رہے گا۔ یہ رجعت پانچویں گھر میں لگنے سے محبت کے معاملات اور رابطے التواء کا شکار ہونگے۔ طالع کے مقابل عطارد نپ چون سے ۱۱ مارچ کو قران کرے گا تو دھوکہ اور فراڈ سے واسطہ پڑے گا۔ شراکت داری کے معاملے انتشار کا شکار ہونگے۔ سسرالی رشتہ داروں کے ساتھ تعلقات میں شدید اختلافات پیدا ہونگے۔ اس وقت رسک نہ لیں اور ضرورت ہو تو وکیل سے مشورہ لیں۔ اگر کسی قسم کے دستاویزات میں شک ہو تو لازمی تصدیق کے بعد دستخط کریں۔ ۲۳ مارچ کو عطارد آٹھویں گھر میں آجائے گا تو عطارد مریخ کی تثلیث بنے گی تو سارے مسائل حل ہونے شروع ہوجائیں گے۔ اس کے بعد آپ کے سامنے واضح صورتحال آجائے گی۔

عطارد کو نویں گھر میں ۲۸ اپریل سے ۲۲ مئی تک رجعت رہے گی۔ قانونی معاملے کٹھائی میں پڑجائیں گے۔ سفر اور تعلیم کے کئی معاملے التواء کا شکار ہونگے۔ ۲۵ مئی کو وتد السماء پر داخل ہوگا تو کیریئر میں بہتری آئے گی یا نئی ملازمت کے حصول کے لئے بہترین وقت ہوگا۔ جون میں لوگوں کی طرف سے پیش کی جانی والی اسکیموں کو نظر انداز کردیں یہ مالی مسائل لائیں گی۔ خصوصاً ۲' ۳' ۴' ۵' ۷' ۹' ۱۸' ۲۰' ۲۳ جون کو نحس نظرات قائم ہونگے تو شروع کرنے والا پروجیکٹ بہت مہنگا ثابت ہوگا۔ اس وقت آپ کو قرض لینے پر خوب زور دیا جائے گا۔ لہٰذا محتاط رہیں کسی سے وعدہ نہ کریں نہ قرض لیں۔ شروع جولائی میں پس پشت ہونے والے واقعات آئندہ زندگی پر بہتر اثر ڈالیں گے۔ ۳' ۵' ۷' ۸' ۱۰' ۱۷' ۱۹' ۲۰ جولائی کو مضبوط فلکی صورتحال پیدا ہوگی۔ مالی بہتری اور سوشل روابط کو بڑھانے میں یہ وقت ساتھ دے گا۔ خصوصاً جب آپ تبدیلی ملازمت کے خواہاں ہوں تو صحیح سمت میں آپ آگے بڑھ سکیں گے۔ مزاج سے ہم آہنگی زیادہ خوش بختی لائے گی۔ اپنی ذات پر اعتمادی زندگی بہتر بنانے کی طرف لے جائے گا۔

عطارد ۳۱ جولائی کو طالع میں داخل ہوگا تو ۳۰ اگست سے ۲۲ ستمبر تک اسے رجعت رہے گی۔ اس کی رجعت رکاوٹیں' تاخیر اور التواء لاتی ہے۔ لہٰذا جو مشکلات بھی پیش آئیں گی ان کی وجہ خود آپ کی لاپرواہی یا غیر حاضر دماغی ہوگی۔ اس وقت مالی معاملات کے لحاظ سے بھی مشکلات کا سامنا ہوگا۔ ۲' ۱۰' ۱۱' ۱۴ ستمبر' ۱۶ اکتوبر خاص طور پر غیر موافق تاریخیں ہوں گی۔ سود اصل مالی خطرات مول لینے کے لحاظ سے یہ وقت انتہائی غیر موافق ہوگا۔

عطارد ان کے خانہ مال کا حاکم ستارہ ہے۔ ۱۹' ۲۰' ۲۹ اکتوبر کو غیر موافق نظرات بنائے گا تو پریشانی اور نقصان لائے گا۔ اس وقت غلط فیصلے ہوں گے۔ رابطے' تحریری و مالی معاملات میں غلط فہمیاں پیدا کرے گا۔ اس وقت سخت احتیاط کی ضرورت ہوگی۔ ۲۳ نومبر کو عطارد زحل سے قران کرے گا تو گھریلو معاملات میں اختلاف رائے اور تنازعہ سے بچیں۔

یورنس ۳۰ جولائی سے ۲۹ دسمبر تک آٹھویں گھر میں رجعت کرے گا۔ آٹھواں گھر ٹیکس، انشورنس، ترکہ، وظائف اور شریک حیات کی آمدن سے بھی متعلق ہے۔ شروع کے چھ ماہ تک حالات کے مطابق فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ کیونکہ غیر متوقع صورتیں پیدا ہوں گی۔ یورنس نئے کام اور اسکیموں میں فائدہ دے گا اور ان سے یا کسی اور ذرائع سے اتفاقیہ روپیہ ملے گا۔ اس میں کاروباری اور گھریلو معاملات بھی آجاتے ہیں۔ جب یہ سعد ہوگا۔ تو غیر متوقع مال لائے گا اور رہائش یا خاندان کے متعلق مشکلات کا حل لائے گا۔ ۱۳ جنوری' ۶' ۲۷ فروری' ۳ مارچ' ۱۲' ۱۴' ۲۷ جون' ۲۷ جولائی' ۱۷ اگست' ۱۷ ستمبر' ۵' ۲۶ نومبر' ۷ دسمبر کو یورنس سعد نظرات بنائے گا۔ تو بڑی عمر کے لوگوں کو گھریلو زندگی کی خوشیاں اور محبت دے گا۔

Scanned by CamScanner

2016 کے امکانات

میزان والوں کے لئے جن کی پیدائش ستمبر ۲۴ سے ۲۳ اکتوبر کے درمیان ہے یا

جن کے نام کا حرفِ اوّل ر ۔ ت ۔ ط ہے

مالی لحاظ سے ۲۰۱۶ء خوش قسمت سال ہوگا۔ جو وسعت' ترقی کے مواقع اور خوش امیدی کا احساس لائے گا۔ ستارہ مشتری شروع سال سے ۹ ستمبر تک بارہویں گھر میں رہنے کے بعد طالع میں داخل ہوگا۔ یہ ستارہ جب طالع میں داخل ہوگا تو قسمت اور حالات میں تبدیلی لائے گا۔ کاروبار' کیریئر اور مالی معاملات میں مشتری بے حد خوش بختی عطا کرے گا۔

عطارد ۳ جنوری سے پانچویں گھر میں ہوگا۔ ۶ جنوری کو رجعت کرے گا اور ۲۶ جنوری کو مستقیم ہوگا تو ۱۴ فروری کو برج دلو میں داخل ہوگا۔ پانچویں گھر میں ۶ مارچ تک رہے گا۔ یہ وقت تبادلہ خیالات اور معلومات کے حصول کے لحاظ سے موافق ثابت ہوگا۔ کچھ لوگ گھر آئیں گے ان کے تعاون سے زندگی کو ایک نئی سمت ملے گی یا کسی کی خوش بختی گھر آئے گی۔ ۲۰ جنوری کو عطارد یورنس سے غیر موافق نظر قائم کرے گا۔ اس وقت تلخ کلامی سے پرہیز کرنا بہت ضروری ہوگا۔ چنانچہ یہ وقت کام کے معمولات کے لحاظ سے ناگزیر تاخیر یا انتشار لائے گا۔ عطارد کے مستقیم ہونے کے بعد زندگی میں ٹھہراؤ آ جائے گا۔ حالات کو اپنے حال پر چھوڑ دیں اور بے صبری سے پرہیز کریں۔ لہٰذا روپیہ کمانے کا کوئی بھی ذریعہ نفع بخش ثابت نہ ہوگا اور کاروبار کو وسعت دینے کے لئے نئے راستوں کی تلاش کے لحاظ سے بھی کچھ مشکلات آئیں گی۔ عطارد ۵' ۳۰ جنوری' ۵' ۱۵ مارچ کو غیر موافق نظر قائم کرے گا۔

عطارد ۲۳ مارچ سے ۶ اپریل تک طالع کے مقابل رہے گا۔ ۲۵ مارچ کو شمس وعطارد کا قران ہوگا جس سے گھر میں انتشار کی نشاندہی ہورہی ہے۔ سسرالی رشتہ داروں یا وہ لوگ جو آپ سے کھلی دشمنی رکھتے ہیں اس وقت محتاط رہیں ضرورت سے زیادہ مخالفت نقصان ملے گا۔ عطارد آٹھویں گھر میں ۱۲۸ اپریل سے ۲۲ مئی تک رجعت میں رہے گا۔ اس دوران لوگوں کا تعاون حاصل نہ ہوسکے گا۔ کام کے معمولات میں تبدیلی لانی پڑے گی۔ گھر اور جائیداد پر فوری توجہ کے حامل کاموں پر توجہ دیں۔ اگر کسی موزوں ملازمت کی تلاش میں ہیں تو اس وقت معمولی نوعیت کی رکاوٹوں یا مایوسیوں سے پریشان نہ ہوں کیونکہ ۱۴ اپریل کو عطارد مشتری کی سعد نظر آپ کی موافقت میں ہوگی۔ لہٰذا موزوں مواقع ضرور میسر آئیں گے اور کوششوں کا اجر ملے گا۔ عطارد ۶' ۲۵' ۲۷ فروری' ۲۵' ۳۰ مارچ' ۱۲' ۱۴' ۱۱ اپریل' ۳۱ مئی' ۲۷ جون' ۸' ۱۱' ۱۹' ۲۷ جولائی' ۱۱۱ اگست' ۳' ۲۳ ستمبر' ۱۴' ۱۳۰ اکتوبر' ۱۵' ۲۲' ۲۶ نومبر' ۱۰ دسمبر کو سعد نظرات قائم کرے گا۔

ستارہ عطارد ۳۰ جون سے ۱۵ جولائی تک وتد السماء پر رہے گا تو خط وکتابت' ای میل اور انٹرنیٹ کے ذریعے رابطے بڑھ جائیں گے۔ کیریئر وملازمت اور ترقی سے متعلق جو بھی ارادے ہوں ان پر عمل کریں' اہم افراد سے ملیں۔ یہ وقت صحیح معلومات کے لئے بھی سودمند ہوگا۔ اگر آپ کسی مشترکہ سرگرمیوں میں شامل ہیں تو اختلافات کو دور کرنے کے لئے تیار رہیں۔ بارہویں گھر میں ۳۰ اگست سے ۲۲ ستمبر تک عطارد رجعت میں رہے گا۔ غلط افواہوں سے نقصان پہنچے گا۔ غلط اور جھوٹ باتیں کہی جائیں گی۔ لوگ بے وجہ دشمنی پیدا کریں گے۔ اپنی صحت پر توجہ دیں اور احتیاط کریں۔

۱۸ اکتوبر کو طالع میں داخل ہوگا تو زندگی میں سکون آئے گا۔ ۱۱۱ اکتوبر کو عطارد مشتری کا قران اور ۱۳ کو عطارد زحل کی تسدیس ہوگی جس سے اس ماہ بے شمار امیدیں اور خواہشات پوری ہو جائیں گی۔ رابطے' درخواستیں اور تعلیمی امور کے معاملات آسانی سے مکمل ہو جائیں گے۔ عطارد ۱۲۵ اکتوبر کو خانہ مال میں ہوگا۔ یہ وقت مالی اور تجارتی سرگرمیوں کے لحاظ سے ازسرِنو سوچ کا متقاضی ہوگا۔ کسی بھی نئے کام کو اس کے تمام پہلوؤں پر غور کئے بغیر آگے بڑھانا ٹھیک نہیں ہوگا۔ مالی اور کاروباری معاملات کے لحاظ سے ۱۸ نومبر کو خاص طور پر محتاط رہیں۔ ۳ دسمبر کو چوتھے گھر میں داخل ہوگا اور ۱۹ دسمبر کو رجعت کر جائے گا۔ سال کے آخر میں اپنے معاملات پر خاص توجہ دیں۔

۲۳ مارچ کو طالع میں چاند گرہن لگے گا۔ جو متنبہ کررہا ہے کہ اس وقت تمام مالی اور تجارتی سرگرمیوں میں ضرورت سے زیادہ محتاط رہیں۔ چنانچہ یہ ایسا وقت نہیں ہے کہ جب خطرات مول لئے جائیں یا کسی نئے کام میں ہاتھ ڈالا جائے یا کسی کام کو زبردستی آگے بڑھایا جائے۔ بہتر ہوگا کہ اس وقت صرف اپنے کام سے کام رکھیں اور دوسروں کے معاملات میں ہرگز دخل اندازی نہ کریں۔ نہ صرف آپ کو بلکہ آپ کے شریک کو بھی ان تمام باتوں کا خیال رکھنا چاہئے۔

آپ کا حاکم ستارہ زہرہ شروع سال سے چوتھے گھر میں موجود ہے زہرہ یورنس کی تثلیث اچھے حالات اور گھر میں والدین کے ساتھ مل کر بہتر کرنے کی کوشش کی جائے گی۔ کاروباری امور کے لیے ۱' ۳' ۲۵ مارچ موافق رہے گی۔ ۱۱۶ اپریل کو زہرہ طالع کے مقابل آ جائے گا۔ اس وقت اگر پرانے تعلقات کو ازسرِنو تازہ کیا تو بہت موافق نتائج سامنے آئیں گے۔ وہ لوگ جن کی شادی ہونے والی ہے یا جو شادی کرنا چاہتے ہیں ان کے لئے اپریل' مئی خوش قسمت ثابت ہوگی۔ تاخیر کے عنصر کا خاتمہ ہو جائے گا اور معاملات آگے بڑھنے لگیں گے۔ میزان سے متعلقہ غیر شادی شدہ افراد کے لئے ایک نئے تعلق کے آغاز کی نشاندہی ہورہی ہے یہ وقت مادی اور مالی معاملات میں بھی بہتری لائے گا جس سے مستقبل کے متعلق اپنے آپ کو زیادہ پر اعتماد محسوس کرنے لگیں گے۔ محبت کے معاملات کے لحاظ سے ۱۳' ۱۴' ۱۸' ۱۱ اپریل' ۳' ۹' ۱۰' ۱۴ مئی کی موافق تاریخیں ہوں گی۔

۱۲ جون کو زہرہ یورنس کے ساتھ سعد نظر قائم کرے گا۔ جس کا مطلب یہ ہے کہ نہ صرف کسی مثالی شخصیت سے ملنے کا موقع ملے گا بلکہ یہ تعلق وقت کی آزمائش پر پورا اترے گا۔ وہ میزانی والے افراد جن کی اس ماہ شادی ہوگی۔ ان کے لئے یہ وقت خاص طور پر موافق ہوگا۔ جب کہ شادی شدہ افراد کے تعلقات میں مزید مضبوطی پیدا ہوگی۔ یہ وقت محبت کے معاملات کے لحاظ سے سعد ثابت ہوگا۔ ۲۷ جون کو کسی بے حد اہم شخصیت سے ملاقات کا امکان ہے۔ یہ محض وقتی تعلق نہیں ہوگا بلکہ بے حد مضبوط ہوگا۔ کوئی ایسا شخص زندگی میں داخل ہوگا جو آپ کی حقیقی صلاحیتوں کی نشوونما میں مدد دے گا۔

مالی لحاظ سے مئی اور جولائی خوش قسمت ماہ ہونگے۔ زہرہ بارہویں گھر میں داخل ہوگا تو پہلے سے موجود مشتری سے ۱۲۸ اگست کو قران کرے گا چنانچہ اس وقت اہم واقعات رونما ہوں گے۔ لطیف نوعیت کی وہ تبدیلیاں جو باطنی طور پر آپ میں پیدا ہورہی ہیں وہ اس وقت ظاہر ہو جائیں گی۔ کسی شخص سے اتفاقیہ ملاقات ان نفسیاتی تبدیلیوں کو ظاہر کرنے کا ذریعہ بنے گی۔ زہرہ ۱۱۹ اکتوبر کو تیسرے گھر میں داخل ہوگا تو زحل سے قران اور نپچون سے تربیع بنائے گا اس وقت رشتہ داری' دوست اور بہن بھائی کے تعلقات بری طرح متاثر ہونگے۔ بیرون ملک سفر میں تاخیر سے واسطہ پڑے گا۔ ۵' ۲۰ نومبر' ۲۵ دسمبر کو زہرہ سعد نظر قائم کرے گا۔ تو تعلقات نئے بنیں گے۔ رشتے فوری آئیں گے۔ یہ وقت دیرپا تعلقات بنائے گا۔ آپ کے بچوں کی ترقی اور خوش قسمتی کی راہیں کھل جائیں گی۔

مشتری شروع سال سے ۹ ستمبر تک بارہویں گھر میں رہے گا۔ اس گھر میں مشتری کے داخلے کے ساتھ ہی تبدیلی کا آغاز ہو چکا ہے۔ مشتری ۸ جنوری سے ۹ مئی تک رجعت میں رہے گا۔ چنانچہ غیر یقینی کی کیفیت رہے گی۔ ۹ مئی کو مستقیم ہونے کے بعد اب معاملات کو مکمل کرنے کے لئے ضروری اعتماد حاصل ہوگا۔ پس پردہ صورتحال آپ کی موافقت میں ہوگی۔ یہ وقت سخت محنت کا ہوگا۔ لیکن جو کچھ حاصل کرنا چاہیں گے اسے حاصل کر سکیں گے۔ میزانی افراد ماضی سے نجات حاصل کرنے اور زندگی کو ازسرِنو ترتیب دینے میں بے حد طویل وقت لگاتے ہیں۔ میزانی افراد کو خود بھی درپردہ مدد آور اثرات کی موجودگی کا احساس ہونے لگے گا۔ ۱۴ جنوری کو شمس مشتری کی تثلیث' ۱۵ کو عطارد مشتری کی تثلیث ہوگی۔ اس وقت میزانی افراد اپنی ایسی باطنی اور خفیہ قوتوں سے آگاہ ہوں گے جو اکثر رہنمائی کرتی ہیں۔ وہ افراد جو اپنی وجدانی

Scanned by CamScanner

صلاحیتوں کو بہتر بنانا چاہتے ہیں۔ ان کے لئے یہ وقت بہت موافق ثابت ہوگا۔ پیشہ وارانہ معاہدات کے لئے ۳، ۶، ۱۰، ۲۵ فروری، ۱، ۳، ۲۵، ۳۰ مارچ، ۵، ۱۴، ۱۸، ۱۱ اپریل، ۳، ۱۰، ۹ مئی، ۱۲، ۱۴، ۲۷ جون، ۲، ۸، ۱۰، ۱۹، ۲۰ جولائی، ۲، ۲۶ ستمبر، ۴، ۱۴، ۶، ۱۲، ۱۱ اکتوبر، ۲۲ نومبر، ۱۲، ۲۵ دسمبر کی تاریخیں موافق ثابت ہونگی۔

مشتری ۹ ستمبر کو طالع میں داخل ہوجائے گا۔ جس سے سرگرمی اور تجربے میں وسعت لانے والے وقت کا آغاز ہو جائے گا اور حوصلہ افزا حالات سے واسطہ پڑے گا۔ آپ میں ضروری قوت وطاقت ہوگی۔ لہٰذا کوششوں کا آغاز کر کے کام کے معاملات میں مرضی کے مطابق تبدیلیاں لائیں گے۔ مشتری کی موجودگی خوش بختی، وسعت اور ترقی کے مواقع لائے گی۔ لہٰذا اس سعد وقت سے فائدہ اٹھائیں۔ اہم سرگرمیوں کو آگے بڑھائیں اور زندگی کو بہتر بنانے پر مکمل توجہ مرکوز کریں۔ بارہ سال بعد یہ خوش قسمت وقت آیا ہے اسے ہاتھ سے جانے نہ دیں۔

ستارہ مریخ سال کے آغاز سے خانہ مال میں ہوگا جہاں وہ ۷ مارچ تک رہے گا اور ۵ جنوری کو عطارد سے تربیع، ۱۸ جنوری کو نپ چون سے تثلیث، ۳ فروری کو پلوٹو سے تسدیس، ۱۴ فروری کو مشتری سے تسدیس، ۵ مارچ کو عطارد سے تربیع بنائے گا۔ اگر آپ رشتہ دار یا دوستوں کے ساتھ شراکت میں ملوث ہیں تو اس وقت اختلافات کھل کر سامنے آئیں گے۔ یہ وقت تمام مالی معاملات میں ایمانداری کا متقاضی ہوگا۔ نپ چون کے ساتھ ہمیشہ یہ خطرہ ہوتا ہے کہ آپ یا آپ کا شریک غلط راستہ اختیار کرتا ہے۔ لہٰذا یاد رکھیئے کہ اگر پیچیدگیاں اور الجھنیں پہلے ہی موجود ہیں تو کوئی ایسا قدم ہرگز نہ اٹھائیں جو معاملات کو مزید بدتر کر دے۔ تاہم مشتری پلوٹو سے ۱۷ مارچ کو سعد نظر بنائے گا جس سے حالات بہتر ہونے لگیں گے۔ یہ وقت مادی اور مالی لحاظ سے زائد اعتماد پیدا کرے گا۔ طویل المعیاد منصوبوں سے متعلقہ معاملات کے لیے نئے حالات اور نئے دور لائے گا۔ مریخ ۱۷ اپریل سے ۳۰ جون تک رجعت میں رہے گا۔

مریخ ۲۴ اگست کو زحل سے قران اور ۲۶ اگست کو نپ چون سے تربیع بنائے گا۔ ملازمین سے ہوشیار رہیں، ملازمت یا روزگار میں اپنی خواہشوں کو نہ بڑھائیں ورنہ کسی بھی جگہ پھنس جائیں گے۔ ۶، ۱۹، ۲۹ اکتوبر کو مریخ نحس نظر قائم کرے گا۔ ضرورت سے زیادہ خوش امیدی اور فضول خرچی کے ذریعے نقصان کی نشاندہی ہو رہی ہے۔ زمین یا جائیداد کے معاملات میں دھوکہ یا فریب ہوگا۔ نشہ آور اشیاء کے استعمال سے قانونی پکڑ میں آئیں گے۔ ذلت و بدنامی ہوگی۔ مالی امور پر خاصا دباؤ پڑے گا۔ اس وقت اگر جلد بازی سے گریز کریں تو امیر بنانے والی کسی بھی اسکیم میں شامل نہ ہوں۔ سرمایہ کاری کرنی ہو تو ایک خاص حد کے اندر رہتے ہوئے روپیہ لگائیں۔ مریخ ۲۸ ستمبر سے زائچے کے چوتھے گھر میں گزارے گا۔ یہ وقت آپ کی زندگی میں درپردہ بڑی تبدیلی لائے گا۔ یہ ایسا وقت ہوگا جب ماضی سے آپ کا تعلق مضبوط ہوجائے گا۔ بندھن دوبارہ بندھ جائیں گے۔ اور آپ اپنے طرز زندگی میں نیا پن پیدا کرنے اور زیادہ خود مختاری حاصل کرنے کا مصمم ارادہ کرلیں گے۔

زحل آپ کے زائچہ کے خانہ سوم میں سارا سال رہے گا۔ جو عزیزوں، خط و کتابت، سفر اور ٹرانسپورٹ سے متعلق ہے۔ زحل ۲۵ مارچ سے ۱۳ اگست تک رجعت کی حالت میں رہے گا۔ لہٰذا خاندانی مشکلات سر اٹھائیں گی۔ بہن بھائیوں کے معاملات سردردی کا باعث ہوں گے۔ جس سے کام پر اثر پڑے گا۔ وہ لوگ جن کا کام ٹرانسپورٹ کا ہے۔ ان کو کام سے مفاد نہ ملے گا اور اخراجات بہت ہوں گے۔ بعض اعزا سے تعلقات ٹوٹ جائیں گے۔ وہ عزیز جو عمر میں بڑے ہیں۔ ریٹائر ہوں گے ان کی ذمہ داری کندھوں پر آپڑے گی۔ اس وقت جو بھی مشکلات آئیں، ان کو عقلمندی سے نبھائیں اور درگزر سے کام لیں۔ نئے تعلقات اور رشتہ داری قائم کرنا بھی فائدہ دے گا۔ اہم معاملات کو طے کرنے کے لئے ۳، ۲۵ فروری، ۱، ۳۰ مارچ، ۵، ۱۸، ۱۱ اپریل، ۱۹، ۲۰ جولائی، ۷ ستمبر، ۴، ۱۴، ۱۱ اکتوبر، ۳، ۲۵ دسمبر کی تاریخیں موافق رہیں گی۔

ساتویں گھر میں یورنس کی موجودگی طلاق اور علیحدگی لاتی ہے۔ چنانچہ اگر ازدواجی زندگی میں مسائل کا سامنا ہے تو ۲۰۱۶ء ایسا سال ہوگا جب تعلقات یا تو بن جائیں گے یا ختم ہوجائیں گے۔ میزانی افراد کے ساتھ مسئلہ یہ ہے کہ خراب حالات کے باوجود علیحدگی اختیار کرنا ان کے لئے بہت مشکل ہوتا ہے۔ حالات بہتر ہوجانے کی امید میں دن گزرتے رہتے ہیں اور یہی چیز عموماً بے حد تکلیف پہنچاتی ہے۔ یورنس ۳۰ جولائی سے ۲۹ دسمبر تک رجعت میں رہے گا۔

2016 کے امکانات

عقرب

والوں کے لئے جن کی پیدائش اکتوبر ۲۴ سے ۲۲ نومبر کے درمیان ہے یا

جن کے نام کا حرفِ اوّل ن۔ ظ۔ ذ۔ ض۔ ز ہے

محبت کے معاملات کے لحاظ سے سال کا آغاز ان تعلقات کی موافقت میں ہوگا۔ جو پہلے سے قائم ہیں۔ زائد سکون اور خوشی کے احساس کی نشاندہی ہو رہی ہے۔ جب کہ وہ افراد جن کی شادی ہونے والی ہے۔ ان کے سارے کام باآسانی انجام پائیں گے۔ شروع مارچ میں زہرہ بہت باقوت ہوگا اور زہرہ یورنس سے باقوت نظر قائم کرے گا۔ غیر شادی شدہ افراد کے لئے یہ نظر مثالی ساتھی سے ملاقات کی نشاندہی کر رہی ہے۔ جب کہ عقرب سے متعلقہ بعض افراد کی کسی ایسی شخصیت سے ملاقات ہوگی۔ جسے وہ ماضی میں بہت پسند کرتے تھے یا کوئی ایسا تعلق جسے کچھ عرصے قبل مجبوراً ختم کرنا پڑا تھا۔ وہ اب دوبارہ قائم ہوجائے گا۔

۹ مارچ کا سورج گرہن محبت کے معاملات کے لحاظ سے خیالات میں تبدیلی کی نشاندہی کر رہا ہے۔ ان معاملات کے لحاظ سے ۲۵، ۲۶ مارچ، ۱۳، ۱۸ اپریل سعد ثابت ہوگی۔ اس وقت کوئی بالکل غیر اہم ملاقات آنے والے مہینوں میں اس وقت گہرے تعلق میں بدل جائے گی۔ جب زہرہ مریخ و زحل سے باقوت اثر ظاہر کرے گا۔

زہرہ شروع سال سے تیسرے گھر میں موجود ہوگا۔ اس وقت ضرورت سے زیادہ اخراجات میں اضافہ ہوگا۔ تعلیمی سرگرمیوں میں بہن بھائی کے اخراجات بڑھ جائیں گے۔ دوست نئے بنیں گے۔ سفر اہم رہے گا اور لوگوں سے ملنا جلنا زیادہ ہوگا۔ مہمان زیادہ آپ کا وقت لیں گے۔ کوئی خاص مہمان اس ماہ آئے گا۔ کوئی تقریب زندگی کا اہم موڑ ثابت ہوگی۔

زہرہ یکم مئی کو طالع کے مقابل ہوگا۔ جہاں نپ چون سے تسدیس، مشتری سے تثلیث ہوگی۔ یہ وقت جذباتی تناؤ کا خاتمہ کردے گا اور محبت کی بنیادوں پر قائم تعلقات کو مزید مضبوط بنا دے گا۔ وہ افراد جن کی شادی کی راہ میں رکاوٹیں حائل رہی ہیں وہ بھی اب دور ہوجائیں گی اور جن لوگوں کی اس وقت شادی ہوگی انہیں اس تعلق کے ذریعے سکون اور خوشی ملے گی۔

زہرہ ۲۵ مئی کو آٹھویں گھر میں داخل ہوجائے گا۔ جس سے محبت کے معاملات کے لحاظ سے تسلی بخش وقت کی نشاندہی ہو رہی ہے۔ ۳ جولائی کو زہرہ مشتری سے تسدیس، ۷ کو مریخ سے تثلیث اور ۲۰ کو زحل سے تثلیث بنائے گا تو یہ امتزاج محبت کے معاملات کے لحاظ سے موافق وقت کی نشاندہی کر رہا ہے۔ تاہم ان معاملات کے لحاظ سے ضرورت سے زیادہ حاکمانہ رویہ اختیار کرنے سے پرہیز کریں۔ موجودہ قریبی تعلقات کی مضبوطی کی نشاندہی کر رہی ہے۔ اس ماہ قلبی سکون حاصل کرنے کے لیے بیرون ملک سفر کریں گے۔ سفر کے ذریعے کوئی اہم شخصیت زندگی میں داخل ہوگی یا کوئی غیر ملکی شخصیت پسند آئے گی یا کوئی علاقہ بہت پسند آئے گا۔

زہرہ ۱۶ اگست کو گیارہویں گھر میں داخل ہوگا اور ۲۸ اگست کو مشتری سے قران اور ۷ ستمبر کو زحل سے تسدیس بنائے گا۔ ان دنوں مالی معاونت حاصل کرنے، اسکیم بنانے یا اچھی قیمت پر کسی چیز کو فروخت کرنے کے لحاظ سے بھی سعد ثابت ہوں گی۔ ان تاریخوں میں نسبت و شادی کرنے، تعلقات کی تجدید نو کرنے، بونس ملنے، کسی قسم کی وصولی ہونے، تحفہ ملنے یا

Scanned by CamScanner

انعام نکلنے کی نشاندہی بھی ہو رہی ہے۔

صحت کے معاملات کے لحاظ سے ۱۰، ۱۱، ۱۲، ۱۴ ستمبر احتیاط کی متقاضی ہوگی۔ ان دنوں کسی بزرگ کی صحت کی وجہ سے بھی پریشانی کا امکان ہے۔ نپ چون اور یورینس دونوں وسط نومبر و دسمبر میں مستقیم ہو جائیں گے۔ اگر آپ شفا بخشی کے متبادل طریقوں میں دلچسپی رکھتے ہیں تو یہ وقت موافق ثابت ہوگا۔ ۱۸، ۲۳، ۲۵ نومبر کو دفتر یا کام کی جگہ پر محتاط رہنے کی ضرورت ہوگی۔ دھوکہ ملے گا یا اس وقت حادثے کا اندیشہ ہے۔ ۸ دسمبر کے بعد موسمی اثرات کی وجہ سے صحت متاثر ہوگی یا گھر کے کسی بیمار فرد یا دوست یا کسی رشتہ دار کو چند دنوں کے لئے آپ کی مدد کی ضرورت پڑے گی۔

مالی معاملات کے لحاظ سے سال کا آغاز بھاری اخراجات لائے گا۔ روپے کی وصولی میں بھی التواء کا سامنا ہوگا۔ مشتری ۸ جنوری سے ۹ مئی تک رجعت میں رہے گا۔ مشتری ۹ ستمبر تک گیارہویں گھر میں رہے گا تو یہ ۱۴ فروری کو مریخ اور ۱۷ مارچ کو پلوٹو سے سعد نظر بنائے گا اور سوشل تعلقات کی اعلیٰ قدریں قائم کرے گا۔ دوست اور حلقہ کے لوگ مدد کریں گے۔ کام اور امیدوں میں کامیابی حاصل ہوگی۔ دل مذہب، مذہبی انجمنوں اور خدمت خلق کے کاموں کی طرف رجوع کرے گا۔ سوشل تعلقات اور سوشل کاموں میں مالی مفاد حاصل ہوگا۔ یہ سال سوشل تعلقات اور اقتصادیات کے درمیان ایک پل تعمیر کرنے کا ہے۔ اگر اس میں کامیاب ہوئے تو روپیہ بہت ملے گا۔ مئی و جون میں ضرورت سے زیادہ خواہشات کو کنٹرول کریں اور اپنے اخراجات کا بھی خیال رکھیں اور طویل المدت کی سرمایہ کاری کے لیے ۱۴ جنوری، ۶، ۱۰، ۱۴ فروری، ۱۷ مارچ، ۴، ۱۱ اپریل، ۳، ۱۰ مئی، ۲، ۸، ۱۰ جولائی، ۶، ۱۲ اکتوبر، ۲۲ نومبر، ۲، ۲۵ دسمبر موافق تاریخیں ہونگی۔

سعد ستارہ مشتری ۹ ستمبر کو برج تبدیل کرے گا اور بارہویں گھر میں آ جائے گا۔ مشتری یہاں ایک سال کا عرصہ گزارے گا۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ پس پردہ رونما ہونے والے حالات آپ کی دلچسپیوں کی موافقت میں ہوں گے اور باطنی اطمینان و سکون کا احساس پیدا کریں گے۔ مشتری دوستی کے معاملات سے متعلقہ گھر سے نکل جانے کے بعد در پردہ خفیہ معاملات، صحت اور فلاحی سرگرمیوں میں اہم نوعیت کی تبدیلیاں آئیں گی۔ قانونی معاملات پر توجہ دیں۔ بعض نئے دوست زندگی میں داخل ہوں گے بہت مددگار رہیں گے اور بھرپور ساتھ دیں گے۔ ۹، ۱۱ اکتوبر کے قریب خاص طور پر ایسا ہوگا۔

آپ کا حاکم ستارہ مریخ ۴ جنوری سے ۶ مارچ تک طالع میں رہے گا۔ مریخ برج قوس میں داخل ہوگا تو ۱۷ اپریل کو رجعت کر جائے گا اور ۲۹ مئی کو برج عقرب میں داخل ہوگا اور ۳۰ جون کو مستقیم ہوگا۔ ۳ اگست سے ۲۸ ستمبر تک برج قوس میں رہے گا۔

مریخ کی طالع میں غیر معمولی سرگرمی اور روزمرہ کے عام معمولات میں تبدیلی کی نشاندہی ہو رہی ہے۔ کئی لحاظ سے یہ ایسا وقت ہوگا جب اپنی اصل شخصیت اور فطرت کے مطابق عمل کریں گے۔ ذہنی بے چینی، ہر کام کو جلد کرنے کی خواہش، دوسروں سے ممتاز سمجھنا، بہت کچھ کر جانے کی خواہش، خیالات کی بلندی سے بے حد تبدیلی رونما ہوگی۔ ۱۸ جنوری، ۳، ۷ فروری، ۲۵، ۲۶ مارچ، ۳، ۱۳ اپریل، ۷، ۱۱، ۱۷ جولائی کے سعد نظرات میں جو کچھ حاصل کرنا چاہتے ہیں اس کے حصول کے لئے کوششوں کے لحاظ سے یہ وقت موافق رہے گا۔ اگرچہ بعض اوقات کام کا بوجھ خاصا بڑھ جائے گا۔ لیکن زائد ذمہ داریوں سے نمٹنے کے لئے ضروری قوت اور جذبہ آپ میں موجود ہوگا یہ بات بھی ذہن میں رہے کہ اس وقت ذاتی کوششیں ہی کامیابی لائیں گی۔ ۳ اگست کو مریخ خانہ مال میں داخل ہوگا یہاں ۲۴ اگست کو زحل سے اور ۲۶ کو نپ چون سے نحس نظر قائم کرے گا۔ اس غیر موافق نظر میں مالی معاملات اور لین دین میں بحث و تکرار اور جارحانہ رویہ اختیار کرنے سے پرہیز کریں۔ ۵ جنوری، ۵ مارچ، ۹ جون، ۳۰ جولائی، ۲، ۱۴ ستمبر، ۱۴، ۱۱ اکتوبر کے دوران ٹریفک کے قوانین کی سختی سے پابندی کریں۔ نیز ان دنوں حادثات کا اندیشہ بھی ہے۔ اس لئے حفاظتی تدابیر اختیار کریں۔ وہ افراد جو کھیلوں میں دلچسپی رکھتے ہیں انہیں بھی ان دنوں احتیاط رکھنی چاہیے۔

زحل شروع سال سے خانہ مال میں ہوگا۔ اسے ۲۵ مارچ سے ۱۳ اگست تک رجعت رہے گی۔ سال کے شروع کے

تین ماہ کاروباری مقاصد اور سرمائے کی گردش کو بڑھانے کی پوزیشن میں ہونگے۔ زحل کے رجعت کے دوران آپ فوری طور پر بہت سارا روپیہ کما نہیں سکیں گے۔ لیکن اپنے جانے پہچانے راستے پر ثابت قدمی سے گامزن رہ کر اپنے مالی حالات میں بہتری پیدا کر سکیں گے۔ زحل ۲۶ مئی، ۳، ۴، ۱۸، ۲۰ جون، ۶ اگست کو نحس نظرات بنائے گا۔

لہٰذا اب کئی سال بعد مادی سرگرمیوں کو زیادہ مستحکم بنیادوں پر استوار کرنے کا موقع ملے گا اور ماضی کی کوششوں کا اجر ملنا شروع ہوگا۔ زحل عموماً پابندیوں کی نشاندہی کرتا ہے۔ چنانچہ گزشتہ سالوں کے دوران یہ پابندیاں آپ نے مالی معاملات میں محسوس کی ہوں گی۔ مالی معاملات کے لیے ۳، ۲۵ فروری، کیم مارچ، ۱۸، ۱۱ اپریل، ۱۹، ۲۰ جولائی، ۷ ستمبر، ۴، ۱۴، ۱۱ اکتوبر، ۳ دسمبر سعد تاریخیں ہونگی۔

عطارد ۵ سے ۲۶ جنوری تک تیسرے گھر میں رجعت و استقامت رہے گی۔ سفر، تعلیمی سرگرمیوں اور تعلقات میں التواء سے واسطہ پڑے گا۔ ۶ مارچ کو پانچویں گھر میں آئے گا تو عطارد وزحل کی تثلیث کی وجہ سے کاروباری افراد جو آنے والے مہینوں میں اپنی سرگرمیوں میں تبدیلی لانا چاہتے ہیں کواکب ان کی موافقت میں ہوں گے۔ عطارد ۶ اپریل کو طالع کے مقابل آئے گا تو ۲۸ اپریل سے ۲۲ مئی تک اسے رجعت رہے گی اس وقت لوگوں کی ظاہری حالتیں دھوکہ دیں گی۔ کسی بھی مشکوک کام میں ہاتھ نہ ڈالیں۔ اس وقت کسی بھی مالی اسکیم میں روپیہ نہ لگائیں۔ نہ ہی کسی بڑے پراجیکٹ میں حصہ لیں۔

عطارد ۸ جولائی کو مشتری اور ۱۱ کو مریخ سے سعد نظر بنائے گا جس سے فاضل اوقات کے مشاغل پر دباؤ پڑے گا۔ کسی مشغلے کو آمدنی کا ذریعہ بنانے کی نشاندہی ہو رہی ہے۔ اس وقت اگر کسی شخص کی شراکت میں کام کرنے کا موقع ملے تو اس سے ضرور فائدہ اٹھائیں کیونکہ یہ ایک خوش قسمت قدم ہوگا۔ دراصل آمدنی میں اضافے کے لئے نئے ذرائع کی تلاش بہت موافق ثابت ہوگی۔ ۱۹، ۲۷ جولائی کو اپنی صلاحیتوں اور ذہانت کو کسی نفع بخش کام میں استعمال کرنے کے متعلق سنجیدگی سے سوچیں۔ کیونکہ اب کسی بھی تخلیقی صلاحیت کے ذریعے روپیہ کمانے کا موقع ملے گا۔ ایسی صلاحیتوں کی بنیاد پر ہی اب خود مختار طرز زندگی اختیار کرنا آپ کے ہاتھ میں ہوگا۔

عطارد ۲۲ اگست کو مشتری سے قران کرے گا ان دنوں آپ کی کوئی خواہش پوری ہو جائے گی۔ ملازمت پیشہ افراد کو نئی ملازمت کی پیشکش یا غیر متوقع ترقی کی خبریں ملیں گی۔ ۱۲ ستمبر مالی معاملات کے لحاظ سے احتیاط کی متقاضی ہوگی۔ ان تاریخوں میں قیمتی اشیاء کی خریداری کرتے ہوئے خاص طور پر محتاط رہیں۔ عطارد ۳۰ اگست سے ۲۲ ستمبر تک رجعت میں رہے گا۔ لہٰذا آپ کی توقعات جس سے بھی ہوں وہ پوری نہ ہونگی۔ ۲۳ نومبر کو عطارد وزحل کا قران ہوگا تو مالی سودے بازی نہ کریں۔ قانونی معاہدات و جائیداد کے امور میں غلطیاں ہونگی۔ کیریئر اور جاہ طلبی کے لحاظ سے اگر اہم فیصلے کرنے ہیں۔ صحیح وقت پر صحیح لوگوں سے رابطہ قائم نہ ہوگا۔

آپ کا حاکم ستارہ پلوٹو تیسرے گھر میں ہے اور دوسرا حاکم ستارہ مریخ ۱۹ اکتوبر کو قران کرے گا۔ یہ دونوں ستارے جب ایک ساتھ کام کرتے ہیں۔ تو زندگی میں اہم واقعات لاتے ہیں اور ماضی بعید سے متعلق کسی چیز میں ملوث کرتے ہیں۔ امکان ہے کہ کوئی ایسا شخص جسے دیکھے ہوئے یا جس کے متعلق کوئی بات سنے ہوئے عرصہ گزر چکا ہے۔ وہ دوبارہ آپ کی زندگی میں داخل ہو جائے گا یا کسی ایسے شخص کو پسند کرنے لگیں گے۔ جس سے وقتاً فوقتاً ملاقات ہوتی رہی ہیں، نیز یہ بات بھی علم میں آئے گی کہ یہ شخص مستقبل میں کسی وقت آپ کی زندگی میں اہم کردار ادا کرے گا اور واقعات دوبارہ پلٹ کر آئیں گے۔ وہ عقربی افراد جو تعلیمی سرگرمیوں میں ملوث ہیں یا امتحان دے رہے ہیں۔ ان کے لئے یہ ماہ خاصا سخت ثابت ہوگا۔

سال کے آخری مہینے میں آپ کو بھاری ذمہ داریاں اٹھانی پڑیں گی۔ کام کی زائد ذمہ داری آ پڑے گی۔ جس کے ذریعے اپنی صلاحیتوں کو آزمانے اور ان لوگوں کو متاثر کرنے کا موقع ملے گا۔ جو آنے والے سال میں مقاصد کو آگے بڑھانے میں آپ کی مدد کر سکیں گے۔

Scanned by CamScanner

قوس

والوں کے لئے جن کی پیدائش نومبر ۲۳ سے ۲۲ دسمبر کے درمیان ہے یا

2016 کے امکانات

جن کے نام کا حرفِ اوّل ف ہے

قوس والوں کے طالع میں زحل کے ہونے کی وجہ سے معاملات زندگی میں تبدیلی آئے گی۔ آنے والے وقت میں روپیہ کی قدر و قیمت میں واضح فرق آئے گا۔ جن کے ارادے ذرا مضبوط ہوئے وہ اپنے ارادوں' اسکیموں اور تخیلات کو تبدیل کر کے حالات کے مطابق کرلیں گے۔ بعض کو شادی یا بوڑھے والدین کا بوجھ آن پڑے گا۔ کافی دوست بنائیں گے' جوان کی مدد کریں گے اور سوشل مصروفیات پیدا کریں گے۔

زحل طالع میں داخل ہو چکا ہے یہاں یہ دو سال تک رہے گا۔ اگر آپ نے معاملات کو درست رکھا ہے اور محنت کی تو باطنی لحاظ سے آپ بے حد مضبوط ہو جائیں گے اور قابل قدر تجربات سے بھی واسطہ پڑے گا۔ گزشتہ دو سال کے عرصہ کے دوران جو کچھ سیکھا ہوگا وہ اب مستقبل میں آپ کے کام آئے گا۔ زحل ۲۵ مارچ سے ۱۳ اگست تک رجعت میں رہے گا۔

برج قوس میں زحل کو اعلیٰ قوتوں کا درجہ حاصل ہوتا ہے۔ اس کے ہونے کی وجہ سے زندگی میں بہت سی تبدیلیاں آئیں گی۔ ان تبدیلیوں کو سمجھنا بے حد ضروری ہے۔ ورنہ زندگی ایک ایسے رخ پر چلے گی جسے بہتر نہیں کہا جا سکتا۔ غم و فکر کے علاوہ کاموں میں رکاوٹ پیدا ہوگی۔ منصوبے تکمیل نہ ہو پائیں گے۔ قوسی افراد اگر اپنے ماضی پر نظر دوڑائیں تو معلوم ہوگا کہ زندگی بدل چکی ہے بعض چیزوں کو وہ اب فضول سمجھیں گے اور ان کو چن چن کر نکال دیں گے۔ جن کے ارادے ذرا مضبوط ہوئے وہ اپنے ارادوں، اسکیموں اور تخیلات کو تبدیل کر کے حالات کے مطابق کرلیں گے۔

۲۴ اگست کو زحل مریخ کا قران اور ۲۶ کو نپ چون سے تربیع ہوگی۔ جس سے اس بات کی نشاندہی ہو رہی ہے کہ کوئی بہت بڑا نقصان ہونے والا ہے جس سے آپ کی شخصیت بری طرح متاثر ہوگی۔ کوئی پرانا دوست یا گھر کے افراد زمین' جائیداد اور روپے کے حصول میں دشمنی پر اتر آئیں گے۔ اس نظر کے قریب قوس سے متعلقہ افراد کی زندگی میں اہم واقعات رونما ہوں گے۔ جس بات یا جس شخص سے ہمیشہ تنگ تھے وہ اب ختم ہو جائے گی فکر مندی دور ہوگی۔ ۲۳ مارچ اور ۲۶ مئی کو مشتری زحل کی تربیع ہے اس کے اثرات کا دارو مدار نیت پر ہوگا۔ کیریئر اور ملازمت کے معاملات بری طرح متاثر ہوں گے۔ غلط الزامات کے ذریعے سروس سے نکالا جا سکتا ہے۔ بے حد محتاط رویہ اختیار کریں اور ساری خبروں پر توجہ دیں۔ ۱۷ مارچ کی نظر بیرون ملک تجارت کرنے کے مواقع لائے گی۔ اس وقت بڑے معاہدات اور سرمایہ کاری کے لیے سفر کریں گے۔

مریخ ۴ جنوری سے ۶ مارچ تک بارہویں گھر میں رہے گا۔ طالع میں داخل ہوگا تو ۱۷ اپریل کو رجعت کر جائے گا اور ۲۹ مئی کو برج عقرب میں داخل ہوگا اور ۳۰ جون کو مستقیم ہوگا۔ ۳ اگست سے ۲۸ ستمبر تک کو طالع میں رہے گا۔ اس وقت پس پردہ جو حالات رونما ہوں گے۔ ان سے شروع میں آپ آگاہ نہیں ہوں گے۔ مگر مستقبل قریب میں آپ کی زندگی پر ان کا گہرا اثر مرتب ہوگا۔

مریخ بارہویں گھر میں ہوگا تو یہ وقت جسمانی اور ذہنی قوتوں کے لحاظ سے احتیاط کا متقاضی ہوگا۔ اس پورے عرصے

میں صحت کا خاص خیال رکھیں۔ کھانے پینے میں لاپرواہی سے کام نہ لیں۔ دراصل اس وقت صحت اور کام کے معاملات میں براہ راست تعلق ہوگا۔ چنانچہ ضرورت سے زیادہ کام کرنے سے ہی صحت متاثر ہوگی۔ لہٰذا کام کے معاملات میں ہم آہنگی اختیار کریں۔ ۳'۴'۹ جون کو خاص طور پر محتاط رہیں کوئی غلط بیانی دشمنی پیدا کرے گی۔ رشتے ٹوٹ سکتے ہیں' شراکت داری ختم ہو جائے گی۔ ۳۰ جولائی کے قریب کوئی قریبی شخص موسمی اثرات سے متاثر ہوگا۔ اسے آپ کی توجہ اور مدد کی ضرورت ہوگی۔ ۵ جنوری' ۷ فروری' ۵' ۱۵ مارچ' ۲۲ مئی' ۹ جون کو خاص احتیاط رکھیں۔

مریخ ۳ اگست کو طالع میں داخل ہوگا۔ مریخ کی طالع میں موجودگی کے دوران زائد قوت و طاقت اور جوش عطا کرے گا اور جسمانی لحاظ سے اپنے آپ کو بہتر بنانے کی ترغیب دے گا۔ اس وقت رونما ہونے والے حالات آپ کے حوصلے بلند کریں گے۔ ذہنی لحاظ سے آپ مہم جوئی پر آمادہ ہوں گے۔ مہم جو افراد کے لئے یہ وقت بہتری لائے گا۔ لیکن بعض اوقات قوت اور برداشت کی آزمائش بھی ہوگی۔ کیریئر کے معاملات کے لحاظ سے یہ وقت اہمیت کا حامل ثابت ہوگا۔ رکاوٹوں اور پابندیوں کا خاتمہ ہو جائے گا۔ اس طرح مواقع میسر آنے پر آپ نئے اقدامات کر سکیں گے۔ ۲۴'۶'۲ اگست' ۱۲' ۱۷ ستمبر' ۶' ۱۱' ۱۹' ۲۹ اکتوبر' ۲' ۳' ۷ دسمبر کو نحس نظر بنائے گا۔

اکتوبر سے دسمبر تک بننے والے نظرات آپ کو بے حد سرگرم رکھیں گے۔ مریخی قوت کوئی نیا کام شروع کرنے یا مرضی کے مطابق تبدیلی لانے کے لئے انتہائی قدم اٹھانے کی شدید خواہش پیدا کرے گا۔ ایسا وقت دسمبر میں آئے گا جب مریخ کے باقوت نظرات ایسا کرنے پر مجبور کر دیں گے۔ کسی بھی مقصد کے حصول کے لئے جب قدم اٹھالیں گے تو قسمت آپ کا ساتھ دے گی۔ یاد رکھئے مریخ کی برج جدی میں موجودگی کے دوران قسمت بنانا آپ کے اپنے ہاتھ میں ہوگا۔

عطارد ۵ سے ۲۶ جنوری تک دوسرے گھر میں رجعت کرے گا۔ مالی لین دین' سفر اور تعلقات میں احتیاط رکھیں۔ یکم فروری' ۵' ۱۱' ۱۵' ۳۰ مارچ کی خاص طور پر غیر موافق تاریخیں ہوں گی۔ عطارد چھٹے گھر میں ۶ اپریل کو داخل ہو گا۔ جہاں اسے ۲۸ اپریل سے ۲۲ مئی تک رجعت و استقامت میں رہے گا۔ اس وقت ملنے والی خبریں اور معلومات غلط راہ پر ڈالنے والی ہوں گی۔ بہتر ہوگا کہ اہم فیصلے کرنے یا اندازے قائم کرنے سے قبل حقائق کو خود اچھی طرح جانیں۔ اس کے لئے خواہ ایک کام کو دوبارہ ہی کیوں نہ کرنا پڑے۔ عطارد ۶' ۲۵' ۲۷ فروری' ۱۵' ۲۵' ۳۰ مارچ' ۱۲' ۱۷ اپریل کو سعد نظرات قائم کرے گا۔ یہ تاریخیں تخلیقی سرگرمیوں اور ایسے ہم خیال افراد کی تلاش کے لحاظ سے موافق ثابت ہوں گی جو آپ کی فاضل اوقات کی سرگرمیوں' فنون لطیفہ اور دستکاری جیسی سرگرمیوں میں کو آگے بڑھانے میں مددگار ثابت ہو سکتی ہیں۔

عطارد ۱۳ جون کو طالع کے مقابل آ جائے گا۔ جہاں وہ ۲۹ جون تک رہے گا۔ یہ ستارہ ۲۰ جون کو زحل سے مقابلہ' ۲۳ کو مشتری سے تربیع بنائے گا۔ اس وقت آپ کو یہ پتہ چلے گا کہ کوئی کاروباری شراکت آپ کو برباد کر دے گی۔ مالی معاہدات میں احتیاط سے کام لیں۔ لہٰذا آنے والے ہفتوں میں کچھ بے حد مفید اور بااثر لوگوں سے تعلقات قائم ہوں گے۔ وسط جولائی اہم کاروباری گفت و شنید' قانونی معاملات حل کرنے یا طویل المعیاد معاہدات پر دستخط کے لحاظ سے بہت موافق وقت ہوگا۔

دوسروں کے ساتھ مل کر کام کرنے' خاص دلچسپیوں اور مقاصد کو آگے بڑھانے کی غرض سے مدد آور تعلقات میں اضافہ کرنے کے لحاظ سے یہ وقت بہت خوش قسمت ثابت ہوگا۔ تاہم عطارد کو ۳۰ اگست سے ۲۲ ستمبر تک رجعت رہے گی۔ ۲۲ اگست' ۲ ستمبر خاص طور پر احتیاط کی متقاضی ہونگی۔ اگر کسی کے ساتھ مالی یا کاروباری شراکت ہے تو اس تاریخ کے قریب قریب کسی نوعیت کی از سر نو ترتیب کے لئے تیار رہیں۔ یہ وقت مالی لحاظ سے خطرات مول لینے کا نہیں ہوگا۔ طویل المعیاد استحکام پر توجہ رکھیں۔ نیز مشترکہ مالی اور کاروباری معاملات میں شریک کی مکمل تائید ضرور حاصل کریں۔

عطارد ۱۳ نومبر کو طالع میں داخل ہوگا تو ذہنی قوت میں اضافہ ہوگا۔ سفر کرنے کے مواقع ملیں گے۔ ۲۳ نومبر کو زحل سے قران کرے گا۔ ۳ دسمبر کو خانہ مال میں داخل ہوگا تو ۱۹ دسمبر کو رجعت کر جائے گا۔ عطارد اس وقت سرمایہ کاری اور گروہی سرگرمیوں کو متاثر کرے گا۔ چنانچہ لوگ ناقابل بھروسہ ثابت ہوں گے یا آپ کو بیچ منجدھار میں چھوڑ دیں گے اور اکیلے ہی

Scanned by CamScanner

آپ کو سارا بوجھ اٹھانا پڑے گا اس وقت بعض معاملات میں از سر نو سوچ اور ترتیب کی ضرورت ہوگی۔ اگر کسی چھوٹے گروہ کے ساتھ مل کر کوئی نیا کام شروع کرنا چاہتے ہیں تو عطارد کے مستقیم کے بعد شروع کریں۔

زہرہ تیسرے گھر میں ۱۸ فروری سے ۱۳ مارچ تک رہے گا۔ آپ کے دوستوں کے حلقے میں وسعت آئے گی۔ سیر وتفریح یا تعلیمی سرگرمیوں کی وجہ سے سفر کریں گے۔ ۳ مارچ کو زہرہ یورنس کی تسدیس ہوگی۔ کچھ نئے پراجیکٹ پر کام شروع ہوگا جس سے ذہنی وسعت میں اضافہ ہوگا۔ ستارہ زہرہ اس سال شراکتی معاملات سے متعلقہ گھر میں ۲۵ مئی کو داخل ہوگا۔ یہ وقت شادی شدہ افراد کے لئے جذباتی اور مادی لحاظ سے زائد سکون واطمینان لائے گا۔ ۹ مئی کو زہرہ نپ چون کی تسدیس، ۱۰ مئی کو مشتری سے تثلیث ہوگی۔ وہ لوگ جن کی ماہ مئی یا آنے والے مہینوں میں شادی ہونے والی ہے ان کے لئے خوشگوار مستقبل کی نشاندہی ہو رہی ہے۔

زہرہ ۱۸ جون کو آٹھویں گھر میں داخل ہوگا۔ محبت کے معاملات کے لحاظ سے اگر جذباتی مشکلات کا سامنا ہے تو اس وقت ان مسائل کو سلجھائیں۔ ۲۷ جون کو زہرہ نپ چون کی تثلیث خواہشات کی تکمیل میں حائل رکاوٹوں کا خاتمہ کردے گی۔ ذاتی قریبی تعلقات کے لحاظ سے ۲ جولائی کو زہرہ مشتری کی تسدیس، ۷ کو زہرہ مریخ کی تثلیث خاص طور پر سعد تاریخیں ہوں گی۔ ان دنوں زندگی میں داخل ہونے والا محبت کا عنصر دیرپا نوعیت کا ہوگا۔ وہ لوگ جن کی اگست یا مستقبل قریب میں شادی ہونے والی ہے۔ انہیں خوش بختی اور جذباتی سکون وہم آہنگی سے واسطہ پڑے گا۔ ۱۹ اکتوبر کو زہرہ طالع میں داخل ہوگا تو شادی شدہ افراد کو شریک کے ذریعے خوش بختی حاصل ہوگی۔

زہرہ ۸ دسمبر کو تیسرے گھر میں داخل ہوگا۔ یہ وقت قریبی تعلقات کے لحاظ سے موافق ثابت ہوگا۔ اس وقت سوشل حلقے میں بھی وسعت آئے گی۔ تاہم ۲۵ دسمبر کو محبت کے معاملات کے لحاظ سے نئے تعلقات بنیں گے۔ لہٰذا ایک بار پھر محبت اور سفر کے معاملات ایک دوسرے سے مربوط ہوں گے۔

سعد ستارہ مشتری ۹ ستمبر تک زائچے کے وتد السماء پر رہے گا۔ چنانچہ کیریئر، کاروبار یا پیشہ وارانہ قابلیت کا حصول یا جو بھی مقصد ہے اس کے حصول میں کامیابی کی توقع رکھیں ہر لحاظ سے قسمت ساتھ دے گی۔ مالی حالات میں بھی نمایاں بہتری آئے گی۔ مشتری ۱۴ جنوری کو شمس کے ساتھ اور ۶ فروری کو عطارد کے ساتھ سعد نظر بنا رہا ہے۔ یہ نظرات روزگار اور پیشہ وارانہ سرگرمیوں سے متعلقہ تمام معاملات کے لحاظ سے خوش بختی عطا کریں گے۔ وہ افراد جو نئی ملازمت کی تلاش میں ہیں۔ قسمت لازمی طور پر ان کا ساتھ دے گی۔ مشتری ۱۰، ۱۴ فروری، ۷ مارچ، ۱۴، ۱۱ اپریل، ۳، ۱۰ مئی کو سعد نظرات بنائے گا۔

جولائی میں مشتری، زہرہ و عطارد اور شمس کے سعد نظرات طویل المعیاد مقاصد پر سعد اثرات ڈالے گی۔ یہ ایسا وقت ہوگا جب کامیابی اور ترقی کی راہ میں حائل رکاوٹیں دور ہو جائیں گی۔ حالات میں غیر معمولی تبدیلی آئے گی جو بے حد خوش قسمت ثابت ہوگی۔ اگست میں خوش قسمت کاروباری تعلق قائم ہونے کی نشاندہی بھی ہو رہی ہے۔ یہ تعلق آنے والے مہینوں میں مادی لحاظ سے بے حد مثبت ثابت ہوگا۔ چنانچہ اس وقت جو بھی خیالات یا اسکیمیں تجویز کی جائیں۔ ان پر بے حد سنجیدگی سے غور کرنے کے لئے تیار رہیں۔

مشتری ۹ ستمبر کو گیارہویں گھر میں داخل ہوگا۔ سوشل تعلقات کی اعلیٰ قدریں قائم کرے گا۔ دوست اور حلقہ کے لوگ مدد کریں گے۔ کام اور امیدوں میں کامیابی حاصل ہوگی۔ دل مذہب، مذہبی انجمنوں اور خدمت خلق کے کاموں کی طرف رجوع کرے گا۔ اعلیٰ خود اعتمادی سے ان امور میں دلچسپی رکھنے کا ایک اعلیٰ انعام ملے گا۔ مشتری ذاتی عزو وقار میں دوستوں کے ذریعہ اضافہ کرے گا اور جو کام کرتے چلے آرہے ہیں۔ اس کے ذریعہ مالی مفاد دے گا۔ ہمسایوں سے اور برادری میں بہتر تعلقات پیدا ہوں گے۔ مشتری اس سال کوئی ایک فن کا درجہ دے گا۔ جہاں لوگ تمہیں خوش دیکھنا پسند کریں گے۔ جو گھر کے افراد ہیں۔ ان کی طرف خاص توجہ دیں۔ ان کے لئے خوش امیدی رکھیں۔ مشتری ۲۶ ستمبر، ۲۶ اکتوبر، ۲۲ نومبر، ۲، ۱۰، ۲۵ دسمبر کو سعد نظرات قائم کرے گا۔

جدی

2016 کے امکانات

والوں کے لئے جن کی پیدائش دسمبر ۲۳ سے ۲۰ جنوری کے درمیان ہے یا

جن کے نام کا حرفِ اوّل ج۔خ۔گ ہے

مریخ ۴ جنوری سے ۶ مارچ تک گیارہویں گھر میں رہے گا۔ ۷ مارچ کو برج قوس میں داخل ہوگا تو مریخ ۱۷ اپریل کو رجعت کر جائے گا اور ۲۹ مئی کو برج عقرب میں داخل ہوگا اور ۳۰ جون کو مستقیم ہوگا۔ ۳ اگست سے ۲۴ ستمبر تک برج قوس میں رہے گا۔

گیارہویں گھر کا تعلق دوستی کے معاملات اور گروہی سرگرمیوں سے ہے۔ اگر آپ ایسی سرگرمیوں میں ملوث ہیں جن میں آپ کو دوسروں پر یا ٹیم ورک پر انحصار کرنا پڑتا ہے تو مئی میں بعض اہم ساتھی ساتھ چھوڑ جائیں گے۔ مگر ایسا کسی اختلاف کی وجہ سے نہیں ہوگا۔ بہرحال حالات جو بھی ہوں۔ از سر نو ترتیب کے لئے تیار رہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ کوئی زائد ذمہ داری قبول کرنی پڑے گی یا مقصد کے حصول میں زیادہ وقت لگے گا۔ مریخ ۳۰ جون کو مستقیم ہو جائے گا۔ اس کے بعد اس مایوسی اور پریشانی کا خاتمہ ہو جائے گا۔ جس کا گزشتہ چند ماہ سے سامنا رہا ہوگا۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ کوئی پرانا جھگڑا ختم ہو جائے گا یا آپ کسی ایسے شخص سے مصالحت کر لیں گے جس سے ماضی میں اختلافات رہے ہیں۔ کوئی پرانا دوست کئی سال بعد آپ کی زندگی میں دوبارہ داخل ہوگا یا کسی پرانی دلچسپی کی طرف دوبارہ متوجہ ہوں گے۔ بعض پابندیاں جو ماضی میں عائد رہی ہیں۔ اب ان کا خاتمہ ہو جائے گا اور آپ اپنی تخلیقی صلاحیتوں کو استعمال کرنے کی طرف توجہ دیں گے اور وہاں سے کام شروع کریں گے جہاں کئی ماہ قبل چھوڑا تھا۔ مریخ ۵ جنوری، ۷ فروری، ۵ مارچ، ۲۲، ۲۵ مئی، ۹ جون کو نحس نظرات بنائے گا۔

مریخ ۳ اگست کو بارہویں گھر میں داخل ہوگا۔ اس وقت پس پردہ رونما ہونے والے حالات مستقبل قریب میں آپ کی زندگی پر مددآور اثرات مرتب کریں گے۔ ۱۷ جولائی کو مریخ کی مشتری سے تثلیث، ۱۸ کو پلوٹو سے تربیع، ۱۹ کو یورنس سے مقابلہ، ۲۲ کو عطارد سے تسدیس بنائے گا۔ آمدنی میں یقیناً اضافہ ہوگا۔ اس بات کی نشاندہی ہو رہی ہے کہ ایک سال قبل جو کوشش کی تھیں۔ وہ اس نئے منصوبے سے متعلق مددگار ثابت ہوں گی جو اس وقت آپ کے ذہن میں ہوگا۔ تاہم جب تک مریخ طالع میں داخل نہیں ہوگا۔ اس وقت تک یہ علم نہیں ہو سکے گا کہ کیا ہوگا یا کیا ہو رہا ہے؟

اس وقت آہستگی سے آگے بڑھیں اور اس بات کا خیال رکھیں کہ دوسروں پر آپ کے اقدامات اور رویے کا کیا اثر ہوگا۔ جدی ہونے کی حیثیت سے آپ اکثر خود اپنے آپ کو نقصان پہنچاتے ہیں اور ۲۴ سے ۲۶ اگست کے درمیان ایسا ہی ہوگا۔ لہٰذا ضروری ہوگا کہ اس وقت عقلمندی سے کام لیں۔

مریخ ۲۸ ستمبر سے ۹ نومبر تک طالع میں رہے گا۔ ۷ اکو یورنس سے تثلیث بنائے گا۔ اس نظر کے قریب قریب جو بھی اہم فیصلے کریں گے یا جو نئے اقدامات کریں گے۔ وہ کامیابی اور ترقی کا سبب بنیں گے۔ دراصل آپ جو بھی حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ اس کے حصول کے لحاظ سے اس وقت آپ کی کوششیں کامیاب رہیں گی۔ کیریئر، کاروباری منصوبوں یا تخلیقی سرگرمیوں کے لحاظ سے آگے بڑھنے کے زائد مواقع اور ترغیب ملے گی اور رونما ہونے والے حالات آپ کو بہت اہم مقام

Scanned by CamScanner

پرلے آئیں گے۔ مریخ ۷، ۲۴، ۶، ۱۲ اگست، ۱۴ ستمبر، ۱۴، ۱۹، ۱۲۹ اکتوبر کو غیر موافق نظرات بنائے گا۔

عطارد جنوری سے طالع کی موافقت میں رہے گا۔ اس وقت روزمرہ سرگرمیوں میں تیزی آجائے گی۔ نقل وحرکت اور میل جول زیادہ رہے گا۔ ۵ سے ۲۶ جنوری تک اسے رجعت رہے گی۔ اس دوران رابطے اور دوستوں کے ساتھ معاملات میں کمی واقع ہوگی۔ سماجی سرگرمیوں، چندہ کا حصول کے لیے ۶، ۲۵ فروری موافق رہے گی، ۱۵ مارچ کو عطارد مشتری سے غیر موافق نظر قائم کرے گا۔ اس دن اختلاف یا جھگڑے سے واسطہ پڑے گا لہٰذا محتاط رہیں۔

عطارد ۶ سے ۲۲ مارچ تک تیسرے گھر میں رہے گا۔ یہ وقت کاروباری سفر، دوستی، تعلیمی سرگرمیاں، تجارتی لین دین کا حساب سے متعلق معلومات حاصل کرنے اور مشورہ لینے کے لحاظ سے موافق ثابت ہوگا۔ ۱۲ سے ۱۸ اپریل تک اگر کوئی تجویز پیش کی جائے تو اس پر غور کریں کیونکہ وہ خوش قسمت ثابت ہوگی۔ عطارد ۲۸ اپریل سے ۲۲ مئی تک رجعت کی حالت میں ہوگا یہ وقت مسائل لائے گا۔ اگر نئی ذمہ داریاں قبول کرنے کے متعلق سوچ رہے ہیں تو اس وقت محتاط رہیں۔ ۱۷ اور ۲۷ جولائی کے سعد نظر میں مواقع ملیں گے کہ شروع اگست سے سرمایہ کاری سے متعلق کوئی بھی نیا کام شروع کریں۔

عطارد ۳۱ جولائی سے ۱۸ اکتوبر تک نویں گھر میں رہے گا۔ یہ وقت تبادلہ خیالات اور گفت وشنید کے لحاظ سے کامیابی لائے گا۔ اگر کسی قسم کا ماہرانہ مشورہ لینا ہے یا کوئی اہم ملاقات کرنی ہے یا انٹرویو دینا ہے اور اس کے لئے اگر شروع اگست کا انتخاب کیا تو یقیناً کامیاب رہیں گے۔ چنانچہ ان دنوں جو خبریں ملیں گی وہ کسی پرانے مسئلے کو حل کرنے میں مدد دیں گی۔ یہ کوئی پرانا مالی یا قانونی معاملہ ہوگا۔ یہ تاریخیں مشترکہ مالی اور کاروباری معاملات میں بہتری لائیں گی۔ قانونی اور آفیشل معاملات حل کرنے اور رکاوٹوں کو دور کرنے کے لئے ۶، ۲۵، ۲۷ فروری، ۱۵، ۲۵، ۳۰ مارچ، ۱۲، ۱۴، ۱۷ اپریل، ۳۱ مئی، ۲۷ جون، ۵، ۸، ۱۱، ۱۹، ۲۷ جولائی، ۱۱ اگست، ۱۴، ۱۳۰ اکتوبر، ۳، ۱۵، ۲۲، ۲۶ نومبر، ۱۰ دسمبر ان سعد تاریخوں سے فائدہ اٹھائیں۔

۳۰ اگست سے ۲۲ ستمبر کو عطارد رجعت کر جائے گا۔ ان دنوں مشترکہ مالی معاملات کے متعلق مایوس کن خبریں ملیں گی۔ اگر شادی شدہ ہیں تو اس وقت شریک زندگی کو مالی فائدہ حاصل ہوگا۔ ۳ دسمبر کو طالع میں داخل ہوگا تو شروع ہفتے میں رونما ہونے والے حالات آپ کو فائدہ پہنچائیں گے اور کسی قریبی شخص کی خوش بختی کی وجہ سے مالی پریشانیاں دور ہوں گی۔ عطارد ۱۹ دسمبر سے رجعت کر جائے گا۔

ستارہ زہرہ اس سال شراکتی معاملات سے متعلقہ گھر میں ۱۸ جون کو داخل ہوگا۔ یہ وقت شادی شدہ افراد کے لئے جذباتی اور مادی لحاظ سے زائد سکون واطمینان لائے گا۔ وہ لوگ جن کی جون کے آخر میں شادی ہونے والی ہے۔ ان کے لئے خوشگوار مستقبل کی نشاندہی ہو رہی ہے۔

زہرہ ۱۳ جولائی سے ۶ اگست تک آٹھویں گھر میں رہے گا۔ محبت کے معاملات کے لحاظ سے اگر جذباتی مشکلات کا سامنا ہے تو اس وقت ان مسائل کو سلجھائیں۔ خواہشات کی تکمیل میں حائل رکاوٹوں کا خاتمہ ہو جائے گا۔ ذاتی قریبی تعلقات کے لحاظ سے ۲، ۷، ۲۰ جولائی خاص طور پر سعد تاریخیں ہوں گی۔ ان دنوں زندگی میں داخل ہونے والا محبت کا عنصر دیرپا نوعیت کا ہوگا۔ وہ لوگ جن کی جولائی یا مستقبل قریب میں شادی ہونے والی ہے۔ انہیں خوش بختی اور جذباتی سکون وہم آہنگی سے واسطہ پڑے گا۔ شادی شدہ افراد کو نومبر میں شریک کے ذریعے خوش بختی حاصل ہوگی۔ محبت کے معاملات کے لحاظ سے ۱۹ ستمبر اور ۶، ۱۲۶ اکتوبر، ۵، ۲۰، ۲۲ نومبر، ۲۵ دسمبر سعد تاریخیں ہوں گی۔ ان دنوں محبت اور سفر کا ایک دوسرے سے گہرا تعلق ہوگا۔

شروع نومبر دوستی اور محبت کے معاملات کے لحاظ سے زائد سکون واطمینان لائے گا۔ تعلقات میں مضبوطی پیدا ہوگی۔ وہ لوگ جو مثالی شریک حیات کی تلاش میں ہیں ان کے لئے نومبر میں رونما ہونے والے غیر متوقع حالات اہمیت کے حامل ثابت ہوں گے اس وقت کوئی دوست محبت کے معاملات کو آگے بڑھانے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ ۱۲ نومبر کو زہرہ طالع میں آجائے گا۔ جہاں وہ ۷ دسمبر تک رہے گا۔ یہ وقت قریبی تعلقات کے لحاظ سے موافق ثابت ہوگا۔ اس وقت سوشل حلقے میں بھی وسعت آئے گی۔ تاہم ۲۶، ۳۰ نومبر محبت کے معاملات کے لحاظ سے احتیاط کی متقاضی ہوگی۔ دسمبر میں ایک

بار پھر محبت اور سفر کے معاملات ایک دوسرے سے مربوط ہوں گے۔ اس سلسلے میں ۲۵ دسمبر اہم تاریخ ہوگی۔

۲۳ مارچ کا چاند گرہن زائچے کے وتد السماء پر لگے گا۔ جو بہت جلد کیریئر میں تبدیلی کی نشاندہی کر رہا ہے۔ اس میں پریشانی کی کوئی بات نہیں ہوگی کیونکہ اس وقت قسمت اور حالات آپ کے کنٹرول میں ہوں گے۔ چنانچہ مقاصد اور جاہ طلبیوں سے متعلقہ تمام اہم فیصلے آپ کے حق میں بے حد مفید ثابت ہوں گے۔ سال کے آخر میں مالی خطرہ مول نہ لیں اور فوری طور پر امیر بنانے والی اسکیموں کے بجائے طویل المیعاد سرمایہ کاری کی طرف توجہ دیں۔

ستارہ مشتری شروع سال سے ۹ ستمبر تک نویں گھر میں رہے گا۔ جہاں وہ ایک سال کا عرصہ گزارے گا۔ نواں گھر جو مذہب اور غیر ممالک کے امور سے متعلق ہے مشتری کو یہاں ۸ جنوری سے ۹ مئی تک رجعت رہے گی۔ مشتری کی وجہ سے روحانی اور مذہبی امور کی طرف توجہ بڑھے گی۔ بعض لوگوں کو حج وزیارات پر جانے کا موقع ملے گا۔ قانونی معاملات میں کامیابی ملے گی۔ جو قدیم وپراسرار علوم اور روحانیت میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ ایک عرصے کی تحقیق اور مطالعے کے بعد اب ان علوم کی سمجھ آنے لگے گی۔

وہ لوگ جو بیرون ملک سفر پر اب تک نہیں جا سکے ان کو موقع ملے گا۔ بعض غیر ممالک سے کاروبار استوار کر کے فائدہ اٹھائیں گے۔ مشتری طالع سے نظر تثلیث بنائے گا۔ مطالعہ، تعلیم، ٹریننگ یا کیریئر کے سلسلے میں سفر واقع ہوں گے۔ وہ افراد جن میں صلاحیتیں ہیں۔ وہ جرأت مند قدم اٹھائیں گے۔ بعض لوگ سائنٹیفک ریسرچ میں اور بعض روحانی علوم کے مطالعہ میں وقت گزاریں گے۔ سرمایہ کاری اور معاہدات کے لیے ۱۴ جنوری، ۱۰، ۱۴ فروری، ۱۷ مارچ، ۱۴، ۱۱ اپریل، ۳، ۱۰ مئی، ۲، ۸، ۱۰ جولائی، ۱۲۶ اکتوبر، ۲۲ نومبر، ۱۰ دسمبر موافق تاریخیں ہونگی۔

سعد ستارہ مشتری ۹ ستمبر سے وتد السماء پر آجائے گا۔ چنانچہ کیریئر، کاروبار یا پیشہ وارانہ قابلیت کا حصول یا جو بھی مقصد ہے اس کے حصول میں کامیابی کی توقع رکھیں۔ ہر لحاظ سے قسمت ساتھ دے گی۔ مالی حالات میں بھی نمایاں بہتری آئے گی۔ مشتری ۱ اکتوبر میں عطارد وشمس سے سعد نظر بنا رہا ہے۔ یہ نظر روزگار اور پیشہ وارانہ سرگرمیوں سے متعلقہ تمام معاملات کے لحاظ سے خوش بختی عطا کرے گی۔ وہ افراد جو نئی ملازمت کی تلاش میں ہیں قسمت لازمی طور پر ان کا ساتھ دے گی۔

۲۵ دسمبر کو زحل یورنس کی تثلیث ہوگی۔ چنانچہ اس وقت رونما ہونے والے حالات اہمیت کے حامل ہوں گے۔ اگر آپ کسی قسم کی روحانی رہنمائی یا صحیح مشورے کی تلاش میں ہیں تو اس وقت صحیح شخص تک آپ کی رسائی ہو جائے گی۔ یہ کوئی ایسا شخص ہوگا جسے آپ پہلے سے ہی جانتے ہوں گے۔ مگر اس کی اصلیت آپ کی نظروں سے پوشیدہ ہوگی۔ اس وقت کو باطنی بصیرت کے حصول کے لئے استعمال کریں۔

زحل شروع سال سے بارہویں گھر میں قدم جما چکا ہے۔ زحل ۲۵ مارچ سے ۱۱۳ اگست تک رجعت میں رہے گا۔ یہاں یہ سخت محنت اور کوشش کے ذریعہ کامیابی دیتا ہے اور ان لوگوں کی حمایت کرتا ہے جو الگ تھلگ رہ رہے ہوں۔ رجعت میں ہونے کی وجہ سے مالی امور میں سختی لائے گا۔ تاہم مالی امور کے معاملات میں بہت زیادہ لوگوں پر اعتماد اور بھروسہ نہ کریں لوگ فریب دیں گے تو کسی وجہ سے دشمنی یا مخالفت کریں گے۔ فکرمندی آئے گی۔ زحل ۹ جنوری، ۶، ۱۵، ۲۵ مارچ، ۲۶ مئی، ۳، ۴، ۱۸، ۲۰ جون، ۶، ۱۲، ۱۲۴ اگست، ۲ ستمبر، ۱۳۰ اکتوبر، ۲۳ نومبر، ۱۰ دسمبر کو نحس نظرات قائم کرے گا۔

ان دنوں چوری یا ڈاکہ زنی کے خطرات پائے جاتے ہیں۔ اب وقت آ گیا ہے کہ آپ اپنی صحت پر مکمل توجہ دیں۔ بیماری فوراً آئے گی۔ لوگوں سے ہم آہنگی ہوگی۔ سماجی سرگرمیوں میں حصہ لیں۔ گھر میں ریٹائرڈ زندگی قطعی نہ گزاریں بلکہ کام کریں۔ بے کاری جسم کو ناکارہ بنا دے گا۔ ۲۴ اگست کو مریخ وزحل کا قران اور مریخ نیپچون کی تربیع ہوگی اس تاریخ کے نزدیک قانونی معاملات میں نہ الجھیں بلکہ قانونی مشورہ کریں۔ فیصلہ جتنی جلدی ہو بہتر رہے گا ورنہ دیری پریشانی میں مبتلا کرے گی۔ اپنے دوستوں، رشتہ داروں اور ہمسایوں سے ملاقاتیں رکھیں مگر وعدوں پر زیادہ اعتماد اور بھروسہ نہ کریں۔

Scanned by CamScanner

دلو

2016 کے امکانات

والوں کے لئے جن کی
پیدائش جنوری ۲۱ سے ۱۹
فروری کے درمیان ہے یا

جن کے نام کا حرفِ اوّل س۔ ش۔ ص۔ ث ہے

اس سال کیریئر اور گھریلو معاملات زندگی کے دو ایسے شعبے ہوں گے۔ جن میں اہم اور موافق حالات سے واسطہ پڑے گا۔ بعض میں اہم مقاصد کے لحاظ سے وسعت اور بہتری کا سامنا ہوگا۔ زحل پچھلے سال سے برج قوس میں آ چکا ہے۔ گزشتہ دو سال تک اس کے اثرات کا سامنا رہے گا۔ پچھلے سالوں میں آپ کی جو تربیت ہو رہی تھی وہ اب کام دے گی۔ اب اظہار خیال کا موقع زیادہ ملے گا اور اپنی باطنی تخلیقی قوتوں کو زیادہ مفید انداز میں استعمال کر سکیں گے۔

آپ کا حاکم ستارہ زحل اس سال امیدوں، دوستی اور خواہشات کے گھر میں رہے گا۔ اکثر لوگ مارچ سے قبل یا ستمبر کے بعد رتبے، عہدے اور عزت میں ترقی اور جاہ طلبی کی خواہش رکھیں گے اور اکثر کو کامیابی ہوگی۔ اور بعض کو یہ کامیابی بعد میں ملے گی۔ مارچ کے پہلے عشرے میں زحل شمس سے تربیع بنائے گا۔ اس کی وجہ سے کسی دوست سے ناچاقی ہوگی وجہ اس کی مالی یا کاروباری غلطی کا ارتکاب ہوگا۔ جس کے باعث تباہی و بربادی آ سکتی ہے۔ چنانچہ اس کے اثرات سے بچنے کے لئے چند باتوں کو ذہن میں رکھیں کہ اچھی نصیحت یا ہدایت پر یا کسی نوکر یا ملازم کی ایمانداری اور دیانتداری پر بہت زیادہ اعتماد نہ کریں۔ نہ ہی اس عرصہ میں جائیداد کی خرید و فروخت کریں۔

زحل ۲۵ مارچ سے ۱۳ اگست تک رجعت میں رہے گا۔ زحل کی استقامت کے بعد خوش آئند تبدیلی آئے گی۔ جو لوگ محنت اور ذمہ داری اور ثابت قدم رہے ان کو زحل پھل دینا شروع کرے گا۔ وہ دوست جن سے کئی سالوں سے نہیں ملے تھے۔ دوبارہ زندگی میں آئیں گے بعض سابقہ محبوب سے ملیں گے۔ بعض کا واسطہ ایسے فرد کے رومان سے شروع ہوگا جو عمر میں بڑا ہوگا اور یہ شاید ساتھ کام کرنے یا کر چکنے کی وجہ سے واقفیت ہوگی۔ یا یوں سمجھیں کہ ماضی کے افراد مستقبل کے حالات واقعات میں اہم کردار ادا کریں گے۔ ۹ جنوری' ۱۵' ۲۵ مارچ' ۲۶ مئی' ۳' ۴' ۱۸' ۲۰ جون' ۶' ۲۴ اگست' ۲ ستمبر' ۳۰ اکتوبر' ۲۳ نومبر' ۱۰ دسمبر کو زحل نحس نظرات قائم کرے گا۔ ان دنوں آپ کی امیدیں اور خواہشات کو بری نظر لگ جائے گی۔

ستارہ مشتری شروع سال سے ۹ ستمبر تک آٹھویں گھر میں رہے گا۔ یہ وقت ذاتی اور مشترکہ مالی معاملات کے لحاظ سے خوش بختی لائے گا۔ اس وقت ترقی اور وسعت کے زائد مواقع اور ماضی کی کوشش کا اجر ملے گا۔ ۶ فروری' ۱۰ مئی' ۱۰ جولائی کو عطارد مشتری سعد نظر بنائے گا۔ لہٰذا مالی معاملات سے متعلق خوش کن خبریں ملیں گی۔ روپیہ کمانے کی صلاحیتوں کو بہتر بنانے اور روپیہ کمانے کے ذرائع میں تبدیلی لانے کے زائد مواقع ملیں گے۔ مشتری ۸ جنوری سے ۹ مئی تک رجعت میں رہے گا۔

مشتری ۹ ستمبر کو طویل سفر اور اعلیٰ تعلیمی سرگرمیوں سے متعلقہ نویں گھر میں داخل ہو جائے گا۔ جہاں وہ ایک سال کا عرصہ گزارے گا۔ چنانچہ نہ صرف یہ کہ مادی لحاظ سے زندگی میں بہتری آئے گی بلکہ زندگی سے متعلق طور طریقوں اور احساسات میں بھی تبدیلی آئے گی۔ نفسیاتی لحاظ سے مشتری خوش امیدی اور مثبت سوچ پیدا کرے گا۔ نیز وسط اگست کا سفر آپ کی زندگی بنانے میں یقینی طور پر اہم کردار ادا کرے گا۔ تجربات میں بھی اضافہ ہوگا۔ جو زندگی میں بہتری کا سبب بنیں گے۔ سرمایہ کاری اور معاہدات کے لیے ۱۴ جنوری' ۱۰' ۱۴ فروری' ۱۷ مارچ' ۱۴' ۱۱ اپریل' ۳' ۱۰ مئی' ۲' ۸' ۱۰ جولائی' ۲۶' ۱۲ اکتوبر' ۲۲

نومبر' ۱۰ دسمبر موافق تاریخیں ہوں گی۔

جولائی میں مشتری کے شمس زہرہ کے ساتھ سعد نظرات طویل المعیاد مقاصد پر سعد اثرات ڈالے گا۔ یہ ایسا وقت ہوگا جب کامیابی اور ترقی کی راہ میں حائل رکاوٹیں دور ہو جائیں گی۔ حالات میں غیر معمولی تبدیلی آئے گی۔ جو بے حد خوش قسمت ثابت ہوگی۔ امکان ہے کہ کام سے متعلق کوئی ایک خواہش توقعات سے قبل پوری ہو جائے گی۔ اکتوبر میں خوش قسمت کاروباری تعلق قائم ہونے کی نشاندہی بھی ہو رہی ہے۔ یہ تعلق آنے والے مہینوں میں مادی لحاظ سے بے حد مثبت ثابت ہوگا۔ چنانچہ اس وقت جو بھی خیالات یا اسکیمیں تجویز کی جائیں ان پر بے حد سنجیدگی سے غور کرنے کے لئے تیار رہیں۔

۹ مارچ کا سورج گرہن اس بات کی نشاندہی کر رہا ہے کہ آنے والے مہینوں میں رونما ہونے والی صورتحال گھریلو جائیداد و املاک کے معاملات پر ردعمل مرتب کرے گی۔ امکان ہے کہ روزگار میں تبدیلیاں آئیں گی۔ شاید کسی نئی ملازمت کی پیشکش ہوگی۔ جسے آپ رد نہ کر سکیں گے۔ جس کی وجہ سے رہائش کی تبدیلی عمل میں آئے گی۔ اگر ایسا ہوا تو یہ تبدیلی فائدہ مند ثابت ہوگی اور خوشی لائے گی۔

مریخ شروع سال سے وتد السماء پر ہوگا۔ ۶ مارچ کو برج قوس میں داخل ہوگا جہاں اسے ۱۷ اپریل کو رجعت ہوگی اور ۲۹ مئی کو واپس برج عقرب میں داخل ہوگا اور ۳۰ جون کو اسے استقامت ہوگی۔ ۳ اگست سے ۲۸ ستمبر تک برج قوس میں رہے گا۔ جس سے اس بات کی نشاندہی ہو رہی ہے کہ سال کا آغاز موافق انداز میں ہوگا۔ تاہم رجعت کے دنوں میں تمام معاملات کو اطمینان کے ساتھ حل کرنا ہوگا۔ دلو سے متعلقہ وہ افراد جن کے نزدیک کاروبار اور کیریئر کے معاملات اہمیت رکھتے ہیں۔ انہیں اہم مقاصد اور دلچسپیوں کے لحاظ سے موزوں مواقع میسر آئیں گے۔

یہ بات بھی علم میں آئے گی کہ کسی فاضل کام کے ذریعے آمدنی میں اضافہ کیا جا سکتا ہے۔ دراصل اس وقت کامیابی کا انحصار ذاتی کوششوں پر ہوگا۔ اگر صحیح اقدامات کئے اور بے خوفی سے آگے بڑھے تو کامیابی حاصل کر سکیں گے۔ سال کے آغاز سے ۵ جنوری' ۷ فروری' ۵ مارچ کو غیر موافق نظر بنے گی۔ جس سے اس بات کی نشاندہی ہو رہی ہے کہ درپیش کاموں سے متعلق آپ ضرورت سے زیادہ پریشان ہوں گے۔ لیکن اس وقت یہ بات ذہن میں رکھیں کہ سارے کام بیک وقت نہیں کئے جا سکتے۔ اس غیر موافق پہلو سے قطع نظر مریخ کی وتد السماء پر موجودگی آپ کے لئے کامیابی کے مواقع لائے گی۔ مگر یہ ذہن میں رہے کہ اس وقت قسمت بنانا خود آپ کے اپنے ہاتھ میں ہوگا۔ مریخ ۳' ۷' ۱۴ فروری' ۲۵' ۲۶ مارچ' ۱۳' ۱۱ اپریل' ۷' ۱۱' ۱۷ جولائی' ۱۱ اکتوبر' ۱۵ نومبر' ۲' ۳' ۷ دسمبر کو سعد نظرات قائم کرے گا۔

مریخ ۱۰ نومبر کو طالع میں آئے گا۔ اس وقت غصہ اور غلط فیصلوں سے بچیں۔ البتہ ایسی چستی پیدا ہوگی کہ آپ اپنے کاموں کی تکمیل بخوبی کر سکیں گے اس وقت خواہ مخواہ کے اخراجات سے واسطہ پڑے گا۔ مریخ ۱۵ نومبر کو عطارد سے ۲' ۳' ۷' ۲۷ دسمبر کو مشتری' زحل' یورنس اور شمس سے سعد نظرات بنائے گا۔ عطارد ۳ تاریخ کو طالع میں داخل ہوگا تو ۵ جنوری کو رجعت کر جائے گا تو ۹ جنوری کو بارہویں گھر میں داخل ہوگا اور ۲۶ جنوری کو مستقیم ہوگا تو ۱۴ فروری کو طالع میں داخل ہوگا۔ صحت کی وجہ سے پریشانی زیادہ ہوگی اس ماہ لوگ غیر ذمہ داری کا مظاہرہ کریں گے۔

عطارد ۲۳ مارچ کو تیسرے گھر میں موجود ہوگا۔ اس وقت تحریری کام' تعلیمی امور' رابطے اور سفری معاملات کو بڑی آہستگی سے آگے بڑھانا بہتر رہے گا۔ ورنہ بعد میں وہی کام دوبارہ کرنا پڑے گا۔ عطارد ۶ اپریل کو چوتھے گھر میں داخل ہوگا تو ۲۸ اپریل سے ۲۲ مئی تک اسے رجعت رہے گی۔ گھر اور والدین سے متعلق معاملات التواء کا شکار ہوں گے۔ مئی کے آخر سے اپنے مقاصد کو تیزی سے آگے بڑھا سکیں گے۔ گزشتہ سال اگر بعض مقاصد کے حصول میں بنیادی رکاوٹ مالی حالت رہی ہے تو مئی میں رونما ہونے والے حالات سے بہتری کی نشاندہی ہو رہی ہے۔ عطارد ۳۰ جون سے ۱۵ جولائی تک زائچے کے چھٹے گھر میں رہے گا۔ عطارد ۵ جولائی کو نپ چون سے تثلیث' ۸ کو مشتری سے تسدیس' ۱۱ کو مریخ سے تثلیث کی سعد نظر قائم کرے گا جو مزید مددگار ثابت ہوگی۔ لہٰذا مقاصد کے حصول کے لئے حالات سازگار ہو جائیں گے۔ جس کی وجہ سے مالی و کاروباری سرگرمیوں کی بنیاد زیادہ مضبوط ہو جائے گی۔

Scanned by CamScanner

عطارد ۱۹ جولائی کو زحل سے اور ۲۷ کو یورنس سے موافق نظر قائم کرے گا۔ ان دنوں اگر رشتہ داروں، شریک زندگی اور شراکت داروں سے اختلاف رائے سے واسطہ پڑے تو بے حد ٹھنڈے دماغ سے کام لیں۔ ۱۵ جولائی کو عطارد طالع کے مقابل ہوگا۔ چنانچہ یہ وقت ملاقاتیں، رابطے اور سوشل سرگرمیاں لائے گا۔ جو معلومات حاصل ہوں ان پر اچھی طرح غور کریں۔ عطارد ۳۱ جولائی سے ۱۸ اکتوبر تک نویں گھر میں رہے گا اس دوران ۳۰ اگست سے ۲۲ ستمبر تک رجعت میں رہے گا۔ ۲، ۳، ۱۳ ستمبر کو قانونی اور آفیشل معاملات میں بے حد محتاط رہیں۔ عطارد ۱۱، ۱۴، ۱۶، ۲۰ اکتوبر کو غیر موافق نظرات قائم کرے گا۔ ان دنوں دھوکہ وفریب کا اندیشہ ہے۔ قانونی معاملات سے عزت ووقار متاثر ہوگا۔ لوگوں کے وعدوں پر بھروسہ نہ کریں۔ ان دنوں سرمایہ کاری، کاروباری اور مشترکہ مالی معاملات میں حقیقت پسندانہ پالیسیاں اختیار کر کے مسائل سے بچ سکیں گے۔ مالی معاملات میں ان دنوں محتاط رہیں۔

عطارد ۱۳ نومبر سے ۳ دسمبر تک گیارہویں گھر میں رہے گا۔ ۱۸ نومبر کو عطارد نپ چون کی تربیع ہوگی۔ اس وقت دوست آپ کی امیدوں پر پورے نہ اتریں گے۔ ان میں منافقت پائی جائے گی۔ ۱۹ دسمبر کو عطارد رجعت کر جائے گا۔ اس وقت لوگ آپ کے متعلق اچھی رائے قائم نہ کریں گے۔ افواہیں پھیلا کر اور لوگوں سے غلط انداز میں باتیں کر کے شخصیت کو خراب کرنے کی کوشش ہوگی۔ اپنے اندر قوت برداشت رکھنی ہوگی۔ ہوائی قلعے بنانے سے پرہیز کریں۔

محبت کے معاملات کے لحاظ سے سال کا آغاز ان تعلقات کی موافقت میں ہوگا۔ جو پہلے سے قائم ہیں۔ دوست، بہن بھائیوں کے ساتھ زائد سکون اور خوشی کے احساس کی نشاندہی ہو رہی ہے۔ جب کہ وہ افراد جن کے محبت کے معاملات کسی بندھن میں بندھنے جا رہے ہیں ایسا ۱۳ مارچ کے بعد موقع آئے گا جب دلوی والوں کی نسبت یا شادی ہو جائے گی۔ ۲ اپریل کو زہرہ بہت باقوت ہوگا اور زہرہ مریخ سے باقوت نظر قائم کرے گا۔ غیر شادی شدہ افراد کے لئے یہ نظر مثالی ساتھی سے ملاقات کی نشاندہی کر رہی ہے۔ جب کہ دلو سے متعلقہ بعض افراد کی کسی ایسی شخصیت سے ملاقات ہوگی۔ جسے وہ ماضی میں بہت پسند کرتے تھے یا کوئی ایسا تعلق جسے کچھ عرصے قبل ختم کرنا پڑا تھا۔ وہ اب دوبارہ قائم ہو جائے گا۔

۱۱ جولائی کو عطارد مریخ کی سعد نظر قائم ہوگی۔ یہ نظر محبت کے معاملات، کاروباری تعلق، کیریئر کے لحاظ سے اہمیت کی حامل ثابت ہوگی۔ اس وقت اگر کوئی کاروباری یا سیاسی شخص زندگی میں داخل ہوا تو زندگی پر اس کا گہرا اثر مرتب ہوگا۔ اکثر دلوی افراد کے لئے جولائی کا آخر قریبی تعلقات کے لحاظ سے فیصلہ کن ماہ ہوگا۔ آپ کی ملاقات یا تو کسی انتہائی موزوں شخصیت سے ہو جائے گی یا آپ موجودہ تعلق ہی کو مستقل اور دیرپا بنانے کا فیصلہ کر لیں گے۔

۱۱ ستمبر کو زہرہ پلوٹو کی تربیع ہوگی جس سے محبت کے معاملات کے لحاظ سے غیر یقینی صورتحال کا سامنا کرنا ہوگا۔ زہرہ ۲۴ ستمبر سے ۱۸ اکتوبر تک وتد السماء پر رہے گا کیریئر، جاہ طلبی کے معاملات میں لوگوں کی باتوں کو نوٹ کریں۔ خوشامدی افراد آپ سے آگے نکل جائیں گے۔

ستارہ زہرہ ۱۳ نومبر کو بارہویں گھر میں آ جائے۔ یہ محبت اور شادی کے معاملات میں دھوکہ دے گا۔ وہ لوگ جو سب سے زیادہ ہمدردی کریں گے وہ حاسدی لوگ آپ کی رشتہ داری اور تعلق کو خراب کریں گے۔ لوگ فوری دشمنی پر اتر آئیں گے۔ ایسا نومبر کے وسط سے شروع ہوگا۔ اس لیے ساری باتیں معلوم ہونے کے باوجود خاموشی اختیار کریں۔

یورنس سارا سال تیسرے گھر میں رہے گا۔ ۳۰ جولائی سے ۲۹ دسمبر تک رجعت رہے گی۔ لہٰذا روزمرہ سرگرمیوں میں تبدیلی آئے گی۔ آپ زیادہ خودمختار ہو جائیں گے اور پچھلے چند ماہ سے جن دلچسپیوں کو ترک کرنا پڑا تھا۔ انہیں دوبارہ شروع کرنے کا موقع ملے گا۔ ۶، ۲۷ فروری کو تسدیس اور یکم اپریل کو یورنس وعطارد کا قران ہوگا۔ اس وقت کسی بزرگ یا کسی عجیب وغریب شخص کے دیئے ہوئے مشورے یا نصیحت پر سنجیدگی سے غور کریں۔ کیونکہ اس مشورے کی روشنی میں کسی تخلیقی دلچسپی یا کیریئر سے متعلقہ حالات کا بہتر طور پر جائزہ لے سکیں گے اور یہ فیصلہ کر سکیں گے کہ کیا کرنا ہے۔ اس وقت کوئی اتفاقیہ جملہ یا مطالعہ بھی غیر معمولی رہنمائی کر سکتا ہے۔ تاہم ۱۱ جولائی اور ۷ اگست کو غلط معلومات کی وجہ سے دھوکہ کھا سکتے ہیں کیونکہ ان دنوں نپچون اور یورنس عطارد کے ساتھ غیر موافق نظرات قائم کریں گے۔ لہٰذا ان دنوں دوسروں پر بھروسہ کرنے کے بجائے خود معلومات حاصل کریں اور جو افواہیں سنیں ان پر بھی یقین نہ کریں۔

حوت

2016 کے امکانات

والوں کے لئے جن کی پیدائش فروری ۲۰ سے ۲۰ مارچ کے درمیان ہے یا

جن کے نام کا حرفِ اوّل۔ د۔ چ ہے

ستمبر تک مشتری طالع کے مقابل رہے گا۔ طالع کے مقابل آنے سے ہم آہنگ تعلقات رکھے گا۔ شمس ومشتری کے موافق نظرات مادی کامیابی لاتے ہیں۔ یہاں موجودگی کے دوران وہ شراکتی معاملات کی موافقت میں ہوگا۔ خاص طور پر ان حوتی افراد کو فائدہ پہنچائے گا۔ جن کے کام کا تعلق تعلیمی یونیورسٹی اور ریسرچ سے ہے۔ گھریلو وکاروباری معاملات اور جائیداد کے معاملات کی موافقت میں ہوگا اور عام معاملات میں خوش بختی حاصل ہوگی۔ ۹ ستمبر کو جب یہ برج میزان میں داخل ہوگا۔ تب اس کے وسعتی اثرات مزید کھل کر سامنے آ جائیں گے۔

زہرہ ۲۴ جنوری کو گیارہویں گھر میں آئے گا تو ۶ فروری کو پلوٹو سے قران، ۷ کو یورنس سے تربیع ہوگی۔ دوستوں کے ذریعے محبت کے معاملات میں سخت کشیدگی پائی جائے گی۔ اہم تعلق کسی کی غلط بیانی کی وجہ سے ٹوٹ جائے گا۔ یا پھر ۱۰ فروری کی زہرہ مشتری کی تثلیث کسی مشترکہ منصوبے میں اہم پیش رفت کامیابی سے ہمکنار کرے گی۔

زہرہ ۱۳ مارچ کو طالع میں آئے گا۔ یہاں موجودگی کے دوران شخصیت کو پُرکشش بنائے گا اور مقبولیت میں اضافہ کرے گا۔ ۱۳-۱۱ اپریل کو خاص طور پر ایسا ہوگا کیونکہ اس دن زہرہ مریخ سے تثلیث کی نظر قائم کرے گا۔ زہرہ ۶ اپریل کو خانہ مال میں داخل ہو جائے گا۔ جہاں یہ یکم مئی تک رہے گا۔ یہاں موجودگی کے دوران یہ مالی معاملات کی موافقت میں ہوگا۔ زائد نقد روپیہ ہاتھ میں رہے گا۔ اگر کوئی چیز اچھی قیمت پر بیچنا چاہ رہے ہیں تو اپریل کے آخری دو ہفتے مثبت اور فوری نتائج لائیں گے۔ یکم مئی کو شمس پلوٹو سے سعد نظر قائم کرے گا۔ چنانچہ اس تاریخ کو یا اس کے قریب قریب مالی فائدے، معاہدے اور اہم تعلقات کی نشاندہی ہو رہی ہے۔ زہرہ ۱۰ مئی کو تیسرے گھر میں مشتری سے تثلیث بنائے گا۔ جس سے کوئی تحفہ یا بونس ملنے کی نشاندہی ہو رہی ہے۔ جن افراد کی سالگرہ اس تاریخ کے آس پاس ہے۔ انہیں خوشگوار قسم کی تعجب انگیز باتوں کے لئے تیار رہنا چاہئے۔ محبت کے معاملات کے لحاظ سے ۱۳، ۱۱۸ اپریل، ۱۴ مئی، ۱۲ جون، ۲، ۷، ۲۰ جولائی، ۷، ۱۹ ستمبر، ۲۶ اکتوبر، ۵ نومبر، ۲۵ دسمبر خاص طور پر موافق تاریخیں ہوں گی۔

زہرہ ۲۰ جولائی کو زحل سے سعد نظر قائم کرے گا۔ چنانچہ جولائی کا پہلا ہفتہ اکثر حوتی افراد کے لئے محبت سے متعلقہ خواہشات اور امیدوں کی تکمیل لائے گا۔ غیر شادی شدہ حوتی افراد جس شخص سے شادی کے خواہاں ہیں۔ ان کے لئے جولائی کے پہلے ہفتے میں رونما ہونے والے حالات خوش کن ثابت ہوں گے۔

صحت کے معاملات کے لحاظ سے شروع اپریل، جولائی اور اکتوبر احتیاط کا متقاضی ہوگا۔ اس وقت ۲۲ مئی کو شمس زہرہ کی مریخ سے مقابلہ کی نحس نظر قوت حیات میں کمی کی نشاندہی کر رہی ہے۔ اگر آپ کے بچے ہیں تو وسط جون کے قریب قریب کسی ایک کی طبیعت کچھ ٹھیک نہیں ہوگی۔ تاہم پریشانی والی کوئی بات نہیں ہوگی۔

زہرہ ۶ اگست کو طالع کے مقابل گھر میں داخل ہوگا۔ اس دوران زہرہ ۱۳ اور ۱۴ اگست کو زحل سے تربیع، نپ چون سے مقابلہ کی نظر بنائے گا۔ گھر میں بڑی تبدیلی آئے گی۔ اپنے ہی لوگ گھر برباد کرنے کی کوشش کریں گے۔ کھلی دشمنی کا

Scanned by CamScanner

اظہار کیا جائے گا۔ شراکت دار دھوکہ دے گا۔ اس دوران اپنے اثاثے 'شیئرز' بانڈز کی حفاظت کریں۔ چوری یا چھن جانے کا امکان ہے یا کوئی شخص کسی وعدے کی بنا پر لے جائے گا جس کی واپسی نہیں ہوگی۔

۹ مارچ کا سورج گرہن جو طالع میں لگے گا وہ بھی جذباتی لحاظ سے اداسی اور مایوسی کی کیفیت پیدا کرے گا۔ اس وقت آپ سب سے الگ تھلگ رہنا چاہیں گے۔ مگر یہ خواہش پوری نہیں ہو سکے گی۔ اگر یہ محسوس ہو کہ حال ہی میں تناؤ پیدا کرنے والے بعض عوامل کی وجہ سے آپ کی یہ حالت ہے تو اب وقت آ گیا ہے کہ زندگی کو از سر نو اس طرح ترتیب دیں کہ اپنی ذات کے لئے آپ کے پاس زیادہ وقت ہو۔ ۱۱' ۱۵' ۲۳ مارچ کو دفتر یا کام کی جگہ حادثے کا اندیشہ ہے۔ لہٰذا احتیاط رہیں۔

زحل شروع سال سے وتد السماء پر قدم جما چکا ہے۔ اس دوران زندگی کے عملی معاملات پر بے انتہا قوت اور توجہ صرف کی ہوگی۔ دراصل کیریئر کے معاملات ہی بنیادی توجہ کا مرکز رہے ہوں گے۔ جس کی وجہ سے بعض اوقات بے پناہ دباؤ کے تحت کام بھی کر رہے ہوں گے۔ لیکن اب مستقبل قریب میں کوششوں کا اجر ملنے کی توقع رکھیں۔ زحل ۲۵ مارچ سے ۱۳ اگست تک رجعت کی حالت میں ہوگا۔ مستقیم ہونے کے بعد اس تاریخ کے قریب رونما ہونے والے حالات کے نتیجے میں موجودہ مقاصد کے لحاظ سے بے حد مصروفیت سے واسطہ پڑے گا۔ زحل کی وتد السماء پر موجودگی کی وجہ سے اس وقت از سر نو ترتیب کی ضرورت ہوگی۔ مقصد کو آگے بڑھانے کے سلسلے میں سوچ اور ارادوں میں بہت شدت آ جائے گی۔ اس تمام سرگرمی کے نتیجے میں مالی حالت میں بہتری آئے گی اور مالی لحاظ سے زائد استحکام کا احساس پیدا ہوگا۔ زحل ۹ جنوری' ۶' ۱۵' ۲۵ مارچ' ۲۶ مئی' ۳' ۴' ۱۸' ۲۰ جون' ۶' ۱۳' ۲۴' ۱۲۴ اگست' ۲ ستمبر' ۱۳۰ اکتوبر' ۲۳ نومبر' ۱۰ دسمبر کو نحس نظرات بنائے گا۔

مریخ ۴ جنوری سے نویں گھر پر ہوگا۔ ۶ مارچ کو برج قوس میں داخل ہوگا جہاں اسے ۱۷ اپریل کو رجعت ہوگی اور ۲۹ مئی کو واپس برج عقرب میں داخل ہوگا۔ ۳۰ جون کو اسے استقامت ہوگی۔ ۱۳ اگست سے ۲۸ ستمبر تک برج قوس میں رہے گا۔ مریخ شروع سال سے طالع کی موافقت میں ہوگا۔ چنانچہ طویل المعیاد منصوبوں کو آگے بڑھانے اور زندگی کے متعلق زیادہ مہم جو رویہ اختیار کرنے کی ترغیب ملے گی۔ اس وقت آپ جو بھی اہم قدم اٹھائیں گے۔ اس کے بہترین نتائج برآمد ہوں گے۔ اگر اپنی گھریلو زندگی کو از سر نو ترتیب دینا یا ایسی دلچسپی اختیار کرنا چاہتے ہیں جس کے ذریعے ہم خیال لوگوں سے رابطے کا موقع ملے تو یہ وقت خاص طور پر موافق ثابت ہوگا۔ تاہم ۷ فروری کو مریخ مشتری و زہرہ سے باقوت نظر بنائے گا ان دنوں میں صرف فوری ضرورت کے معاملات پر ہی توجہ دیں۔ ۱۷ جولائی کو مریخ شمس سے تثلیث' ۱۹ کو عطارد زحل کی تثلیث' ۲۰ کو زہرہ زحل کی تثلیث' ۲۷ کو عطارد یورنس کی تثلیث ہوگی۔

مریخ ۳ جولائی کو ۱ بجے میں وتد السماء پر آ جائے گا۔ اس گھر میں وہ ۲۸ ستمبر تک رہے گا۔ مریخ کیریئر' پیشہ وارانہ معاملات' کاروباری اور مرتبے و حیثیت میں ترقی لائے گا۔ جس کے نتیجے میں آنے والے مہینوں میں مالی معاملات میں بہت بہتری آئے گی۔ مگر اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ ترقی کی راہ میں کوئی رکاوٹ پیش نہیں آئے گی۔ بعض اوقات معاملے ایسے بھی ہوں گے کہ جب جوش و خروش نقصان دہ ثابت ہوگا۔ ۲۴' ۲۶' ۱۲ اگست کو خاص طور پر محتاط رہیں۔ اس وقت جو پیشکش ہو یا آگے بڑھنے کے لئے جو موقع بھی میسر آئے۔ اس کے متعلق بہت محتاط انداز میں غور کریں۔ اگر کوئی شک ہو تو سوچنے کے لئے مزید وقت لیں اور صرف جانے پہچانے راستے پر ہی چلیں۔

مشتری شروع سال سے ۹ ستمبر تک مشترکہ مالی معاملات سے متعلقہ گھر میں ہوگا۔ اس گھر میں مشتری کی موجودگی نہ صرف یہ کہ ذاتی مالی معاملات کی موافقت میں ہوگی بلکہ مشترکہ مالی معاملات طویل المیعاد اور ٹھوس بنیادوں پر قائم مالی معاملات کی موافقت میں بھی ہوگی۔ اپریل کے آخری ہفتے میں کواکب سعد نظرات بنائیں گے تو اہم کاروباری معاملات' قرضے کے حصول کے لئے بات چیت یا سرمایہ کاری کے معاملات کی از سر نو تنظیم کے لحاظ سے بہت موافق ثابت ہوگا۔ شروع سال میں اگر مالی تنگی کا سامنا رہا ہے تو مشتری کے مستقیم ہونے کے بعد وسط مئی یا اس کے قریب قریب رونما ہونے والے حالات مالی پریشانیوں کا خاتمہ کر دیں گے اور حالات میں آسانی پیدا کریں گے۔ مشتری اس سال ۸ جنوری سے ۹

مئی تک رجعت میں رہے گا۔

مشتری ۱۶ اکتوبر کو مریخ سے تربیع بنائے گا۔ یہ وقت ایسے مالی مسائل لائے گا۔ جن کی طرف فوری توجہ دینی پڑے گی۔ مالی معاملات کے لحاظ سے اس وقت زیادہ مطمئن نہ ہو جائیں اور اگر کاروباری منصوبے کو کسی نوعیت کی از سر نو ترتیب کی ضرورت ہو تو اس وقت بے صبری بھی اختیار نہ کریں۔ اس وقت مختصر راستہ اختیار کرنے کی شدید خواہش پیدا ہوگی۔ جو طویل مدت میں نقصان دہ ثابت ہوگی لہٰذا جلد بازی ہرگز نہ کریں۔ نومبر کا شروع مشترکہ مالی معاملات کے لحاظ سے خاص طور پر موافق ثابت ہونگے۔ پیشہ وارانہ معاہدات کے لئے ۱۵ جنوری' ۱۰ فروری' ۱۳' ۱۴' ۲۹ مارچ' ۱۵ جولائی' ۲۱ ستمبر' ۹ نومبر موافق تاریخیں ثابت ہونگی۔

اکثر حوتی افراد کے لئے ۹ ستمبر کے بعد آٹھویں گھر میں رونما ہونے والے واقعات گھریلو حالات میں تبدیلی کا باعث بنے گا۔ شمس مشتری کا قران اہم موڑ ثابت ہوگا۔ وہ لوگ جو گھر تبدیل کر رہے ہیں یا موزوں گھر کی تلاش میں ہیں۔ قسمت ان کا ساتھ دے گی۔ ایسا خاص طور پر ستمبر کے آخری ہفتے میں ہوگا۔ ۱۱۵ اکتوبر کو شمس و یورنس کی غیر موافق نظر قائم ہو گی۔ اس کے نتیجے میں غیر متوقع حالات کا سامنا ہوگا اور حالات میں خوش قسمتی کے بجائے اچانک گھریلو پریشانی لے آئے گی۔

سفر کے معاملات کے لحاظ سے ۶ فروری' ۱۴ اپریل' ۲۲ نومبر اہمیت کی حامل ہوگی۔ اس دن عطارد مشتری سے سعد نظر قائم کرے گا۔ جس سے خوش کن خبریں ملنے کی نشاندہی ہو رہی ہے۔ اس وقت کسی سفر یا ملاقات کے ذریعے خوش بختی سے واسطہ پڑے گا۔ نیز جن لوگوں سے ملاقات ہوگی وہ آپ کی زندگی اور سوچ کو بہتر بنانے میں مددگار ثابت ہوں گے۔ عطارد کو ۵ سے ۲۶ جنوری تک رجعت رہے گی۔ سفر کے لحاظ سے یہ اوقات غیر موافق ہوں گے۔ ان دنوں تاخیر التواء اور پیچیدگیوں سے واسطہ پڑے گا۔ عطارد کے مستقیم ہونے کے بعد دوستوں کے ہاں آنا جانا رہے گا اور تعلیمی سرگرمیوں میں حصہ لیں گے۔ سفر کے لحاظ سے مارچ کا مہینہ بہت خوش قسمت رہے گا۔ عطارد ۶' ۲۵' ۲۷ فروری' ۲۵' ۳۰ مارچ' ۱۲' ۱۴' ۱۷ اپریل' ۳۱ مئی' ۲۷ جون' ۵' ۸' ۱۱' ۱۷' ۱۹' ۲۷ جولائی' ۶' ۱۱۱ اگست' ۲۳ ستمبر' ۱۳۰ اکتوبر' ۳' ۱۵' ۲۲' ۲۶ نومبر' ۱۰ دسمبر کو سعد نظرات بنائے گا۔

عطارد ۳۰ جون سے ۱۴ جولائی تک پانچویں گھر میں رہے گا۔ اندیشہ ہے کہ اس وقت آپ کے غلط اندازے آپ کی نیک نیتی سے کی گئی کوششوں کو نقصان پہنچائیں گے یا غلط فہمیوں کا سبب بنیں گے۔ ۲۰ جون کو عطارد زحل کا مقابلہ ہوگا۔ بچوں کی خواہشیں والدین کے لیے پریشانی کا باعث بنیں گی۔ دوست جو بنیں گے وہ ذہنی سطح سے گرے ہوئے ملیں گے۔ اس وقت ہر طرح کی سرمایہ کاری اور انعامی اسکیم میں روپیہ نہ لگائیں۔ ۳۱ جولائی کو عطارد طالع کے مقابل آ جائے گا۔ نئے تعلقات اور نئی دوستیاں بنیں گی۔ رشتہ داروں کے ہاں آنا جانا رہے گا۔ عطارد یورنس کی تثلیث موقع فراہم کرے گی کوئی شخص آپ کی مدد کرے گا جس سے مالی پریشانی دور ہوگی۔ عطارد طالع کے مقابل ۳۰ اگست سے ۲۲ ستمبر تک رجعت میں رہے گا۔ عطارد ۳۰ جنوری' یکم فروری' ۵' ۱۱' ۱۵ مارچ' ۹' ۲۰' ۲۳ جون' ۷' ۳۰ جولائی' ۷' ۲۲ اگست' ۱۱' ۱۴' ۱۶' ۲۰' ۲۷ اکتوبر' ۱۸' ۲۳ نومبر کو غیر موافق نظرات بنائے گا۔

عطارد ۱۲۵ اکتوبر سے نویں گھر میں داخل ہوگا۔ جہاں عطارد قانونی اور آفیشل معاملات کی موافقت میں ہوگا۔ اس بات کی نشاندہی ہو رہی ہے کہ طویل عرصے سے موجود کوئی مسئلہ اس ماہ حل ہو جائے گا۔ جس کی وجہ سے زیادہ آزادی اور سکون کے ساتھ مستقبل کی منصوبہ بندی کر سکیں گے۔ ان دنوں ذاتی اور مشترکہ مالی مفادات سے متعلق معاملات زیادہ حوصلہ افزا نہ ہونگے۔ معاملات آہستہ روی کا شکار ہونگے۔

قریبی افراد کے ساتھ سیر و تفریح کے ساتھ سوشل سرگرمیوں میں حصہ لیں۔ آپ کی غیر حاضر دماغی کی وجہ سے کچھ مسائل پیدا ہوں گے۔ نیز بعض معاملات کو آگے بڑھانا مشکل ہوگا۔ تاہم پس پردہ رونما ہونے والے حالات کی وجہ سے معاملات کو آگے بڑھانا ناممکن ہوگا۔

Scanned by CamScanner

علم النقوش پر جامع اور مستند کتاب

عامل کامل (حصہ دوم)

علم الواح ☆ علم تکسیر اعداد ☆ وفق اعداد ☆ علم النقوش

مع خواص ☆ وضع اور قواعد معہ امثال

اب تک علمی طور پر اس موضوع پر ایسی جامع کتاب شائع نہیں کی گئی۔ جس سے یہ معلوم ہو کہ یہ علم کیسے کام کرتا ہے۔ عمل کیسے وضع کیا جاتا ہے اور کیسے مختلف مقاصد کا مخصوص نقش بنتا ہے۔

- ⊛ مثلث کہاں کام کرتی ہے۔ مربع کہاں' مخمس کہاں' غرضیکہ ہر نقش کے متعلق یہ ظاہر کیا گیا ہے کہ مقصد کے موافق چال کونسی ہے اور نقش کونسا ہے۔
- ⊛ ہر قسم کے نقش پر کرنے کے طریقے' مخصوص دور اور مخصوص مقاصد کے لئے وضعی اعداد یہ تمام طریقے کسی اور کتاب میں نہ مل سکیں گے۔ یہی نقوش کے راز ہیں۔
- ⊛ وہ راز جس سے نقش کے اندر اسم' آیت' مقصد اور نام طالب و مطلوب قائم ہو جائیں۔
- ⊛ نقوش کے موکلات' اسمائے الٰہی' اعوان اور عزیمت بنانے کے قواعد۔
- ⊛ طریقہ زکات و اصلاح عددین۔
- ⊛ مثلث' لوح سلیمانی' مثلث ہندی' مثلث دو پایہ' مربع' مخمس' مسدس' مربع' عشر' اثنا عشر' صد در صد نقوش' ان کی چالیس' خواص اور عملیات۔
- ⊛ اعمال وحب و بغض' حاضری مطلوب' ترقی' سربلندی' حصول رزق' امراض وغیرہ کی الواح تیار کرنے کے طریقے' اسمائے الٰہی کی الواح اور ان کے فوائد۔
- ⊛ مخصوص اوقات کے مخصوص اور سریع التاثیر درجات۔

صفحات ۲۸۰* ابواب ۱۸* عملیات وقواعد ۵۲۹ ⊛

ہدیہ =۵۵۰ روپے* محصول ڈاک =۵۰ روپے

اوراق پبلشرز کراچی

مشہور ہے کہ عمل تسخیر مثل اکسیر نایاب ہے۔ یہ بالکل صحیح ہے۔ لیکن عاملان جفر نے لوح تسخیر کے ذریعہ لوگوں کے دلوں پر حکومت کی ہے بڑے بڑے جلیل القدر بادشاہوں نے اس نقش معظم کے ذریعہ بادشاہت حاصل کی تھی۔

لوح تسخیر

تسخیر خلق' تسخیر حکام' تسخیر دشمن' تسخیر مستورات معظمہ' تسخیر محبوب و مطلوب' تسخیر امراء وزراء کے لئے تیار کی جاتی ہے۔ اگر ترقی یا مناسب عہدہ کی خواہش پوری نہیں ہوتی۔ یا ملازمت کے حصول کے لئے یا کسی درخواست کی منظوری کے لئے تسخیر حکام کی ضرورت ہے۔ اگر کسی دشمن کی تسخیر یا کسی مخالف کی اطاعت منظور ہے۔ اگر کوئی رشتہ دار یا عزیز کہنا نہیں مانتا۔ اگر کوئی روٹھ کر چلا گیا ہے یا روپوش ہو گیا ہے۔ اگر کسی سے ناچاکی ہے۔ اگر اردگرد کے حلقہ میں کوئی آپ کی عزت نہیں کرتا۔ اگر کسی مطلوب کو بے دام غلام بنانا ہے۔ اگر محبوب بے رخی سے پیش آتا ہے۔ اگر مطلوبہ جگہ رشتہ نہیں ہوتا' یا ہو ہو کر ٹوٹ جاتا ہے۔ لڑکا لڑکی بن بیاہی رہ گئی ہے تو

لوح تسخیر

آپ کی کامیابی کی ضامن بنے گی

یہ ایک پر تاثیر اور چلتا ہوا عمل ہے۔ جو میرا خاص معمول اور میرے بزرگوں کا عطیہ ہے۔ لاتعداد بندگان خدا فیضیاب ہو چکے ہیں۔ تیس سال سے میری یہ محنت میرا افتخار ہے۔ آپ کو جب ضرورت پڑے فائدہ اٹھایئے۔ ہدیہ نیاز و زکات موکلات تسخیر عام کے لئے اور تسخیر خاص کے لئے دفتر سے معلوم کریں۔ تسخیر عام کی صورت میں نام معہ والدہ اور مقصد لکھیں۔ تسخیر خاص کے لئے نام طالب و مطلوب معہ والدہ ہو۔ اگر مطلوب حاکم ہو تو نام معہ عہدہ لکھیں۔ فوری روانگی کے لئے مجبور نہ کریں۔ مخصوص وقتوں میں تیار کیا جاتا ہے۔ جواب طلب امور کے لئے جوابی امور کے لئے جوابی لفافہ لکھیں۔ تمام حالات صغیۂ راز میں رہیں گے۔ ہدیہ ہر حالت میں پیشگی بذریعہ منی آرڈر آنا چاہئے۔

مینجر روحانی دنیا کراچی ۷۴۸۰۰

Naqeebi Sahab

Scanned by CamScanner

تحویل آفتاب عالمتاب سال ۲۰۱۶ء

حکمائے اہل یونان نوروز اس دن کو کہتے ہیں جب کہ آفتاب بارہ بروج کا دورہ طے کرنے کے بعد برج حمل کے نقطہ اول میں داخل ہوتا ہے۔ اس وقت دن اور رات برابر ہوتے ہیں۔ منجم لوگ اس وقت حساب کر کے زائچہ بناتے ہیں اور سالانہ حساب تیار کرتے ہیں اس برج میں آفتاب کو ۱۹ درجہ پر شرف حاصل ہوتا ہے۔ اس شرف میں کاملان جعفر مختلف اعمال تسخیر خلق، عروج و ترقی اور بلندی مرتبت کے تیار کرتے ہیں۔ اس تحویل کے بعد فصل ربیع کی ابتداء ہوتی ہے اور پہلی سہ ماہی کا ملکی زائچہ تیار کیا جاتا ہے۔



تحویل کا وقت تو اللہ ہی بہتر جانتا ہے لیکن انسانی حساب کی باریکیاں جہاں تک حد تحریر میں لا سکتی ہیں وہ یہ ہے کہ پاکستان کے مروجہ وقت کے مطابق اس سال ۲۰ مارچ کو ۹ بجکر ۲۹ منٹ ۳۶ سیکنڈ صبح شمس برج حمل میں تحویل ہو رہا ہے اس کا زائچہ یہ ہے۔ اس سال برج ثور تحویل کے وقت طلوع ہو رہا ہے۔ زائچہ میں کواکب اس طرح ہیں۔

طالع میں کوئی ستارہ نہیں ہے۔ دوسرے اور تیسرے گھر میں کوئی ستارہ نہیں ہے۔ چوتھے گھر میں قمر ہے یورنس سے تثلیث بنا رہا ہے۔ پانچویں گھر میں مشتری ہے جو بحالت رجعت زحل سے تربیع اور پلوٹو سے تثلیث بنا رہا ہے۔ چھٹے گھر میں کوئی ستارہ نہیں ہے۔ ساتویں گھر میں کوئی ستارہ قابض نہیں ہے۔ آٹھویں گھر میں زحل اور مریخ موجود ہیں زحل یورنس سے تثلیث بنا رہا ہے۔ نویں گھر میں پلوٹو ہے۔ گیارہویں گھر میں زہرہ' عطارد اور نپ چون موجود ہیں' زہرہ مریخ سے تربیع اور نپ چون سے قران کر رہا ہے۔ بارہویں گھر میں شمس اور یورنس موجود ہیں شمس عطارد سے قران اور مریخ سے تثلیث بنا رہا ہے۔

اس سال عوام الناس کے لیے ملکی اندرونی حالات میں بہتری آئے گی۔ طالع کا حاکم زہرہ مریخ سے تربیع بنا رہا ہے جس سے لوگوں میں خواہشات کے انبار لگ جائیں گے۔ دوستی کے معاملات میں دھوکہ دینا اور بے عزت کر دینا کوئی برائی نہ سمجھی جائے گی۔ لوگوں کی زندگی میں بڑی تبدیلی آئے گی۔ لوگ دنیاوی کاموں میں مشغول رہیں گے۔ زحل حالت اوج میں ہوگا رزق بہت ہوگا اور خیر و برکت رہے گی۔ زحل یورنس کی تثلیث سے فتنہ و فساد کم ہونے کا امکان ہے امراض میں کمی آئے گی۔ بین الاقوامی معاملات میں کشیدگی اور مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا تاہم مشکلات بڑے اچھے انداز میں حل ہو جائیں گے۔

آٹھویں گھر میں زحل اور مریخ ہیں جس سے بڑے حادثات رونما ہوں گے۔ آگ لگنے' طوفانی ہوائیں اور زلزلہ سے کثرت اموات ہونگی۔ مشتری رجعت اور حالت وبال میں زحل سے تربیع بنائے گا۔ حکومتی تحویل میں اثاثہ

جات میں بڑے پیمانے پر خرد برد کا انکشاف ہوگا۔ روحانی علوم کے ذریعے لوگوں کو دھوکے دیئے جائیں گے۔ امراء اسکینڈل کا نشانہ بنیں گے یا کسی اہم مذہبی یا عوامی فرد کا زوال آئے گا۔ پارلیمنٹ کے اراکین میں مختلف امور میں اختلاف رائے ہوگا لیکن افہام و تفہیم کے ساتھ معاملات طے پا جائیں گے۔ ناجائز بچوں کی اموات بہت ہونگی۔ اثاثے اور جائیدادیں بچوں تعلیمی سرگرمیوں کے ذریعے بنائیں جائیں گے۔ بچوں کی بہبود کی طرف زیادہ توجہ دی جائے گی۔ اسٹاک مارکیٹ میں تیزی آئے گی۔ جس سے اقتصادی حالت پچھلے سالوں کی نسبت بہتر رہے گی۔ جن ممالک کا برج سنبلہ ہے انہیں اقتصادی معاملات میں کشیدگی اور ابتری پائی جائے گی۔ اس سال فصل کپاس اچھی ہوگی اور مویشیوں کی پیدائش زیادہ ہوگی۔ اس سال زمینی حقائق میں بڑی تبدیلی آئے گی۔

جیلوں اور ہسپتالوں کو بہتر بنانے کے لیے موثر اقدامات کیے جائیں گے اور ترقی دی جائے گی۔ کاروباری لوگ اس سال خوش حال ہونگے۔ زہرہ نپ چون کا قران گورنمنٹ سیاسی معاملات کو سلجھانے میں کامیاب رہے گی۔ بیرون ملک حکومتوں سے تعلقات کار بہتر رہیں گے۔ لوگوں میں نفسیاتی امراض کا اضافہ ہوگا۔ شراب نوشی اور رقص و موسیقی کی محفلوں میں اضافہ ہوگا۔

یہ سال پچھلے سالوں کی نسبت ترقی پذیر ثابت ہوگا اور جو اصطلاحات ہونگی وہ عملی طور پر بروئے کار لائی جائیں گی۔ اقتصادی معاملات' بجلی کے شعبوں' دہشت گردی' علاقائی سرحدوں کے بحران سے نکلنے کے لیے جو بھی اقدامات کیے جائیں گے وہ موثر ثابت ہونگے۔ اس سال بھی سردی اور برف باری بہت ہوگی۔

اعداد متحابہ کے سری قوانین کے نادر عملیات

جذب القلوب

اعداد کی قوت جاذبہ اور ان کی طلسمی قوتیں محبت' جذب اور حاضری مطلوب کے اعمال اس کتاب میں علم جفر کے مشہور قانون اعداد متحابہ کا حسابی نظام اور ان کے عملیات درج کئے گئے ہیں۔ جس طرح مقناطیس لوہے کو کھینچتا ہے اسی طرح اعداد متحابہ میں انسانی قلب کو کھینچنے کی قوت ہے یہ جاننا کہ دو اعداد میں قوت کشش کتنی ہے؟ اور کشش ہے بھی یا نہیں!

کون اعداد طالب ہیں' کون مطلوب' معشوق کے اعداد کو عاشق کیسے کیا جاتا ہے۔ مغلوب اعداد کو غالب کیسے کیا جاتا ہے۔ وہ کونسے اعداد ہیں جو قلب انسان کو متوجہ کرتے ہیں اور ان سے کام لیا جاتا ہے۔ جب آپ محبت یا حاضری مطلوب کا نقش بنائیں تو یہ معلوم کریں کہ ان کے اعداد میں قوت ہے یا نہیں۔ اگر نہ ہوگی تو آپ کا عمل ضائع ہو جائے گا۔

اس کتاب میں صرف محبت اور حاضری مطلوب کے اعمال ہیں اگر آپ نے اس قانون کو سمجھ لیا اور حل کر لیا تو جان لیں کہ مطلوب ایک لمحہ میں حاضر ہوگا۔

قیمت =/۱۵۰ روپے

Scanned by CamScanner

استحکام و جمعیت کی روحانیت، تسخیر سلطنت و فتوحات، ناموری، حکمت اور قیام و استحکام مرتبہ کے لئے مؤثر وقت

۹ جنوری ۲۰۱۶ء

لوح زحل

۱۶ اکتوبر ۲۰۱۶ء

ستارہ زحل کو ترفع اور تنزل سے منسوب کیا جاتا ہے۔ جب یہ سعد ہوتا ہے تو اعلیٰ مرتبہ اور اختیارات دیتا ہے نحس ہونے کی صورت میں مصائب و آلام خوف اور ڈر کا سبق دیتا ہے۔ زحل کی نحوست سے ہر شخص زندگی میں کسی نہ کسی طرح ضرور متاثر ہوتا ہے۔ یاد رکھیئے یہ دنیا اسباب کی ہے۔ ایسا سبب ضرور تلاش کرنا چاہئے جو انسان کو مصائب سے بچائے۔ جہاں انسان ہر جگہ لاچار ہو جائے تو وہاں سبب کو اختیار کرتا ہے وہ سبب روحانی علوم سے استمداد حاصل کرنا ہے۔ ان علوم سے ایسی الواح تیار کی جاتی ہے جو ذرائع اور اسباب لاتی ہیں جس سے بدقسمتی خوش قسمتی میں تبدیل ہو جاتی ہے۔ ان الواح میں سے ایک لوح زحل کی بھی ہے۔ جس کے خواص مندرجہ ذیل ہیں۔

۱۔ نحوست زحل خواہ وقتی ہو یا پیدائشی لوح کی برکت سے رفع ہوتی ہے۔
۲۔ نحوست کے بعد جلد اسباب بنانے کے لئے لوح بے انتہا موثر ثابت ہوگی۔
۳۔ تسلط بر خلق اور استحکام کے لئے کہ تنزلی نہ ہو۔
۴۔ حصول جائیداد یا جن کے پاس جائیداد نہ ٹھہرتی ہو یا زمیندار ہوں اور چاہتے ہوں کہ عزت اور جائیداد کا قیام دیتا ہے۔
۵۔ تعمیر مکان کے وقت اگر بنیاد میں رکھیں تو مضرات سے محفوظ اور مکینوں کے لئے خوشحالی ہو۔
۶۔ خلقت میں ناموری، تسخیر سلطنت، حصول مرتبہ، خلقت پر بزرگی، الیکشن میں کامیابی کے لئے۔
۷۔ وہ کاروباری افراد جن کی بڑی بڑی ملیں یا فرمیں ہیں اور جن کے ماتحت بہت ملازمین کام کرتے ہوں۔ چاہیں کہ قیام مرتبہ اور غلبہ بر خلق رہے۔ یہ لوح موثر ہے۔

اس لوح کو پاس رکھا جائے تو ایک مخفی اثر رکھنے والی باقوت چیز آپ کی زندگی کو بدل دے گی۔ جلد یا بدیر اُس کے اثرات خود دیکھیں گے۔ لازماً دوسروں سے آپ اپنے آپ کو مختلف قوت اور خوشی کا مالک پائیں گے۔ اب تختی کا وقت خصوصاً حمل، ثور، میزان، عقرب کے لئے ہے اُن کو ضرور بنوانا چاہئے۔ باقی لوگوں کو آئندہ کے تحفظ کے لئے ضرور تیار کروانا چاہئے۔

حارث عثمانی البرنی

آپ کی کامیابی کس کام میں ہے؟

حمل : - سپاہی، فوجی، آرگنائزر، سٹاف کا انتخاب کرنے والے، گروپ کے لیڈز، آئرن و اسٹیل کے کاروبار، اعلیٰ پوزیشن پر تعیناتی، گورنمنٹ سروس، سول سروس یا سیاست۔

ثور : - فرم بنانا، روپیہ جمع کرنا، بینکرز، مرچنٹ، آرائش و زیبائش کی اشیاء کے تاجر، تعمیر مکانات، بڑی کمرشل اسکیموں میں حصہ لینے والے، پرفیومری، زیورات، عورتوں کی متعلقہ اشیاء کے کاروبار، زراعت، باغبانی، جانور پالنا، تعلیم میں ڈومیسٹک سائنس، نیچرل ہسٹری ان کے پسندیدہ مضامین ہوتے ہیں۔

جوزا : - لٹریچر، جرنل ازم، اکاؤنٹس، پروفیسری، قانون دانی، یونیورسٹی کے لیکچرر، نشر و اشاعت، طباعت کا کام، معلمی، نیوز رپورٹر، پبلسٹی، ریڈیو ایڈورٹائزنگ، کمرشل آرٹ۔

سرطان : - ہوٹل، ریسٹورنٹ، مایہ اشیاء کے کاروبار، پرچون تجارت، گھریلو استعمال کی اشیاء، لانڈری، شپنگ، داروغہ، کارندہ، کلرک، مالی، قاصد، دودھ کا کام، نرسنگ، لباس تیار کرنا، بچوں کا لباس بنانا، آرٹ، شاعر، مصنف، یہ لوگ ایکٹر اور ایکٹروں کو بہت پسند کرتے ہیں۔ کامرس میں خوب چمکتے ہیں۔ اعلیٰ ڈاکٹر، کامیاب فزیشن اور کیمسٹ ہوتے ہیں عورتیں بہترین نرسیں ہوتی ہیں۔

اسد : - پبلک انسٹی ٹیوشنز، گورنمنٹ کے کام، لیڈرشپ، تجارت کے کسی کام کے ایڈمنسٹریٹر، کونسل کے سرکردہ، وزراء، حکام، ذمہ دار پوزیشن کے لوگ، ایکٹر، ایکٹریس، منیجر، ڈرامائسٹ، تفریحی پروگرام، ڈیکوریشن و ڈیزائن، لباس اور گھریلو فرنیچر کا کام۔

سنبلہ : - ایجنسی چلانا، ڈیپارٹمنٹل اسٹورز، شاپ اسسٹنٹ، خزانچی، ایجنٹ، ٹیکنیشن، سائنٹسٹ کاموں کا حساب رکھنے والے، یہ لوگ اعداد و شمار کے ماہر ہوتے ہیں۔ یا اکاؤنٹس، بک کیپنگ، اسٹاک بروکیج، منتظم۔ شعبہ سائنس میں یہ لوگ میڈیکل پریکٹس کرتے ہیں۔ جرم کا مطالعہ کرتے ہیں۔ پبلک ہیلتھ میں کام آتے ہیں۔ عورتیں اچھی نرس ہوتی ہیں۔ خفیہ تحقیقات، ہسٹری، گورنمنٹ ریکارڈ، ٹیچر اور عالم بہتر رہتے ہیں۔

Scanned by CamScanner

میزان : - فوٹو گرافی، قانون دانی، جج، مجسٹریٹ، آرٹسٹ، پینٹرز، ڈیزائنرز، بلاک میکر، میوزیشن، سینما ڈانسرز، ایکٹر ایکٹریس- گورنمنٹ سروس میں نیوی، کاروبار میں مرچنٹ کامیاب رہتے ہیں- انتخاب کرنا، خرید کرنا، فروخت کرنا، انتظام کرنے کی پوری صلاحیت ان میں ہوتی ہے- پروفیشنل زندگی میں انٹرنیشنل لاء اور سیاست دان-

عقرب : - ڈاکٹر، سرجن، فزیشن، نرس، کیمسٹ، ڈینٹسٹ، حکیم، فلاسفر، پامسٹ، اسٹرولوجر، قیافہ شناس، روحانی علوم کے شائق، کانوں (MINING) کے ماہر انجینئر، جاسوس-

قوس : - ریسلینگ، ریس کے جوکی، ٹرین میں سفر کرنے والے، بک میکرز، فٹ بال و گولف کے کھلاڑی، اسٹیڈیم میں کھیلنے والے، گارڈ، چیکرز، ٹریفک سے متعلقہ، نیوز رپورٹر، قوس والے لوگ ایک جگہ جم کر کام نہیں کر سکتے- گائیڈ، فلاسفر، پبلشرز، ڈرامانسٹ، سیاست دان، ذہنی آدمی، اعلیٰ اخراجات کی اسکیموں میں حصہ لینے والے-

